★ ★ ★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★ ★ ★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر: 15 | اتوار 30 مارچ 2025ء 29 رمضان المبارک 1446ء 16 چیت 2081 ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ: 152

بھارت اقلیتوں حقوق کا علمبردار بننے کے قابل نہیں: ترجمان دفتر خارجہ

پاکستانی ریاستی ادارے پالیسی کے طور پر اقلیتوں کے تحفظ کے لیے فعال کردار ادا کرتے ہیں

بھارت میں اقلیتوں کے خلاف نفرت، امتیازی سلوک اور تشدد کو منظم طور پر ہوا دینے کے واقعات دستاویزی شکل میں موجود ہیں

اسلام آباد (یو این پی) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ بھارت اقلیتوں کے حقوق کا علمبردار بننے کے قابل نہیں، کیونکہ وہ خود ان حقوق کی تسلسل سے خلاف ورزی کرتا آ رہا ہے، پاکستان میں ریاستی ادارے پالیسی کے طور پر اقلیتوں کے تحفظ کے لیے فعال کردار ادا کرتے ہیں۔ ترجمان نے بھارتی وزیر خارجہ کے

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیر برائے کشمیری امور انجینئر امیر مقام ملاقات کر رہے ہیں

تمام اہل اسلام کو عید کی خوشیاں مبارک
رانا تنویر حسین
وفاقی وزیر صنعت و پیداوار
رانا طاہر اقبال
(ایم پی اے صوبائی اسمبلی)
حکیم محمد سلیم اللہ
میاں عمران علی اشرف
سابقہ چیئرمین شرقپور شریف
شیخ ماجد اقبال
صدر انجمن تاجران کمیٹی بازار شرقپور شریف
رانا اسلم
عتیق عبداللہ
محمد خان
ملک کاشف
افتخار احمد بھٹی
شوکت علی بھٹی
ملک شوکت گجھہ
شیخ بابر قصوری
شیخ فیضان
قاضی حتشام عارف
شیخ ماجد اقبال (صدر انجمن تاجران کمیٹی بازار شرقپور شریف) کی جانب سے تمام اہل اسلام کو عید کی خوشیاں مبارک!

میاں وقاص رشید روزنامہ قوت
چیئرمین جرنلسٹ پریس کلب تحصیل رپورٹر شرقپور شریف
محمد خضر حیات راجپوت نامہ نگار روزنامہ قوت
سیکرٹری نشرواشاعت جرنلسٹ پریس کلب تحصیل شرقپور شریف
Eid-ul-Fitar Mubarak
چیئرمین جرنلسٹ پریس کلب اور سیکرٹری نشرواشاعت جرنلسٹ پریس کی جانب سے اہل وطن کو عید الفطر کے پر مسرت موقع پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد۔
روزنامہ قوت

PRESS CLUB KOT RADHA KISHAN
چوہدری ارشاد اسلم
چیئرمین مجلس عاملہ
ڈاکٹر اکرم الہیٰ
وائس چیئرمین
سردار ساجد فضل
چیئرمین
چوہدری کاشف حمزہ
وائس چیئرمین مجلس عاملہ
ندیم احمد خاں
لیگل ایڈوائزر
تنویر اسلام
لیگل ایڈوائزر
وقاص ساحل کمبوہ
انفارمیشن سیکرٹری
حافظ خلیل الرحمٰن
ایڈیشنل جنرل سیکرٹری
عمر حنیف خاں
فنانس سیکرٹری
چوہدری عارف ندیم
سینئر نائب صدر
تمام اہل اسلام کو عید الفطر مبارک
شوکت الرحمٰن
صدر
وقار عظیم ادیب کمبوہ
نائب صدر
محمد عرفان جٹ
نائب صدر
میاں زبیر گل
جنرل سیکرٹری
Eid Mubarak
رمضان چھینہ
ممبر
عدنان چاند
ممبر
عبدالطیف
ممبر
شکیل اقبال
ممبر
شریف بھٹی
پریس سیکرٹری
علی رضا
کیمرہ مین
محمد حسیب
کیمرہ مین
میاں کاشف جاوا
پریس سیکرٹری
ارسلان شفیق
آفس سیکرٹری
پریس کلب کوٹ رادھا کشن ضلع قصور

حافظ اصغر علی
رانا منوز غوث خاں
Eid-ul-Fitar Mubarak
منسٹر پنجاب زکوۃ عشر کمیٹی ہر دل عزیز شخصیت فرزند سلانوالی فخر سلانوالی رانا منور غوث خاں کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے اور عید الفطر کی مبارکباد پیش کرتے ہیں۔
روزنامہ قوت لاہور
منجانب: حافظ اصغر علی شاہد تحصیل رپورٹر سلانوالی روزنامہ قوت لاہور

پنجاب میں مخصوص ملازمین کی عید کی چھٹیاں منسوخ کرنے کا فیصلہ

وزیر اعلیٰ مریم نواز نے عید الفطر کے دنوں میں محکمہ بلدیات کو خصوصی پلان بنانے کا دے حکم دیا

لاہور (یو این پی) پنجاب حکومت نے مخصوص ملازمین کی عید کی چھٹیاں منسوخ کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق کی زیر صدارت اجلاس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

زائد کرائے کی وصولی پر جیل کی ہوا کھانی پڑے گی

مریم نواز نے عید پر زیادہ کرایہ وصول کرنیوالے ٹرانسپورٹرز کیخلاف کریک ڈاون کا حکم دیدیا

لاہور (آن لائن) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے عید پر زیادہ کرایہ وصول کرنے والے ٹرانسپورٹرز کے خلاف کریک ڈاون کا حکم دے دیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے مقررہ کرایوں پر عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے اقدامات کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈپٹی کمشنرز زائد کر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد: لڑکیاں عید الفطر کی مناسبت سے ہاتھوں پر مہندی لگوا رہی ہیں

نئی دہلی: مودی سرکار کی وقف املاک پر قبضے کی مہم تیز

مودی سرکار کی وقف ایکٹ میں ترامیم متعارف کروا کر بھارت میں مسلم املاک پر قبضے کا آغاز

نئی دہلی (آن لائن) مودی سرکار کی وقف املاک پر قبضے کی مہم تیز، مودی سرکار کی وقف ایکٹ میں ترامیم متعارف کروا کر بھارت میں مسلم املاک پر قبضے کا آغاز، بھارت میں 8 لاکھ سے زائد وقف جائیدادوں کی مالیت 14.22 بلین ڈالر، مودی کی انہیں ہڑپ کرنے کی سازش (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

کراچی: صدر بوہری بازار میں عید کی خریداری کیلئے آنے والے شہریوں کا رش لگا ہوا ہے

رجسٹرڈ پریس کلب فاروق آباد
PRESS CLUB FAROOQ ABAD
میاں لیاقت علی
صدر
حافظ عثمان ہاشمی
جنرل سیکرٹری
رانا نبیل عظمت
وائس چیئرمین
ظہیر احمد خان
وائس چیئرمین
خالد محمود انجم
چیئرمین
شفیق وڑائچ
سینئر نائب صدر
طاہر وقاص
نائب صدر
عزیز اقبال قریشی
جوائنٹ سیکرٹری
میاں سلامت علی
انفارمیشن سیکرٹری
رانا طاہر محمود
فنانس سیکرٹری
رانا محمد ارشاد
آفس سیکرٹری
گروپ لیڈر
محمد عمران ہاشمی
چوہدری عدیل احمد ورک
رانا حمید الرحمٰن
ظہیر احمد قریشی
بابر علی بسرا
شہباز احمد حسن
میاں ظفر اقبال
شیخ اشفاق
ملک طلحہ خالد
رانا بابر سلیم
محمد شکیل
عرفان رمضان
حاجی عمران احمد
شیخ ماجد
کامران آزاد
غلام حسین
محمد دین اعوان
تمام اہل اسلام کو عید مبارک

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

سٹی نیوز

ڈی ایس ریلوے لاہور محمد حنیف گل کا اپنی ٹیم کے ہمراہ لاہور سٹیشن کا دورہ

مسافروں کی خدمت اور رہنمائی کیلئے ریلوے لاہور ڈویژن کی ٹیم ہمہ وقت لاہور ریلوے سٹیشن پر موجود رہے گی

لاہور (صابر غوری) ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے لاہور محمد حنیف گل نے اپنی ٹیم کے ہمراہ تیزگام پر کراچی جانے والے مسافروں کو خدا حافظ کہا۔ ڈی ایس ریلوے لاہور تیزگام پر عید منانے کیلئے جانے والے مسافروں میں گھل مل گئے اور انہوں نے مسافروں سے گفتگو کرتے ہوئے سہولیات سے متعلق بھی دریافت کیا جس پر مسافروں نے اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے تیز گام ٹرین میں صفائی ستھرائی سمیت دیگر سہولیات کا بھی معائنہ کیا۔ ڈائننگ کار میں صفائی ستھرائی کو خصوصی طور پر چیک کرتے ہوئے ڈی ایس ریلوے لاہور نے ڈائننگ کار عملے کو ڈائننگ کار میں صفائی ستھرائی مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ روٹین کی ٹرینوں کی بروقت آمد و رفت یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ عید سپیشل ٹرینوں کو بھی خصوصی طور پر مونیٹر کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مسافروں کی خدمت اور رہنمائی کیلئے ریلوے لاہور ڈویژن کی ٹیم ہمہ وقت لاہور ریلوے سٹیشن پر موجود رہے گی۔ واضح رہے عید کے رش کے حوالے سے مسافروں کی خدمت کیلئے لاہور ریلوے سٹیشن پر عید ہیلپ ڈیسک بھی بنا دیا گیا ہے۔

لاہور پارکنگ کمپنی نے عید کی شاپنگ کے ایام بالخصوص چاندرات کے لئے انتظامات پر عملدرآمد شروع کر دیا

پارکنگ سائٹس پر اوور چارجنگ روکنے کے لئے چھاپہ مار ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر لاہور پارکنگ کمپنی نے عید کی شاپنگ کے ایام بالخصوص چاند رات کے لئے انتظامات پر عملدرآمد شروع کر دیا ہے۔ ترجمان لی پارک کے مطابق پارکنگ سائٹس پر اوور چارجنگ روکنے کے لئے چھاپہ مار ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جو لی پارک اور ایم سی ایل کے اہلکاروں پر مشتمل ہیں۔ سی ای او لاہور پارکنگ نوید ورک نے خود بھی مختلف پارکنگ سائٹس کے اچانک دورے کئے اور شہریوں سے مقررہ پارکنگ فیس کی وصولی سے متعلق فیڈ بیک حاصل کیا۔ ترجمان نے بتایا کہ لی پارک کے سٹاف میں خصوصی طور پر 400 جیکٹس تقسیم کر دی گئی ہیں جن پر شکایات کے اندراج کے لئے ہیلپ لائن 80010001 نمایاں طور پر درج ہیں۔ اس ضمن میں سی ای او نوید ورک نے کہا کہ وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی ہدایات کے مطابق غیر قانونی پارکنگ کے خلاف بھی کارروائی کی جا رہی ہے۔ اوور چارجنگ اور غیر قانونی پارکنگ پر ایک ہفتے میں 48 ایف آئی آرز درج کرائی گئیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ شہریوں کو اوور چارجنگ کرنے والوں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا جا سکتا۔ کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس کا اصول اپنایا گیا ہے۔ شہریوں کی شکایات پر فوری ایکشن لیا جائے گا اور اوور چارجنگ کرنے والوں کو پولیس کے حوالے کریں گے۔

کلین مشن جاری/ ڈی سی لاہور فیلڈ میں متحرک

ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کے تحصیل علامہ اقبال ٹاؤن کے مختلف مقامات کے دورے

ٹھوکر نیاز بیگ، ویلنشیا ٹاؤن، طارق پارک، ستوکتلہ میں صفائی اقدامات کا جائزہ

ویلینشیا ٹاؤن نالہ میں صفائی انتظامات کو یقینی بنایا جائے، ڈی سی لاہور کی واسا حکام کو ہدایات

لاہور (خبر نگار) کلین مشن کے حوالے سے ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے تحصیل علامہ اقبال ٹاؤن کے مختلف مقامات کے دورے کیے۔ انہوں نے ٹھوکر نیاز بیگ، ویلنشیا ٹاؤن، طارق پارک، ستوکتلہ میں صفائی اقدامات کا جائزہ لیا۔ سی او ایم سی ایل شاہد عباس کاٹھیا، اسسٹنٹ کمشنر علامہ اقبال ٹاؤن و دیگر بھی ڈی سی لاہور کے ہمراہ تھے۔ اسسٹنٹ کمشنر علامہ اقبال ٹاؤن نے بریفنگ دی کہ صفائی میکانزم پر عملدرآمد کے لئے متحرک ہیں۔ ڈی سی لاہور نے واسا حکام کو ہدایات کیں کہ ویلنشیا ٹاؤن نالہ میں صفائی انتظامات کو یقینی بنایا جائے۔ ڈی سی لاہور نے کہا کہ ایل ڈبلیو ایم سی حکام صفائی ستھرائی انتظامات کو یقینی بنائیں، ڈی سی لاہور نے کہا کہ عیدالفطر سے قبل گلی محلوں و کوچوں میں گندگی کے ڈھیر کو فی الفور اٹھوایا جائے۔ عید کے ایام میں بھی ایل ڈبلیو ایم سی ورکرز فیلڈ میں متحرک رہیں گے۔ ڈی سی لاہور نے جھگیوں و جانوروں کے انخلاء کو بھی یقینی بنانے کی ہدایت کی اور کہا کہ جھگیوں کو فی الفور ہٹایا جائے، ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر کلین مشن کی تکمیل جاری ہے۔

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:30

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

کارکنوں کے ساتھ ناروا رویہ اختیار کرنے والوں کو کٹہرے میں لایا جائے: رانا جواد

قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 127 کی انکوایری رپورٹ کو فوری طور پر پبلک کرنے کا مطالبہ

لاہور (خبر نگار) پیپلز پارٹی پنجاب کے سیکرٹری فنانس رانا جواد نے پارٹی قیادت سے چیرمین بلاول بھٹو زرداری کے لاہور کے قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 127 کی انکوایری رپورٹ کو فوری طور پر پبلک کرنے کا مطالبہ کر دیا ہے × وہ لاہور کے جنرل سیکرٹری رانا جمیل منج کی جانب سے چیرمین پیپلز پارٹی کی ہدایت پر پیپلز پارٹی پنجاب آفس میں بانی چیرمین شہید ذوالفقار علی بھٹو کی 4 اپریل کی برسی کی تیاریوں کے حوالے سے طلب کردہ خصوصی اجلاس سے خطاب کر رہے تھے اس اجلاس میں لاہور کے ذونل صدور کے علاوہ لاہور میں موجود پنجاب تنظیم کے عہدیداروں کو بھی خصوصی طور پر مدعو کیا گیا تھا × اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے رانا جواد کا کہنا تھا کہ قوم اور بالخصوص پارٹی ورکرز یہ جاننا چاہتے ہیں کہ وہ کون سے لوگ تھے جنہوں نے چیرمین کے الیکشن میں پارٹی کے اندر بیٹھ کر میر جعفر اور میر صادق کا رول پلے کیا تھا اور اپنے چیرمین کی یقینی جیتی ہوئی نشست کو ہار میں تبدیل کروا دیا تھا ایسے لوگوں کی نشاندہی انکوایری رپورٹ میں ہو چکی ہے اس لیے ہم سب کارکنوں کا میری اس قرارداد کی صورت میں مطالبہ ہے کہ اس رپورٹ کو فوری طور پر پبلک کیا جائے × ان کا کہنا تھا کہ گزشتہ روز گورنر ہاؤس میں چیرمین کے اعزاز میں ہونے والے عوامی افطار کے موقع پر جو سلوک میرے پی ایس ایف اور پی وائی او کے کارکنوں کے ساتھ کیا گیا اس کے احتجاج میں آج کے اجلاس میں، میں سٹیج پر نہیں بیٹھوں گا آج ضرورت اس بات کی ہے کہ ان لوگوں کو بھی کٹہرے میں لایا جائے جن کی وجہ سے ہمارے کارکنوں کے ساتھ ایسا سلوک کیا گیا اور ان لوگوں کو بھی پکڑا جائے جن کی وجہ سے آج کے نام نہاد لیڈر ہمارے چیرمین کے ارد گرد پہنچ گئے لیکن ان کارکنوں کو چیرمین کے قریب نہیں جانے دیا گیا جن کے بزرگوں نے اس پارٹی کی خاطر جانوں کے نذرانے دیے جب قربانیاں دینے والے کارکنان اپنے چیرمین کے آس پاس منافقین کو منڈلاتے ہوئے دیکھیں گے تو پھر قربانیاں دینے والے کارکنوں کا غصے میں آ جانا ایک فطری عمل ہے کارکنوں کے اس غصے کے ذمے دار پنجاب کے وہ موجودہ عہدیدار ہیں جنہوں نے ایک سال سے لاہور کے جنرل سیکرٹری رانا جمیل منج کو بھی زبردستی ان کے تنظیمی کام کرنے سے روکے رکھا اور انہی لوگوں نے کارکنوں کی چیرمین سے ملاقات بھی نہ ہونے دی لیکن یہی لوگ اپنے چند من پسند افراد کو چیرمین سے ملاقات کے لیے لے گئے موجودہ پنجاب کی قیادت میں موجود کچھ لوگوں کے رویے کی وجہ سے پارٹی کو شدید نقصان پہنچ رہا ہے، میں امید کرتا ہوں کہ چیرمین آج کے اس اجلاس میں میری پیش کردہ قرارداد کی روشنی میں اس کا نوٹس لیں گے۔

INTERNATIONAL WOMEN'S DAY 2025
NATIONAL

لاہور: عالمی یوم خواتین 2025 خواتین کی مساوات، بااختیاری اور ماحولیاتی اقدامات کو فروغ دینے کے لیے خصوصی تقریب، مارچ 20، 2025 کو خواتین کے عالمی دن کی مناسبت سے، ایک خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کا مقصد صنفی مساوات، خواتین کے بااختیار اور ماحولیاتی تحفظ خصوصا پانی کے تحفظ میں خواتین کے کردار کو اجاگر کرنا تھا

ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کی ہدایت پر بس اڈوں پر اوور چارجنگ کے خلاف کارروائیاں جاری

عید پر گھر جانے والے مسافروں سے زائد کرایہ وصول کرنے والوں کے خلاف رات گئے تک کریک ڈاؤن

لاہور (خبر نگار) ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کی ہدایت پر بس اڈوں پر اوور چارجنگ کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ عید پر گھر جانے والے مسافروں سے زائد کرایہ وصول کرنے والوں کے خلاف رات گئے تک کریک ڈاؤن کیا گیا۔ انتظامیہ کی بروقت کارروائی پر مسافروں کو لوٹی ہوئی رقم واپس دلائی گئی اور بس اڈوں پر زائد کرایہ وصول کرنے پر 97 گاڑیوں کے چالان اور 5 لاکھ روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔ اوور چارجنگ میں ملوث 2 ڈرائیورز سمیت 10 افراد کے خلاف مقدمات درج کروائے گئے۔ مسافروں سے 200 روپے سے لیکر 700 روپے تک زائد کرایوں کی وصولی پائی گئی۔ مسافروں سے غیر قانونی طور پر وصول کیے گئے ہزاروں روپے موقع پر واپس کروائے گئے۔ ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ مسافروں کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے اور زائد کرایہ وصولی اور اوور لوڈنگ پر ٹرانسپورٹرز سے رعایت نا برتی جائے اور کسی بھی قسم کی خلاف ورزی پر سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ عید پر مسافروں کو سفری سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائیں۔

ضرورت مندوں، نادار، غریبوں اور محتاجوں کو بھی عید کی خوشیوں میں شامل کریں: بیرسٹر عتیق الرحمان

عیدالفطر کے پرمسرت موقع پر پوری قوم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور اللہ کریم سے دعا گو ہوں کہ وہ اس مبارک دن کو تمام پاکستانیوں اور عالم اسلام کے لیے خوشیوں اور آسانیوں کا سبب بنائے

لاہور (شہروز میاں سے) اسلامی نظریاتی کونسل کے رکن بیرسٹر سید عتیق الرحمان نے عیدالفطر پر میڈیا کو جاری اپنے پیغام میں کہا ہے کہ عیدالفطر کے دن کا تقاضا ہے کہ ہم ضرورت مندوں، نادار، غریبوں اور محتاجوں کی بھرپور مدد کرتے ہوئے انہیں بھی عید کی خوشیوں میں شامل کریں۔ عیدالفطر کے پرمسرت موقع پر پوری قوم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور اللہ کریم سے دعا گو ہوں کہ وہ اس مبارک دن کو تمام پاکستانیوں اور عالم اسلام کے لیے خوشیوں اور آسانیوں کا سبب بنائے۔ انہوں نے کہا عیدالفطر عالم اسلام کا ایک پاکیزہ تہوار ہے جو انسانی رشتوں کو مضبوط سے مضبوط تر بناتا اور اخوت، مساوات اور برابری کا سبق دیتا ہے۔ رمضان میں قیام الیل، تلاوت قرآن و عبادات کے نتیجے میں ہماری زندگی میں تبدیلی آنی چاہیے ہمیں قرآن وسنت کو قانون کا ماخذ سمجھ کر اس کے مطابق زندگی گزارنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ تب ہی صحیح معنوں میں عید انقلاب کا پیش خیمہ بن سکتی ہے اور دنیا میں ہماری عزت و توقیر میں اضافہ ہوگا۔ رمضان کی برکات کے نتیجے مسلمان قرآنی تعلیمات کی روشنی میں از سرنو اپنے مشن کا آغاز کریں۔ انہوں نے کہا کہ اللہ کریم کا بے پایاں کرم ہے کہ اس نے ہمیں بھرپور طریقے سے رمضان المبارک میں اجتماعی عبادت کرنے کا موقع عطاء فرمائی اور آج عید الفطر کے پرمسرت لمحات میں ہم اس توفیق پر اللہ کریم کا شکر بجالا رہے ہیں اور خوشی ومسرت کا اظہار کر رہے ہیں۔

سیکرٹری صحت عظمت محمود کا جنرل ہسپتال لاہور کا اچانک دورہ

مریضوں کی عیادت کی اور طبی سہولیات بارے فیڈ بیک لیا

لاہور (خبر نگار) سیکرٹری محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن عظمت محمود نے جنرل ہسپتال لاہور کا اچانک دورہ کیا۔ سپیشل سیکرٹری آپریشنز طارق محمود رحمانی بھی ہمراہ تھے۔ سیکرٹری صحت پنجاب نے مریضوں کی عیادت کی اور طبی سہولیات بارے فیڈ بیک لیا۔ دورہ کے دوران ہسپتال میں ادویات کی فراہمی، ڈاکٹرز کی حاضری، وزیر اعلیٰ شکایت سیل و دیگر شعبہ جات میں طبی سہولیات کا جائزہ لیا گیا۔ سیکرٹری محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن عظمت محمود نے ایمرجنسی ایریا میں لواحقین کے رش پر انتظامیہ پر ناراضی کا اظہار کرتے ہوئے ایمرجنسی کے سامنے انتظار گاہ کا ایریا اور بنچز بڑھانے کی ہدایت کی - اس موقع پر ایم ایس جنرل ہسپتال ڈاکٹر فریاد اور ایم ایس پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیوروسائنسز بھی موجود تھے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق موقع پر پیشنٹ کیئر بارے ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ سرکاری ہسپتالوں کا دورہ کر کے حالات کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔

ہونڈا اٹلس کارز پاکستان کا تاریخی سنگِ میل مکمل تیار شدہ گاڑیوں کی پہلی برآمد

وزیر اعظم کے خصوصی معاون ہارون اختر خان کی جانب سے ہونڈا کی برآمدی کامیابی کو صنعتی ترقی کے لیے خوش آئند قرار

لاہور (صابر غوری) پاکستان کی آٹو موٹیو صنعت کے لیے ایک سنگِ میل کامیابی کے طور پر، ہونڈا اٹلس کارز پاکستان نے مکمل تیار شدہ (CBU - Completely Built-Up) یونٹس کی ملک سے پہلی برآمد کا آغاز کیا۔ یہ تقریب ہونڈا کے پلانٹ میں منعقد ہوئی جس کے مہمانِ خصوصی وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار، جناب ہارون اختر خان تھے۔ تقریب میں دیگر اہم سرکاری اور صنعتی شخصیات نے بھی شرکت کی جن میں سیکرٹری وزارتِ صنعت و پیداوار جناب سیف انجم، اور انجینئرنگ ڈویلپمنٹ بورڈ کے سی ای او جناب خدا بخش علی شامل تھے۔ ہونڈا اٹلس کارز پاکستان لمیٹڈ (HACPL) نے کامیابی سے ہونڈا سٹی 1.2L کی 40 گاڑیوں کی پہلی کھیپ جاپان کو برآمد کی، جو پاکستان کی گاڑیوں کی عالمی منڈی میں شمولیت کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ یہ کامیابی HACPL کے معیار، بھروسا اور جدت پر مبنی عزم کو ظاہر کرتی ہے، اور مستقبل کی برآمدی کوششوں کے لیے بنیاد فراہم کرتی ہے۔

قیمت آج کی --- ادائیگی 3 سال میں

سنہری موقع

لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی لایا شہر لاہور کی پرائم لوکیشن پر واقع

کمرشل اور رہائشی پلاٹس

3 سالہ آسان ادائیگی پلان کے ساتھ

آسان اقساط میں مکمل طور پر ڈویلپڈ پلاٹس

سبزہ زار | گجرپورہ | ایل ڈی اے سٹی

درخواستیں: 20 مارچ تا 02 مئی 2025

قرعہ اندازی: 06 مئی 2025

بمقام: ایل ڈی اے سپورٹس کمپلیکس جوہر ٹاؤن لاہور

نمبر شمار	سکیم	بلاک	رقبہ	کیٹیگری	درخواست فیس (ناقابلِ واپسی)	قیمت فی مرلہ
1	ایل ڈی اے سٹی	A1,B1 & G1	01 کنال	رہائشی	15,000 روپے	700,000 روپے
2	سبزہ زار	C	1.34 مرلہ	کمرشل	5,000 روپے	3,200,000 روپے
3	گجرپورہ	D/I	5 مرلہ	کمرشل	7,000 روپے	2,000,000 روپے
4	گجرپورہ	D/I	2.5 مرلہ اور 3 مرلہ	کمرشل	6,000 روپے	2,000,000 روپے

مکمل ادائیگی پر 5% رعایت
آن لائن درخواست دیں: lda.gop.pk/sales/ballot

☎ 042 99262307 +92 322 8888 460
UAN: 042-111-111-532

مزید معلومات اور کاروباری مواقع کے متعلق جاننے کے لیے ایل ڈی اے موبائل فون ایپ ڈاؤن لوڈ کریں

Apply Now

لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی - حکومت پنجاب

LahoreDevelopmentAuthority @LahoreDevelopmentAuthority ldaofficial @LHRDevAuthority

SPL#575

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

روزنامہ قوت لاہور

مولانا پیر عمر فاروق جامی عالمی بین المذاہب امن کمیٹی پاکستان کے وائس چیئرمین مقرر

اس اہم موقع پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں مختلف اہم شخصیات نے شرکت کی

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) عالمی بین المذاہب امن کمیٹی پاکستان کی جانب سے مولانا پیر عمر فاروق جامی صاحب کو وائس چیئرمین پاکستان کے طور پر منتخب کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ اس اہم موقع پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں مختلف اہم شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب میں عالمی بین المذاہب امن کمیٹی پاکستان کے چیئرمین علامہ پیرزادہ محمد عرفان جاوید قادری، انجمن تاجران فیصل آباد کے صدر چوہدری پرویز اقبال کموکا، DSP ہیڈکوارٹر ملک محمد امین صاحب، عالمی بین المذاہب امن کمیٹی پاکستان کے چیف آرگنائزر حاجی محمد آصف ملک، رانا حامد بیدا، رانا زیڈ اے مجاہد ایڈوکیٹ، بیرسٹر اسد عباس انصاری، پنجاب کے چیئرمین علامہ مفتی اسلم سعید، وائس چیئرمین پاکستان پیر امداد حسین چشتی، بیرسٹر اسامہ علی، چپہ، مولانا اللہ بخش محسن، فیصل نذیر بھٹی (وائس چیئرمین فیصل آباد) سمیت دیگر ممبران نے بھی شرکت کی۔ یہ نوٹیفکیشن پاکستان میں بین المذاہب ہم آہنگی اور امن کے قیام کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ مولانا پیر عمر فاروق جامی صاحب کی تقرری عالمی سطح پر امن کی فضا کو مزید مستحکم کرنے کی سمت میں ایک مثبت اور طاقتور اقدام ہے۔ شرکاء نے اس موقع پر مولانا پیر عمر فاروق جامی کی تقرری کو سراہا اور امید ظاہر کی کہ وہ بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ میں اہم کردار ادا کریں گے

اسد ریاض بھٹی کی طرف سے عیدالفطر کے پرمسرت موقع پر اہلیان فیصل آباد کو مبارکباد

جن لوگوں نے روزے رکھ کر اللہ کو راضی کیا ہوتا ہے ان کی عید سعید منانے کا انداز بہت ہی نرالہ ہوتا ہے

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی رجسٹرار کوآپریٹو سوسائیٹیز فیصل آباد ڈویژن اسد ریاض بھٹی نے عیدالفطر کے پرمسرت موقع پر اہلیان فیصل آباد کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ سب کو عید کی خوشیاں مبارک ہوں اور انہوں نے مزید کہا کہ رمضان المبارک کے اختتام کے بعد جن لوگوں نے روزے رکھ کر اللہ کو راضی کیا ہوتا ہے ان کی عید سعید منانے کا انداز بہت ہی نرالہ ہوتا ہے، اس کے علاوہ انہوں نے کہا کہ عید کے موقع پر ان لوگوں کا بھی خیال رکھا جائے جو عید کی خوشیاں ان لوگوں کی طرح نہیں منا سکتے اس لیئے انہیں بھی اپنی خوشیوں میں شامل کرتے ہوئے ان کیلئے بھی کچھ نہ کچھ اسباب پیدا کریں۔

پروین زکریا فاؤنڈیشن کی جانب سے افطار دسترخوان کا انعقاد

اس موقع پر علماء اکرام نے رمضان المبارک میں روضہ کشائی و مستحقین کی دادرسی بارے اجر وثواب پر روشنی ڈالی



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) پروین زکریا فاؤنڈیشن کی جانب سے افطار دسترخوان کا انعقاد زیر اہتمام جناح کا پاکستان سینٹرل گورنر پنجاب شاف علی کھانڈ وانکی والنٹیئر ٹیم کے ماڈل ٹاؤن اگوکی میں ہوا۔ اس موقع پر علماء اکرام نے رمضان المبارک میں روضہ کشائی و مستحقین کی دادرسی بارے اجر وثواب پر روشنی ڈالی۔ پروفیسر ذوالفقار زکریا کھانڈ پرنسپل دی نالج ان سکول نے افطار سے پہلے دعا کرائی جبکہ حافظ شاف علی کھانڈ نے شرکاء کے دسترخوان دعوت میں شرکت پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پروین زکریا فاؤنڈیشن پلیٹ فارم سے الحمدللہ آپ کے تعاون کیساتھ رمضان المبارک امدادی پیکیج کی تقسیم کے بعد دسترخوان سجا کر ہر خاص و عام کو افطار کرانے کی سعادت حاصل کی جارہی ہے۔ عمائدین ماڈل ٹاؤن اگوکی نے اس موقع پر نوجوان سکالر اور انکی ٹیم کی عملی کاوشوں پر خراج تحسین پیش کیا۔

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن کے مطابق معاشرے کے محروم طبقات کی ویلفیئر کیلئے اقدامات جاری

تحفظ مرکز کے زیر اہتمام محروم طبقات کو راشن تقسیم کرنے کیلئے تقریب کا انعقاد کیا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن کے مطابق معاشرے کے محروم طبقات کی ویلفیئر کیلئے اقدامات جاری، تحفظ مرکز کے زیر اہتمام محروم طبقات کو راشن تقسیم کرنے کیلئے تقریب کا انعقاد کیا گیا ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد نے معذور افراد ※ محروم طبقات میں راشن بیگز تقسیم کئے، محروم طبقات ※ معذور افراد نے راشن بیگز ملنے پر پولیس کا شکریہ ادا کیا تحفظ مرکز کی جانب سے معاشرے کے محروم افراد کی صحت ※ تعلیم کیلئے اقدامات جاری ہیں ڈی پی او چنیوٹ عبداللہ احمد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ معذور افراد کو باعزت روزگار کے حصول کیلئے اقدامات جاری ہیں، تحفظ مرکز کی جانب سے محروم طبقات کی ویلفیئر کیلئے تمام ممکن اقدامات کئے جارہے ہیں

سیکرٹری لائیوسٹاک کا سول ویٹرنری ہسپتال کا دورہ

ڈائریکٹر لائیوسٹاک ڈاکٹر سید ندیم بدر نے فیصل آباد ڈویژن کی کارکردگی پر تفصیلی بریفنگ دی

LIVESTOCK SECTION
سہولت ڈیسک
وزیراعلیٰ پنجاب
HOSPITAL

فیصل آباد (اشرف خان) سیکرٹری لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ پنجاب نے ایڈیشنل سیکرٹری (ٹیکنیکل) ڈاکٹر عثمان طاہر کے ہمراہ سول ویٹرنری ہسپتال تحصیل و ضلع فیصل آباد کا دورہ کیا اور ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ ڈائریکٹر لائیوسٹاک ڈاکٹر سید ندیم بدر نے فیصل آباد ڈویژن کی کارکردگی پر تفصیلی بریفنگ دی۔ دورہ کے دوران سیکرٹری لائیوسٹاک نے آؤٹ پیشنٹ ڈیپارٹمنٹ (OPD) رجسٹر میں درج مختلف مویشی پال حضرات سے ٹیلی فون پر فراہم کردہ خدمات کے بارے میں فیڈ بیک لیا، مویشی پال حضرات نے فراہم کردہ خدمات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ سیکرٹری لائیوسٹاک نے ڈائریکٹر لائیوسٹاک اور ایڈیشنل سیکرٹری (ٹیکنیکل) کو ہدایات جاری کیں کہ پنجاب کے ہر ضلعی سطح کے ہسپتال میں ایکسرے کی سہولت کے ساتھ ساتھ جدید اور بہترین آپریشن تھیٹرز کی تعمیر کے لئے ایک کانسیپٹ پیپر تیار کیا جائے تاکہ اسے اگلے سال کے سالانہ ترقیاتی پروگرام (ADP) میں شامل کیا جاسکے۔ مزید برآں سیکرٹری لائیوسٹاک نے لائیوسٹاک فیصل آباد ڈویژن کی کارکردگی کو سراہا اور فیلڈ سٹاف کو ہدایت کی کہ وہ اسی طرح بھرپور محنت، لگن اور دیانت داری کے ساتھ کام کرتے رہیں کیونکہ حکومت پنجاب لائیوسٹاک فارمرز کو موثر ویٹرنری سروسز مہیا کرنے کے لئے پرعزم ہے اور مویشی پال حضرات کو بروقت اور بہترین خدمات فراہم کرنا ہی ہماری اولین ترجیح ہے۔

اجتماعی زیادتی کا شکار خاتون کو فوری انصاف فراہمی کے احکامات

چیئرپرسن پنجاب وومن پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ زیادتی کا شکار خاتون کی دادرسی کیلئے سی پی او دفتر پہنچ گئیں

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ڈکیتی کے دوران اجتماعی زیادتی کا شکار خاتون کو فوری انصاف فراہمی کے احکامات پر چیئرپرسن پنجاب وومن پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ زیادتی کا شکار خاتون کی دادرسی کیلئے سی پی او دفتر پہنچ گئیں۔ چیئرپرسن پنجاب وومن پروٹیکشن اتھارٹی نے زیادتی کا شکار خاتون کو وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا پیغام پہنچایا اور خاتون کو حکومت پنجاب کی طرف سے انصاف کی فراہمی اور ملزمان کیفر کردار تک پہنچانے کی یقین دہانی کرائی۔ چیئرپرسن پنجاب وومن پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ کا اس موقع پر کہنا تھا کہ فیصل آباد پولیس نے اجتماعی زیادتی کے 2 ملزم چند گھنٹوں میں گرفتار کرلیئے ہیں۔ وزیراعلیٰ کے احکامات پر گرفتار ملزمان علی شیر اور فیصل کے ساتھی کو بھی جلد گرفتار کرلیا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کیلاف زیادتی کے واقعات کسی صورت قبول نہیں۔ حکومت پنجاب خواتین اور بچوں کے تحفظ کیلئے ہر ممکن اقدامات کررہی ہے۔ حنا پرویز بٹ کا مزید کہنا تھا کہ زیادتی کے واقعات شرمناک، سدباب کے لئے موثر اقدامات کیئے جائینگے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ متاثرہ خاتون کو ہر ممکن قانونی مدد فراہم کی جائیگی۔ سی پی او صاحبزادہ بلال عمر بھی اس موقع پر ان کے ہمراہ تھے۔

عمر رسیدہ مرد و خواتین بزرگوں کا میونسپل کارپوریشن کے خلاف ریٹائرڈ پنشنرز کا تحصیل روڈ پر احتجاج

معذور ہونے کے باوجود بڑی مشکل سے جاتے ہیں تو وہ کہتے ہیں ہمارے پاس بجٹ نہ ہے کئی سالوں سے پینشن لے رہے ہیں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ میں عمر رسیدہ مرد و خواتین بزرگوں کا میونسپل کارپوریشن کے خلاف ریٹائرڈ پنشنرز کا تحصیل روڈ پر احتجاج۔ اور مطالبہ کیا کہ عرصہ پانچ ماہ سے میونسپل کارپوریشن کی طرف سے ہمیں پینشن نہ دی گئی ہے افسران کے پاس چلنے پھرنے سے معذور ہونے کے باوجود بڑی مشکل سے جاتے ہیں تو وہ کہتے ہیں ہمارے پاس بجٹ نہ ہے کئی سالوں سے پینشن لے رہے ہیں اب کہا جارہا ہے بجٹ آئے گا تو پینشن دی جائے گی ہم بوڑھے بیمار اور کرایے کے مکان میں رہتے ہیں 650 کے قریب پنشنرز ہیں ایک پینشن ہی ہمارا سہارا ہے کروڑوں کا بجٹ آیا اور وہ ٹھیکے داروں کو دے دیا گیا ہمیں پینشن نہ دی گئی پینشن نہ ملی تو عید کو بھی ہم بھوکے رہیں گے ہمارے پاس دوائی لینے کے بھی پیسے نہ ہیں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف اور اعلیٰ حکام سے اپیل ہے کہ ہر ماہ پانچ تاریخ تک پینشن دی جائے ہماری کوئی یونین نہ ہے ہم بے سہارا بوڑھے ہیں۔

شرقپور شریف: یوم القدس اور فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی کے لیے ریلی نکالی گئی

ریلی امام بارگاہ گلستان زہرا سے شروع ہوکر اسی مقام پر آکر اختتام پزیر ہوئی

القدس لنا
یوم القدس ریلی

شرقپور شریف (نامہ نگار) شرقپور شریف میں یوم القدس اور فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی کے لیے ریلی نکالی گئی یہ ریلی امام بارگاہ گلستان زہرا سے شروع ہوکر اسی مقام پر آکر اختتام پزیر ہوئی۔ ریلی میں شہریوں اور بچوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی ریلی کے شرکاء نے فلسطین کے حق میں نعرے بازی کرتے ہوئے فلسطین میں اسرائیلی مظالم کی پرزور مذمت کی۔ اس موقع پر انتظامیہ کی جانب سے سیکورٹی کے سخت انتظامات کیئے گئے۔

ماڈل ٹاؤن پارک اگوکی کی ایک مثالی جاذب نظر، دیدہ زیب اور اچھوتا شاہکار بن چکا ہے

ڈویژن بارے میں اپنی نوعیت کا یہ پہلا پارک ہے جہاں پر آرٹسٹوں نے دیدہ زیب اور دل میں اتر جانے والے نقوش کو رنگوں سے نکھارا ہے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ماڈل ٹاؤن پارک اگوکی ایک مثالی جاذب نظر، دیدہ زیب اور اچھوتا شاہکار بن چکا ہے ڈویژن بارے میں اپنی نوعیت کا یہ پہلا پارک ہے جہاں پر آرٹسٹوں نے دیدہ زیب اور دل میں اتر جانے والے نقوش کو رنگوں سے نکھارا ہے درختوں کے تنوں پر آرٹ کی خوبصورتی دل میں اتر جاتی ہے پارک کے داخلی راستے پر خوبصورت ٹف ٹائل لگائی گئی ہے اور داخلی راستہ سے گیٹ کے اندر داخل ہوتے ہی انسان خوابوں کی دنیا میں چلا جاتا ہے پارک کو دیکھتے ہی یوں محسوس ہوتا ہے جیسے بہاروں کا ثبوت حاصل ہوچکا ہو بڑے بڑے گملوں پر آرٹ کے نقوش آرٹیفشل اینیملز، بنگوڑے جھولے پینگیں فلاور خوبصورتی کو نکھارنے میں اپنی مثال آپ ہیں عیدالفطر کے موقع کی مناسبت سے بڑے بڑے جھولے جمپنگ والے جھولے کشتی پنگوڑے آویزاں کیے گئے ہیں ماڈل ٹاؤن پارک کو مثالی پارک بنانے کے لیے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے دن رات جدوجہد اور محنت کو وطیرہ بنائے رکھا ہے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کا کہنا ہے کہ کوئی بھی کام دل وجان سے کیا جائے تو اس میں نکھار ضرور آتا ہے ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کے ممبران کے لیے ہمارا ایک ہی نعرہ ہے "وی آر فیملی" اور فیملی کو سہولیات کی فراہمی ہماری اولین ترجیحات ہیں بچوں کے لیے، والدین کے لیے یہ خوبصورت موقع ہے کہ پارک کو بہت محنت سے سجایا گیا ہے اور اس کو دیکھنے کے بعد بچے محسوس کریں گے کہ اس پارک میں بار بار آیا جائے ہم نے علمی، ادبی اور ثقافتی پہلوؤں کو مدنظر رکھتے ہوئے بچوں کی ذہنی نشوونما کے بہت سارے نقوش آویزاں کیے ہیں تاکہ بچوں کے اندر نیا جذبہ اور ولولہ پیدا ہو اور وہ ان لمحات اور کیفیت کو محسوس کرکے اپنی عملی زندگی میں کاوشوں کو اپنائیں ہماری کاوشیں ممبران کے شانہ بشانہ ہیں تاکہ انہیں بہتر سے بہتر ماحول کی دستیابی میسر آسکے عیدالفطر پر پارک تفریح کے لیے کھول دیا جائے گا ممبران سے گزارش ہے کہ وہ اپنی فیملی کے ہمراہ پارک کا وزٹ ضرور کریں اور ہماری خدمات کے عوض خانہ میں اپنی نیک تمناؤں کا اظہار کریں کیونکہ بچے جب پارک کو دیکھیں گے تو وہ محسوس کریں گے کہ خدمت کا یہ عمل بہت بڑا عمل ہے ہمارا نعرہ خدمت میں عظمت ہے اور خدمت ہمارا منشور ہے اس نعرے پر زندگی کو وقف کیے ہوئے ہیں جب انسانیت کی خدمت میں پیش پیش رہا جائے تو اللہ تعالیٰ منزلیں آسان فرما دیتا ہے ہماری جانب سے تمام ممبران کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے عید کی ڈھیروں خوشیاں مبارک ہوں۔

ایڈیشنل سیشن جج اوکاڑہ نے منشیات فروش کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنایا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل سیشن جج اوکاڑہ نے منشیات فروش کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنایا ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ کینٹ اوکاڑہ پولیس نے 20 مارچ 2024 کو اوکاڑہ کے نواحی قصبہ 47 ٹھری آر کے رہائشی بدنام زمانہ منشیات فروش محمد رفیق ولد عبدالحمید سے 2 کلو چرس برآمد کرکے اس کیخلاف مقدمہ درج کیا تھا جس پر ایڈیشنل سیشن جج اوکاڑہ شہزاد احمد نے فیصلہ سناتے ہوئے مجرم محمد رفیق کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنایا ہے۔ عدم ادائیگی جرمانہ پر 6 ماہ مزید قید بھگتنا ہوگی۔

جہلم ماہ رمضان میں مہنگائی کے خلاف ضلعی انتظامیہ کی موثر کارروائیاں، 23 لاکھ سے زائد کے جرمانے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم میں ماہ رمضان کے دوران روزمرہ اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں پر قابو پانے کے لیے ضلعی انتظامیہ کی بھرپور کارروائیاں جاری رہیں۔ ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس کی نگرانی میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے ماہ رمضان کے دوران سخت اقدامات کیے، جس کے نتیجے میں 81 ہزار سے زائد مقامات پر قیمتوں کی چیکنگ کی گئی۔ یکم مارچ سے 28 مارچ تک 15 ہزار سے زائد دکانداروں کو وارننگ جاری کی گئی جبکہ گراں فروشی میں ملوث 1000 سے زائد افراد کو 23 لاکھ 57 ہزار روپے سے زیادہ کے جرمانے عائد کیے گئے۔ پرائس مجسٹریٹس نے 9 مقدمات درج کرائے، 51 دکانیں سیل کیں اور مختلف خلاف ورزیوں پر 174 افراد کو گرفتار کیا جس سے مصنوعی مہنگائی کو قابو پانے میں نمایاں کامیابی حاصل ہوئی۔ ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس نے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایات پر سخت ایکشن لیا گیا جس کے نتیجے میں قیمتوں میں استحکام پیدا ہوا اور عوام کو ریلیف فراہم کرنا ممکن ہوا۔

دیپال پور میں عیدالفطر کے اوقات

دیپال پور (تحصیل رپورٹر) ملک بھر کی طرح دیپال پور اور گردونواح میں بھی مختلف مقامات پر عیدالفطر کی نماز کے حسب سابق بڑے بڑے اجتماعات کی توقع کی جارہی ہے اور عیدالفطر کی نماز کے اوقات، تفصیلات کے مطابق دیپال پور اور گردونواح میں ملک بھر کی طرح مختلف مقامات پر عیدالفطر کی نماز کے حسب سابق بڑے بڑے اجتماعات کی توقع کی جارہی ہے اور گرمی کی آمد آمد ہے اکثر مساجد اور مقامات پر عید نماز جلدی پڑھائی جارہی ہے دیپال پور پریس کلب وانجمن صحافیاں (رجسٹرڈ) 1991ء کے صدر حاجی محمد اشفاق چوہدری کی ہدایات پر جنرل سیکرٹری مرزا فاروق احمد سلفی نے حسب سابق بلا امتیاز بڑی کوشش محنت سے تمام مساجد کے اوقات نماز عید الفطر جمع کرکے اہل اسلام کی آگاہی کے لئے تحریر کئے ہیں۔ عید الفطر کی نماز ان اوقات پر پڑھائی جائے گی۔ حسنین فخر مارکی دیپال پور میں ممتاز مذہبی سکالر حضرت مولانا پروفیسر (ر) سرفراز احمد لکھوی بوقت 30:7 صبح، جامعہ محمودیہ تعلیم القرآن شاہی مسجد دیپال پور میں نامور عالم دین ابن انور حضرت مولانا سید انظر محمود بخاری بوقت 00:7 بجے صبح، ڈیرہ چن پیر (سید زاہد شاہ گیلانی ؒ) محلہ گیلانیہ دیپال پور میں حضرت مولانا محمد انصر بوقت 00:7 بجے صبح تبلیغی مرکز بستی نیاز آباد حجرہ قصور روڈ دیپال پور میں بوقت 30:7 بجے صبح، جامع مسجد زیب النساء نوبہار کالونی دیپال پور میں حضرت مولانا پروفیسر قاری روح الامین بوقت 50:6 بجے صبح، جامع مسجد صداقت یوسف رضوی چوک دیپال پور میں شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد ادریس اثری بوقت 30:7 بجے صبح، جامعہ ریاض الجنۃ فرید ٹاؤن دیپال پور میں حضرت مولانا صاحبزادہ حافظ حسان صدیقی بوقت 30:7 بجے صبح، جامع مسجد اولیاء دربار سائیں عبدالرزاق ؒ دیپال پور میں 00:7 بجے صبح، جامع مسجد دربار سخی سیدن سائیں دیپال پور میں سجادہ نشین مخدوم سید قاسم علی شاہ گیلانی القادری بوقت 00:7 بجے صبح، جامع مسجد قبا اہلحدیث بابا فرید چوک دیپال پور میں بوقت 15:7 بجے صبح، جامع مسجد ربانی اہلحدیث لاری اڈا دیپال پور میں حضرت مولانا حافظ حفیظ الرحمن بوقت 30:7 بجے صبح، جامع مسجد امام زین العابدین مدرسہ انوریہ محمودیہ ماڈل ٹاؤن دیپال پور میں شیخ الحدیث حضرت مولانا شاہد محمود بوقت 15:7 بجے صبح، جامع محمودیہ مدرسہ تحفیظ القرآن بستی عبداللہ پیلی پہاڑ روڈ دیپال پور میں حضرت مولانا قاری عبدالرشید بوقت 30:7 بجے صبح، مدرسہ چاہ منتانوالہ تحصیل دیپال پور میں مذہبی سکالر حضرت مولانا حافظ محمد عباس کھوکھر بوقت 30:7 بجے صبح، جامع مسجد خلیل اکبر نوبہار کالونی دیپال پور میں حضرت مولانا قاری محمد اصغر اشرفی نوری بوقت 00:7 بجے صبح، جامع مسجد کچہری دیپال پور میں حضرت مولانا شبیر احمد قادری بوقت 30:6 بجے صبح، جامع مسجد نوری ٹیکنیکل گراؤنڈ دیپال پور میں حضرت مولانا علامہ ساجد ستارنوری بوقت 00:8 بجے صبح، جامع مسجد ادریس اہلحدیث نوبہار کالونی دیپال پور میں حضرت مولانا قاری محمد سعید عاقب بوقت 30:7 بجے صبح، جامع مسجد نور السلام گلزار کالونی دیپال پور میں حضرت مولانا قاری عبدالستار بوقت 30:7 بجے صبح، جامع مسجد رحمت اہلحدیث فاخر شاہ کالونی دیپال پور میں حضرت مولانا ابوبکر راشد بوقت 30:7 بجے صبح، جامع مسجد معاذ بن جبل اہلحدیث نہر کوٹھی دیپال پور میں حضرت مولانا قاری عبدالمتبع عزیزی بوقت 30:7 بجے صبح، جامع صدیقیہ محلہ عیسیٰ لنگاہ اولڈ بصیر پور روڈ دیپال پور حضرت مولانا قاری محمد معاویہ بوقت 45:7 بجے صبح، جامع مسجد محمدی اہلحدیث لکھوی سٹریٹ رتہ کھنہ روڈ محمدی لکھوی سٹریٹ دیپال پور میں مولانا حمید احمد لکھوی بوقت 30:7 بجے صبح، جامع مسجد عمر بن خطاب ؓ اہلحدیث محلہ گوردیال دیپال پور میں حضرت مولانا قاری سعید احمد بوقت 00:7 بجے صبح، جامع مسجد عمر فاروق ؓ رتہ کھنہ روڈ دیپال پور میں حضرت مولانا قاری مقصود احمد بوقت 45:7 بجے صبح، جامع عمر بن خطاب ؓ پھلروان کمبوہ تحصیل دیپال پور میں حضرت مولانا توصیف عامر لکھوی بوقت 30:7 بجے صبح، جامع مسجد فریدیہ دیپال پور حضرت مولانا علامہ قاری مسرور احمد بوقت 30:7 صبح، جامع مسجد فاروقیہ بستی نور محمد دیپال پور میں حضرت مولانا عبدالستار بوقت 45:7 بجے صبح، جامع مسجد ابوبکر بستی نور محمد دیپال پور میں بوقت 15:7 بجے صبح، جامع مسجد حسین ابن علی محلہ عیسیٰ لنگاہ دیپال پور میں بوقت 15:7 بجے صبح ادا کی جائے گی۔

کینٹ سیالکوٹ میں گرانفروشوں کی دو دکانیں سیل کردیں: سید ایوب بخاری

گرانفروشی کسی صورت برداشت نہیں کی جائیگی: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سیالکوٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) گرانفروشی کیخلاف جاری آپریشن کو لیڈ کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سیالکوٹ سید ایوب بخاری نے کینٹ سیالکوٹ کے بڑے چکن سٹور سمیت مختلف چکن سیل پوائنٹس پر سرکاری ریٹس سے زائد وصولی پر سٹور سیل کر کے مالکان کو جرمانے کردیئے۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ایوب بخاری کے ہمراہ ڈسٹرکٹ سول ڈیفنس آفیسر عبداللہ شاکر و عملہ کاروائی میں شامل تھا۔ فرض شناس اے ڈی سی جی سیالکوٹ کا کہنا تھا کہ مہنگا چکن فروخت کرنے والے دکانداروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ کینٹ سمیت شہر کی 14 چکن شاپس سیل کردی۔ کینٹ میں مقررہ نرخوں سے زائد دام وصول کرنے کی پاداش میں فروٹ شاپ کو 20 ہزار روپے اور ملک شاپس کو 10 ہزار روپے جرمانہ عائد کردیا جبکہ ماڈرن بیف ومٹن شاپ میں ڈی سی کاؤنٹر قائم کرنے کی ہدایت۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ نے کہا کہ چکن کی قیمتوں میں من مانی کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دے سکتے۔ انہوں نے کہا کہ مقررہ نرخ نامے کے مطابق چکن فروخت کرنے کی اجازت ہوگی۔ مارکیٹ کمیٹی کی جانب سے جاری کردہ نرخ نامہ میں پولٹری کی قیمت میں دکاندار کا منافع شامل ہے۔ چکن کی سپلائی بحال ہوچکی ہے اور مارکیٹ میں طلب ورسد کے مطابق چکن دستیاب ہے۔ چکن فروش جائز منافع کمائے بالخصوص رمضان میں گراں فروشی سے گریز کریں اور حتی الوسع اپنے منافع کی شرح کم رکھ کر ماہ صیام کی برکات سمیٹیں۔

مصطفی آباد: ایم این اے سعد وسیم شیخ کی خصوصی کاوش سے بجلی کا ایشو حل ہوگیا

ایم این اے سعد وسیم شیخ نے بجلی کا ایشو حل کرکے آنے گرمیوں میں اہل علاقہ کو غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے بچالیا ہے، چوہدری اصغر علی

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) ایم این اے سعد وسیم شیخ کی خصوصی کاوش سے بجلی کی تاریں کا ایشو حل،، ایم این اے سعد وسیم شیخ نے بجلی کا ایشو حل کر کے آنے گرمیوں میں اہل علاقہ کو غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے بچا لیا ہے، چوہدری اصغر علی، تفصیلات کے مطابق میاں سعد وسیم شیخ ایم این اے قصور وفاقی پارلیمانی سیکرٹری فنانس وریونیو نے چوہدری اصغر علی سربراہ چیئرمین رفیق انصاری گروپ کی خصوصی درخواست پر بجی سوسائٹی کی طرف سے اپنے مین گیٹ کے سامنے بجلی کی تاروں کو انڈر گراؤنڈ کرنے کا ایشو حل کر دیا۔ بجی سوسائٹی کی طرف سے لیا گیا عدالتی سٹی آرڈر خارج، سب ڈویژن مصطفی آباد کی طرف سے بجلی کی تاروں کو انڈر گراؤنڈ کی بجائے اوپن کر دیا گیا، بجلی کی تاریں انڈر گراؤنڈ ہونے کی وجہ سے آئے روز بجلی کی تاروں میں سپارکنگ کی وجہ سے علاقہ اندھیرے میں ڈوب جاتا تھا جس کی وجہ سے عوام اور واپڈا ملازمین کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا تھا، بجلی کا ایشو کئی گھنٹے تلاش کرنا مشکل ہو جاتا تھا، جس سے وجہ سے انڈسٹری شدید متاثر ہورہی تھی، میاں سعد وسیم شیخ ایم این اے قصور وفاقی پارلیمانی سیکرٹری فنانس وریونیو کو خصوصی کاوش سے ایشو حل ہوگیا، چوہدری اصغر علی سمیت اہل علاقہ کی بڑی تعداد نے میاں سعد وسیم شیخ ایم این اے قصور وفاقی پارلیمانی سیکرٹری فنانس وریونیو کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ گرمی کی شدت میں اضافہ کے ساتھ ہی بجلی کا یہ ایشو بھی شدت اختیار کر جاتا تھا، میاں سعد وسیم شیخ ایم این اے قصور وفاقی پارلیمانی سیکرٹری فنانس وریونیو نے ہمیشہ عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی کوشش کی ہے، ہم امید کرتے ہیں کہ وہ آئندہ بھی عوام کے مسائل ایسے ہی حل کرتے رہیں گے۔

اوکاڑہ زائد المعیاد مشروبات اور ممنوعہ اشیاء کیخلاف پنجاب فوڈ اتھارٹی سرگرم

ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز عطاء عارف کی سربراہی میں متعدد پان شاپس اور ہول سیل پوائنٹس کی انسپکشن، 1000 لٹر ایکسپائری کولڈ ڈرنکس، 5 کلو غیر معیاری سنیکس تلف

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ زائد المعیاد مشروبات اور ممنوعہ اشیاء کیخلاف پنجاب فوڈ اتھارٹی سرگرم، ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز عطاء عارف کی سربراہی میں متعدد پان شاپس اور ہول سیل پوائنٹس کی انسپکشن، 1000 لٹر ایکسپائری کولڈ ڈرنکس، 5 کلو غیر معیاری سنیکس تلف، حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزیوں پر 5 فوڈ بزنس مالکان کو ایک لاکھ روپے کے جرمانے عائد۔ اوکاڑہ مسافروں کو معیاری خوراک کی فراہمی بارے اوکاڑہ میں بس اڈوں اور ریلوے اسٹیشن پر خصوصی کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔ کارروائیاں جنرل بس اسٹینڈ، لاری اڈہ، ریلوے اسٹیشن، چونگی نمبر 7 اور سبزی منڈی میں کی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق بھاری مقدار میں ایکسپائری کولڈ ڈرنکس کا سٹاک برآمد ہونے پر بابا فرید شوگر ملز کے قریب ہول سیل پوائنٹ کو 50 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ ناقص سنیکس اور زائد المیعاد مشروبات کی برآمدگی پر 4 فوڈ پوائنٹس کو 50 ہزار کے جرمانے کیے گئے۔ کھانے پینے کی اشیاء کی بہتری کیلئے 8 ٹک اور پان شاپس کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔ اس موقع پر ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی محمد عاصم جاوید کا کہنا تھا کہ مسافروں کیلئے معیاری خوراک کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ عوامی مقامات پر فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ کا سلسلہ جاری رہے گا۔

ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن سیالکوٹ کا پیشہ گداگروں کو اسپیشل سینٹری ورکر دیکران سے قبرستانوں اور شہر کے چوکوں اور چوراہوں کی صفائی کا فیصلہ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) ایوب بخاری کے مطابق ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر محکمہ سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کی زیرنگرانی پیشہ ور گداگروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، متعدد بار پکڑے جانے کے باوجود بھیک مانگنے سے باز نہ آنے والے بھکاریوں سے اب اسپیشل سینٹری ورکرز کا کام لیا جائے گا اور آج دو درجن سے زائد پیشہ ور بھکاری جن میں سے اکثریت دوسرے اضلاع کی ہے کو پکڑ کو قبرستان بابل شہید میں صفائی ستھرائی کے کام پر لگا دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گداگری جرم ہے اور عید کے ایام میں پیشہ ور بھکاریوں نے شہریوں کا جینا دوبھر کررکھا ہے جس کے پیش نظر ان کی پکڑ دھکڑ کیلئے اسپیشل ٹیمیں تشکیل دی گئیں اور ان کو پکڑ کر ان سے صفائی ستھرائی کا کام لیا جائے گا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ایچ آر اسلم سکھیرا بھی ان کے ہمراہ تھے۔

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

امریکی کانگرس میں عمران کی رہائی کیلئے مجوزہ قانون سازی

امریکی کانگرس میں عمران خان کی رہائی کے لیے دباو؟ بڑھانے کے مقصد سے 'پاکستان ڈیموکریسی ایکٹ' کے نام سے ایک بل پیش کیا گیا ہے۔ کانگرس کے ری پبلیکن رکن جو ولسن اور ڈیموکریٹک رکن جیمز ورنی پنیٹا کی طرف سے 24 مارچ کو جمع کرائے گئے اس بل میں آرمی چیف جنرل عاصم منیر سمیت پاکستان کے اعلیٰ لیڈروں پر سفری پابندیاں عائد کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے تا کہ پاکستانی حکومت عمران خان کو رہا کرنے پر مجبور ہو جائے۔ امریکہ میں لابنگ کے ذریعے حکومت کو پاکستان پر دباو؟ ڈالنے کے لیے وہاں مقیم متعدد پاکستانی گروہ کافی عرصہ سے متحرک ہیں۔ یہ گروہ عمران خان اور تحریک انصاف کے حامی ہیں اور اسی سیاسی وابستگی کی وجہ سے اپنے وسائل اور اثر ورسوخ استعمال کرتے ہوئے کسی بھی طرح عمران خان کی رہائی کو یقینی بنانا چاہتے ہیں۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے صدر بننے سے پہلے اور بعد میں تحریک انصاف کے یہ حامی میڈیا کو یہ خبریں فراہم کرتے رہے تھے کہ ٹرمپ اقتدار سنبھال کر عمران کی خان کی رہائی یقینی بنائیں گے کیوں کہ وہ ان کے 'ذاتی دوست' ہیں اور پاکستان میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر انہیں شدید تشویش ہے۔ تاہم ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے عہدے کی دوسری مدت میں 5 مارچ کو کانگرس سے اپنے پہلے خطاب میں عمران خان کی رہائی کا مطالبہ کرنے کی بجائے ایک دہشت گرد کی گرفتاری میں پاکستان کے تعاون پر اسلام آباد حکومت کا شکریہ ادا کیا۔ اعلیٰ امریکی حکام نے پاکستانی قیادت کو فون کر کے صدر کے ان جذبات سے آگاہ کیا جو ایک غیر معمولی صورت تھی۔ البتہ تحریک انصاف کے حامی صدر ٹرمپ کے اس رویہ سے مایوس ہونے کی بجائے مسلسل یہ سمجھ رہے ہیں کہ وہ اپنے اثر ورسوخ استعمال کرتے ہوئے، اور انسانی حقوق کی پامالی کا شور مچا کر عمران خان کی رہائی کے لیے امریکی حکومت کی تائید وحمایت حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ معروضی حالات میں یہ امیدیں بار آور ہوتی دکھائی نہیں دیتیں۔ ایک تو ٹرمپ کی حکومت جن قومی وبین الاقوامی مسائل پر توجہ مبذول کیے ہوئے ہے، ان میں پاکستان کا کوئی کردار نہیں ہے۔ اس لیے ٹرمپ حکومت پاکستان پر دباو؟ ڈالنے کی ضرورت محسوس نہیں کرتی۔

یہی وجہ ہے کہ گزشتہ ہفتے امریکی محکمہ خارجہ کی ترجمان ٹیمی بروس نے عمران خان کی قید پر تبصرہ کرنے سے انکار کرتے ہوئے کہا تھا کہ 'امریکی انتظامیہ دوسرے ممالک کے اندرونی معاملات میں مداخلت نہیں کرتی ہے'۔ سوال کرنے والے پاکستانی صحافی نے یہ باور کرانے کی کوشش کی تھی کہ امریکی پاکستانیوں نے کثیر تعداد میں ٹرمپ کو ووٹ دیے تھے، اس لیے اب صدر ٹرمپ کو ان کی خواہش کے مطابق عمران خان کی رہائی کے لیے پاکستانی حکومت پر دباو؟ ڈالنا چاہیے۔ تاہم ٹیمی بروس نے صحافی پر واضح کیا کہ اس بارے میں وہ وائٹ ہاؤس سے رابطہ کر کے پوچھ سکتے ہیں کہ ٹرمپ خود کو ووٹ دینے والوں کی خواہش پوری کرنے کے لیے کیا کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ موجودہ امریکی حکومت کے لیے انسانی حقوق یا اخلاقیات کوئی اہم مسئلہ نہیں۔ ٹرمپ صرف امریکی مفاد کی بنیاد پر نام نہاد 'ڈیل' کے ذریعے مسائل حل کرنے پر یقین رکھتے ہیں۔ وہ صرف اس معاملہ میں دلچسپی لیتے ہیں جس میں انہیں اپنی پالیسی کے مطابق امریکہ کو عظیم بنانے کا مقصد حاصل ہوتا دکھائی دے۔ یہی وجہ ہے کہ یوکرین جنگ میں یورپی ممالک کی بھرپور خواہش وکوشش کے باوجود ٹرمپ نے روس کے صدر پوتن سے براہ راست معاملت کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور وہ یوکرین پر دباو؟ ڈال کر کسی بھی طرح اس جنگ کو روسی شرائط مان کر بند کرانا چاہتے ہیں۔ کیوں کہ ان کے خیال میں روس کے ذریعے وہ عالمی سفارتی معاملات میں امریکی مفادات کا زیادہ بہتر تحفظ کر سکتے ہیں۔

عوامی ڈی ایس پی عمران عباس چدھڑ اور تھیلیسیمیا

تحریر: شان مجتبیٰ گجر

سرکاری ملازمین کی خدمات کے حصول کا مقصد عوام الناس کو ان کے حقوق کی فراہمی اور ملک سے وفاداری نبھانا ہوتا ہے مگر آج سرکاری ملازمین کی اکثریت اپنی بنیادی ذمہ داریوں کی ادائیگی سے دور ہو چکی ہے بالخصوص محکمہ پولیس کے بارے عوام الناس کی رائے کبھی اچھی نہیں رہی۔ مگر اسی محکمہ پولیس میں عمران عباس چدھڑ ڈی ایس پی جیسے نیک نام آفیسر بھی موجود ہیں۔ جنہوں نے خدا داد صلاحیتوں کی بدولت مشکل سے مشکل کیس حل کر کے اپنی اور محکمہ کی عزت میں اضافہ کیا۔ جب کسی واردات کا سراغ ملنا ناممکن نظر آ رہا ہو تو اعلیٰ آفسران کی نظر اسی نوجوان پولیس آفیسر پر رکتی ہے۔ اور انہوں نے آفسران کی توقع سے بھی بہتر کام کر کے دیکھایا ہے۔ بھاری محکمانہ ذمہ داریوں کو نبھانے کے علاوہ رفاہی میدان میں انسانی جان بچانے کیلئے اہم ذمہ داری صرف خدا کی رضا کیلئے سرانجام دینا بہت بڑا کام ہے۔ اپنی اسی نیک نامی کی بدولت گوجرانوالہ پولیس میں ڈی ایس پی عمران عباس چدھڑ نے جتنی عزت اور شہرت پائی اسکی مثال نہیں۔ گوجرانوالہ کا شاید ہی کوئی شہری ہوگا جو عمران عباس کے نام اور کام سے واقف نہ ہو۔ انہیں عوامی ڈی ایس پی بھی کہا جائے تو غلط نہ ہوگا۔ بزرگوں کا فرمان ہے کہ اللہ تعالیٰ اولاد سے محرومی کا دکھ کسی کو نہ دکھائے۔ ڈی ایس پی عمران عباس چدھڑ مختلف بیماریوں کا شکار دو بیٹوں کی نعمت سے محروم ہوئے تو اسے اپنی کمزوری بنانے کی بجائے اللہ کی رضا کیلئے اس مشن میں لگ گئے کہ کسی اور انسان کو تھیلیسیمیا جیسے موذی مرض میں مبتلا ہو کر خون کی کمی کی وجہ سے اپنی اولاد سے محروم نہ ہونا پڑے۔ ان کے جذبہ سے لگتا ہے کہ ڈی ایس پی عمران عباس نے تھیلیسیمیا کے مرض میں مبتلا بچوں کو خون کی فراہمی کو ہی اپنا مقصد حیات بنا لیا ہے جس کا اجر یقیناً اللہ تعالیٰ سے ضرور ملے گا۔

کالمسٹ فورم کو دی گئی افطار پارٹی کے شرکا جس میں کالمسٹ فورم کے صدر چوہدری ارشاد اللہ سندھو 'حکیم جمیل عاصی 'سفارش علی باجوہ ' ڈاکٹر منظور الٰہی مغل ' مہر امین ایڈووکیٹ ' مہر ناصر اقبال 'خرم شہزاد بھٹہ ودیگر سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ حکومت قانون سازی کر دے تو تھیلیسیمیا اس مرض پر قابو پایا جا سکتا ہے جسکی مثال دنیا کے کئی ممالک موجود ہیں جنہوں نے اس بیماری کے بارے قانون سازی اور حکمت عملی سے کر کے اس پر مکمل قابو پا لیا ہے۔ پاکستان میں بھی قانون سازی کر کے نکاح نامہ میں شادی سے پہلے جوڑے کا میڈیکل ٹیسٹ ضروری قرار دیا جائے۔ تھیلیسیما مائینر اور تھیلیسیما میجر دو قسم کا ہوتا ہے۔ تھیلسیما مائنر کی وجہ سے مریض کو کوئی تکلیف اور پریشانی نہیں ہوتی۔ نہ اسکی روزمرہ زندگی پر کوئی اثر پڑتا ہے۔ علامات اور تکلیف نہ ہونے کی وجہ سے ایسے لوگوں کی تشخیص صرف لیبارٹری ٹیسٹ سے ہی ممکن ہو سکتی ہے۔ یہ لوگ نارمل زندگی گزار رہے ہوتے ہیں مگر یہ تھیلیسیما اپنے بچوں کو منتقل کر سکتے ہیں۔

سچ مرحوم کی یاد میں

تحریر: حماد غزنوی

پاکستان میں انگریزی کے ایک موقر روزنامے کی خبر کا عکس سوشل میڈیا پر نظر سے گزرا جس میں ایک ایسی ایپ کا تذکرہ تھا جو کرپٹو کرنسی سے پیسے کمانے کی مشین ہے، دنوں میں کروڑ پتی بننے کا نادر اور آسان ترین نسخہ، چاہے آپ کو اس کاروبار کا کچھ علم ہے یا نہیں، ایپ کی مصنوعی ذہانت خود طے کرتی ہے کہ کس کرنسی میں کتنے پیسے کی سرمایہ کاری کرنا ہے، اور ایپ چند گھنٹوں میں نوٹ اُگلنا شروع کر دیتی ہے۔ اور خبر میں یہ تمام معلومات پاکستان کا ایک سابق سفیر فراہم کر رہا ہے، یعنی ایک معتبر شخص تصدیق کر رہا ہے۔ یہ سوشل میڈیا پر ایک سپانسرڈ اشتہار تھا۔ تحقیق کی غرض سے اس دن کا الیکٹرونک اخبار دیکھا گیا تو یہ خبر موجود نہیں تھی، یعنی تصویر کا عکس جعلی تھا۔ سوشل میڈیا کے اشتہار میں یہ دعویٰ بھی کیا گیا تھا کہ اخبار نے یہ خبر اپنی ویب سائٹ سے ریاستی بینک کے دباؤ پر ہٹا دی ہے، یعنی اگر کوئی تصدیق کیلئے اخبار کے مذکورہ شمارے تک پہنچ بھی جائے تو ابہام باقی رہے۔

تفاق ہے کہ آج ہی سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو کلپ دیکھا جس میں بہ ظاہر جیو ٹی وی چل رہا ہے، ٹی وی کے ایک معروف نیوز کاسٹر کسی حکیم صاحب کے فولادی کُشتے اور جادوئی محلول کا ذکر کر رہے ہیں جو آپ کو رُستمِ خواب گاہ بنا دے گا، پھر خبر میں ان لوگوں کے انٹرویو بھی شامل ہیں جو یہ ادویات استعمال کر کے ''عزت دار'' زندگی گزار رہے ہیں۔ مصنوعی ذہانت سے بنایا گیا یہ ویڈیو کلپ بالکل حقیقی نظر آتا ہے، اور کسی بھی عامی کو بہ آسانی سے دھوکا دے سکتا ہے۔ اگر کوئی شخص جیو کی صحافتی اقدار اور حکیموں کے ضمن میں پیمرا کے قوانین سے آگاہی نہیں رکھتا تو اس ویڈیو میں بہ ظاہر کوئی مشکوک عنصر نہیں ہے، جیو ٹی وی کے گرافکس، ٹی وی کا معروف نیوز کاسٹر اور وہی شناسا آواز و انداز۔ ہمارے ایک دوست خواتین کے کپڑوں کا کاروبار کرتے ہیں، پچھلے ہفتے انہوں نے اپنی عید کی کلیکشن کا فیشن شوٹ کروایا، تصویریں آئیں تو انہیں ماڈل کے چہرے کے تاثرات پسند نہیں آئے، انہوں نے مصنوعی ذہانت کی ایک سادہ سی ایپ کے ذریعے ماڈل کا چہرہ ایک حسین تر چہرے سے بدل دیا، وہ شوٹ چھپ چکا ہے، وہ کپڑے دھڑا دھڑ بک رہے ہیں۔ بڑے دن سے سن رہے تھے کہ ہم ''پوسٹ ٹرتھ'' دور میں داخل ہو چکے ہیں، اب یہ حقیقت ہمارے سامنے مجسم ہو چکی ہے، ہمارے چاروں طرف اس کی مثالیں بکھری ہوئی ہیں جو کسی نہ کسی صورت میں ہم پر براہِ راست اثر انداز ہو رہی ہیں۔ جھوٹ کے پاؤں ہیں یا نہیں، اس کا سر آسمان سے باتیں کر رہا ہے۔ تشویش ناک بات یہ ہے کہ اس دھند کو چیر کر اس پار دیکھنے کا کوئی آسان طریقہ نظر نہیں آ رہا، بلکہ فی الحال تو دھند کی یلغار میں شدت آتی چلی جا رہی ہے۔

ریاست وسیاست کے میدان میں یہ سچ جھوٹ کا کھیل اپنے پورے شباب پر ہے، کچھ طے نہیں ہو پاتا ''دھوکا نظر کا ہے کہ نظارہ فریب ہے۔'' اگر کسی کے جھوٹ کا پیراہن خوب صورت ہے تو وہ سچا قرار پاتا ہے۔ جعفر ایکسپریس کے اغوا کے حوالے سے اس بحث کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ٹرین اغوا ہوئی تو ریاست وحکومت نے اس کی تفصیلات بتانا شروع کیں، اور دہشت گردوں نے اپنا ''سچ'' پھیلانا شروع کیا

مائے نی میں کنوں آکھاں: (خودکشی کے پس منظر میں ایک تحریر)

تحریر: عبدالستار (میاں چنوں)

ماں مجھے تیری عظمت اور دیدہ دلیری پہ ناز ہوتا ہے، اس پتھر دل سماج میں تو نے مجھے جنم دیا، میں تجھ پر بیتے لحہ بالحہ دکھ کی شاہد ہوں، خود کو سنبھالنے اور مجھ کو پالنے میں جو تو نے تکلیفیں اور مشکلات جھیلیں بھلا وہ سارے کرب میں اپنی یادداشت سے کیسے ڈیلیٹ کر سکتی ہوں۔

سوال یہ ہے کہ سب کچھ جانتے بوجھتے بھی تم نے مجھے جنم کیوں دیا؟

کیا تجھے نہیں پتا تھا کہ تو نے خاتون ہونے کی کتنی بھاری قیمت چکائی ہے ماں پھر بھی تو نے مجھے جنم دیا کیوں؟

تجھے اچھے سے پتا تھا کہ اس دوغلے اور منافق سماج میں ایک خاتون پر کیا گزرتی ہے پھر بھی ماں کیوں؟

تجھے بخوبی علم تھا کہ اس منافق سماج میں ایک خاتون پیدا ہوتے ہی نجانے کس طرح کی روایتی زنجیروں میں جکڑے ہوتی ہے، چوائس اور انفرادیت تو بہت دور کی بات ہے سانس لینے اور جسم تک پر کڑے پہرے ہوتے ہیں، پیدا ہوتے ہی اسے لڑکی ہونے کا احساس دلایا جاتا ہے کہ کہیں وہ بھول نہ جائے کہ اس کی اوقات کیا ہے؟

مجھے بخوبی اندازہ ہے کہ تم نے خاتون ہونے کے نجانے کتنے عذاب جھیلے ہیں سب کچھ جانتے ہوئے بھی تم نے میرا رسک کیوں لیا؟

ایک امتحان کے بعد دوسرا امتحان کیوں؟

کہیں تجھے سماج کی سوچ میں بدلاو؟ کا وہم تو لاحق نہیں ہو گیا تھا؟

جب سے میں نے ہوش سنبھالا ہے تم پر بیتے ایک ایک امتحان کی امین ہوں، کیسے تجھے گھریلو امتحانات میں سے گزرنا پڑا، ابو کا رویہ، گھر میں موجود دوسری خواتین کا رویہ، میرے تعلیم دلوانے پر ابو کا بے رخی والا انداز اور لوگ باگ کا یہ کہنا کہ بچی کا گھر سے باہر نکلنا بھلے پڑھائی کی خاطر ہی کیوں نہ ہو خطرے سے خالی نہیں ہوتا اور پڑھنے لکھنے سے بچیاں خراب اور بد دماغ ہو جاتی ہیں، یہ سب سن کر تیرا پھوٹ پھوٹ کر رو دینا مجھے سب یاد ہے ماں!

لیکن پھر بھی تو نے مجھے دنیا میں لانے کا فیصلہ کیا کیوں؟ ذرا سا دوپٹہ سر کنے یا مجبوری کے تحت باہر نکلنے پر چالو، طوائف، رنڈی، رکھیل اور نجانے کیا کچھ ہمارے کردار پر چپکا دیا جاتا ہے، حیرت ہوتی ہے ماں تجھ پر سب کچھ جانتے ہوئے بھی تم نے مجھے دنیا میں لانے کا رسک لے لیا؟

اپنی تمام تر کاوش، محنت، صلاحیت اور لوگوں کے طعنے سننے کے باوجود بھی تم مجھے پوری شخصیت کی مالک نہیں بنا پائی، میرے اندر چھپی محرومیوں کو دور نہیں کر پائی کیونکہ تم سماج کے قائم کردہ دائرہ سے باہر نہیں نکل سکتی تھی، اسی لیے سماجی جبر کے سائے میں ادھ ادھوری سی تعلیم کے ساتھ تم نے مجھے اس ذہن کے ساتھ اپنے پاو؟ں پر کھڑا کیا کہ میں "پرایا" مال ہوں اور ایک دن اپنے خود کے گھر کی ظلمتوں سے نکل کر اس آس پر اگلے گھر چلی جاوں گی کہ شاید وہاں مجھے اپنے خوابوں کی تعبیر مل جائے؟

کاش! ماں میں تجھے بتا پاتی کہ خوابوں کی تعبیریں تو ماں باپ کے آنگن میں پوری ہوا کرتی ہیں آگے تو امتحان ہوتا ہے، جن بیٹیوں کی تعبیریں ماں باپ کے گھر پوری نہیں ہوتیں وہ آگے بھی تشنہ رہتی ہیں

جی سی یو ایف۔۔۔ طلبہ کے لیے کشش ثقل

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کا قیام 2003 میں ہوا لیکن دیکھتے ہی دیکھتے اس کا شمار پاکستان کی صف اول یونیورسٹیوں میں ہونے لگا۔ ڈاکٹر آصف اقبال سے لے کر ڈاکٹر پروفیسر رؤف اعظم تک آنے والے ہر وائس چانسلر نے اس کی ترقی میں اپنا جامع کردار ادا کیا۔ پہلے وائس چانسلر ڈاکٹر آصف اقبال نے پندرہ نوجوان اساتذہ بھرتی کیے جن میں سے زیادہ تر یونیورسٹی میں پروفیسر، ایسوسی ایٹ اور اسسٹنٹ پروفیسر بن چکے ہیں۔

ان کو وراثت میں ملنے والے کالج کیڈر کے اساتذہ کو وائس چانسلر ڈاکٹر ذاکر حسین نے اپنے دور اقتدار میں ہمیشہ ہمیشہ کے لیے خیرباد کہہ دیا۔ اس کے بعد دو کیڈر سامنے آئے جن میں ایک کا تعلق ٹینیور ٹریک سسٹم سے ہے اور دوسرا کیڈر بی پی ایس کے تحت کام کر رہا ہے۔

اساتذہ کی ریسرچ اور ادارے سے کمٹمنٹ نے گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کی ترقی میں بڑا اہم کردار ادا۔ ڈاکٹر ذاکر حسین نے گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کو نیو کیمپس کی شکل میں ایک تحفہ دیا۔ جس میں آج اکیڈمک بلاکس کے ساتھ ساتھ اساتذہ کرام کی رہائش گاہیں بھی قائم ہو چکی ہیں۔ جس میں ڈاکٹر پروفیسر محمد علی شاہ کا بھی کردار قابل تحسین رہا۔ موجودہ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر رؤف اعظم نے اس سلسلے کو آگے بڑھاتے ہوئے اساتذہ کے بچوں کے لیے ایک سکول کا نہ صرف افتتاح کیا ہے بلکہ تعمیراتی کام کا آغاز ہو چکا ہے۔

ڈاکٹر رؤف اعظم نے دور اقتدار کے آغاز میں ہی اچھی روایات کو فروغ دینا شروع کر دیا ہے۔ تعلیم کو معاشرے کے ساتھ جوڑنے کے لیے ان کی مستقل مزاجی نظر آ رہی ہے۔ ادارے میں صنعتی ایکسپو کا انعقاد اور ریسرچ ایکسپو اس بات کی دلیل ہیں کہ ادارے کو ریسرچ سنٹر بننے میں زیادہ وقت نہیں لگے گا۔ ریسرچرز کی مالی معاونت بھی ایک اچھا شگون ہے جس سے مزید ریسرچ پروان چڑھے گی۔ اداروں کی پہچان ہی ریسرچ سے ہوتی ہے۔ وہ دن دور نہیں جب گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد سے ریسرچ چھپ کر کتابوں کی شکل میں مارکیٹ میں قاری کے لیے میسر ہوگی۔ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں بین الاقوامی طلبہ وطالبات کے کنونشن کا انعقاد بھی ایک احسن قدم ہے

آواز
عبدالقادر مشتاق

جس سے مختلف اداروں سے آئے ہوئے طلبہ وطالبات میں جہاں ہم آہنگی پیدا ہوتی ہے وہیں ایک دوسرے سے بہت کچھ سیکھنے کو ملتا ہے۔ ان کی اس کاوش کی بدولت گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کا ایک سوفٹ امیج پوری دنیا میں پھیلا ہے۔ بین الاقوامی اداروں کے وائس چانسلرز کا گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کا دورہ اس بات کا غمازی ہے کہ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد نہ صرف پاکستان بلکہ بین الاقوامی طور پر اپنی پہچان قائم کر چکی ہے۔ جس طرح انسان اپنی پہچان قائم کرنے کے لئے ساری عمر تگ ودو کرتا ہے اسی طرح اداروں کو بھی اپنی پہچان بنانے میں وقت لگتا ہے۔ لیکن گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد اس حوالے سے ایک خوش قسمت ادارہ ہے

جس نے بہت کم وقت میں بہترین اداروں کی لسٹ میں اپنی پہچان بنالی ہے۔ بہتر سے بہتر کی کاوش انسان کو اوج ثریا تک پہنچا سکتی ہے تو اداروں کو کیوں نہیں۔ کسی بھی ملک کی ترقی میں تعلیمی اداروں کا بڑا اہم کردار ہوتا ہے۔ جب ملک مسائل میں گھرتا ہے تو تعلیمی ادارے ہی ان مسائل کا حل تلاش کرتے ہیں اور ریاست کو مضبوط کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ دنیا میں کوئی ریاست ایسی نہیں جس میں مسائل نہ ہوں، کچھ اس کے اپنے لوگوں کے پیدا کیے ہوئے ہوتے ہیں اور کچھ بیرونی طاقتوں کی وجہ سے۔

ان مسائل کو حل کرنے میں لیڈر شپ کا بڑا اہم کردار ہوتا ہے۔

وہ تعلیمی اداروں کی لیڈر شپ بھی ہو سکتی ہے اور سیاسی لیڈر شپ بھی۔ اگر دونوں کے درمیان ہم آہنگی پیدا ہو جائے تو پھر سونے پر سہاگا کے مترادف ہوگا۔ ملک کو چلانے کے لئے ہم آہنگی بہت ضروری ہے۔ اسی طرح تعلیمی اداروں کو چلانے کے لیے اساتذہ میں ہم آہنگی اور طلبہ میں ہم آہنگی پیدا کرنا بھی ایک چیلنج بن چکا ہے۔ طلبہ میں صوبائی اور لسانی تعصب وہ ناسور بن چکا ہے طلبہ میں صوبائی اور لسانی تعصب وہ ناسور بن چکا ہے

جو رگوں میں ایک سازش کے تحت اتارا جا رہا ہے تا کہ پاکستان کی ساکھ کو نقصان پہنچایا جا سکے۔ لیکن گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں قیادت کی مدبرانہ پالیسیوں کی بدولت امن کی فضا قائم ودائم ہے۔ پاکستان کے تمام صوبوں سے آنے والے طلبہ پُر امن فضا میں سانس لیتے ہیں۔

اس سلسلے میں تعلیمی سرگرمیوں کا بلاتعطل جاری رہنا بھی اس بات کو غمازی ہے کہ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پاکستان کی سالمیت اور بقاء کے لیے اپنا اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ ادارے میں سیمینارز اور کانفرنسوں کے انعقاد نے اکیڈیمیا سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو ایک دوسرے کے بہت قریب کر دیا ہے۔

جس سے جہاں علمی وادبی ماحول کو فروغ ملتا ہے وہیں طلبہ اسکالرز کے خیالات سے مستفید بھی ہوتے ہیں۔ اسی طرح کتاب میلوں کے انعقاد سے جو طالب علموں اور کتابوں کے درمیان فاصلہ پیدا ہو چکا ہے وہ کم ہو گا۔ کھیلوں کا فروغ طلبہ کو جسمانی طور پر مضبوط بناتا ہے۔

اسی لیے کہتے ہیں کہ اگر گراونڈ آباد نہیں ہوں گے تو پھر ہسپتال آباد ہوں گے۔ ان ساری سہولیات کی وجہ سے گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد طلبہ کے کشش ثقل بن چکی ہے۔

تھیٹر کا عالمی دن اور پنجاب میں فن کی موت

گذشتہ روز 27 مارچ کو تھیٹر کا عالمی دن تھا ہم نے اس دن کو منانا تو درکنار بلکہ اس سے منسلک فنکاروں کے ساتھ ساتھ فن کو بھی ختم کرنے کا پروگرام بنا رکھا ہے الحمرا آرٹ کونسل ایک ایسا ادارہ تھا جو فن کے مردہ جسم میں بھی روح ڈال دیتا تھا لیکن کچھ عرصہ سے یہ ادارہ فن کی روح قبض کیے بیٹھا ہے نگران حکومت سے ہمارے سرکاری تھیٹر بند پڑے ہیں وجہ یہ بتائی جاتی ہے کہ فحاشی پھیلا رہے ہیں اسکی دو وجوہات ہیں جن پر بات کرنے سے پہلے تھیٹر کے عالمی دن اور اسکے ساتھ جڑے ہوئے لوگوں کام کا ذکر کر لیتے ہیں اسکے بعد تھیٹر میں فحاشی کے ذمہ داروں کا تعین آپ خود کر سکتے ہیں

تھیٹر کا عالمی دن ہمیں تھیٹر کے فن کو منانے اور دنیا بھر میں تھیٹر کی اہمیت کو اجاگر کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے تھیٹر کا یہ عالمی دن 1961 میں انٹرنیشنل تھیٹر انسٹی ٹیوٹ (ITI) کے زیر اہتمام منایا شروع ہوا تھا اس دن کا مقصد تھیٹر کے فن کو فروغ دینا تھیٹر کے فنکاروں اور کارکنوں کو خراج تحسین پیش کرنا اور تھیٹر کے ذریعے دنیا بھر کے لوگوں کے درمیان امن اور بھائی چارے کو فروغ دینا ہے

تھیٹر کا عالمی دن دنیا بھر میں مختلف تقریبات اور پروگراموں کے ذریعے منایا جاتا ہے جہاں تھیٹر کے فنکاروں اور کارکنوں کے لیے ورکشاپس، سیمینارز اور نمائشیں شامل ہوتی ہیں اس کے علاوہ تھیٹر کے فنکاروں اور کارکنوں کو ان کی خدمات کے اعتراف میں ایوارڈز بھی دیے جاتے ہیں تھیٹر کا عالمی دن تھیٹر کے فن کی اہمیت کو اجاگر کرنے کا ایک اہم موقع ہے تھیٹر ایک ایسا فن ہے جو لوگوں کو تفریح فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ان میں شعور اور آگاہی بھی پیدا کرتا ہے تھیٹر کے ذریعے ہم دنیا کو ایک بہتر جگہ بنا سکتے ہیں پاکستان میں بھی تھیٹر کی ایک شاندار تاریخ رہی ہے

جہاں کلاسیکی اور جدید ڈراموں کے ذریعے معاشرتی مسائل پر روشنی ڈالی جاتی رہی ہے تھیٹر نہ صرف تفریح فراہم کرتا ہے بلکہ عوام میں شعور اجاگر کرنے اور ثقافتی ورثے کو محفوظ رکھنے میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے البتہ جدید دور میں ٹیلی ویژن، فلم اور ڈیجیٹل میڈیا کے فروغ کے سبب تھیٹر کو وہ پذیرائی نہیں مل رہی جو ماضی میں حاصل تھی تاہم اب بھی کئی فنکار اور ادارے اس شعبے کو زندہ رکھنے کے لیے کام کر رہے ہیں عالمی تھیٹر ڈے کا بنیادی مقصد تھیٹر کی طاقت کو اجاگر کرنا اور اس کے ذریعے امن، ہم آہنگی اور معاشرتی اصلاح کا پیغام دینا ہے

اس موقع پر دنیا بھر کے تھیٹر گروپس اپنے بہترین فن پارے پیش کرتے ہیں تا کہ لوگوں کو اس منفرد اور قدیم فن کی اہمیت کا احساس دلایا جا سکے یہ دن دنیا بھر میں تھیٹر سے جڑے افراد کے لیے ایک موقع فراہم کرتا ہے کہ وہ اپنی تخلیقی صلاحیتوں کو منوائیں اور اس قدیم ترین فن کی اہمیت کو عام لوگوں تک پہنچائیں پنجاب میں بھی تھیٹر کی ایک بھرپور تاریخ ہے لیکن حالیہ برسوں میں اس کی صورتحال مختلف عوامل کی وجہ سے اتار چڑھاؤ کا شکار رہی ہے بدقسمتی سے تھیٹر اور فنکاروں کے ساتھ جو کچھ اس دور میں ہو رہا ہے

میری بات
روہیل اکبر
www.facebook.com/Rohailakbar
03004821200
E-mail: rohailakbar@gmail.com

اسکی ماضی میں مثال نہیں ملتی حالانکہ خوش قسمتی کے ساتھ اس وقت پنجاب کی وزیر اعلی محترمہ مریم نواز شریف، وزیر اطلاعات عظمی بخاری اور سیکریٹری اطلاعات پنجاب طاہر رضا ہمدانی بھرپور کوشش کر رہے ہیں کہ پنجاب کا کلچر پروان چڑھے اور یہاں کے تھیٹر آباد ہوں اس حوالہ سے پنجاب حکومت تھیٹر کو مثبت اور باوقار تفریح کا ذریعہ بنانے کے لیے اقدامات کیے ہیں جن میں فنکاروں کی فلاح و بہبود کے لیے آرٹسٹ فنڈ قائم کیا گیا ہے لیکن انکے نیچے کام کرنے والی ٹیم انکی کوششوں کو ناکام بنانے میں مصروف ہے اگر دیکھا جائے تو آج کا ہر بڑا فنکار تھیٹر کے راستہ سے ہی شوبز انڈسٹر میں داخل ہوا پنجاب میں روایتی تھیٹر کی ایک مضبوط روایت ہے جس میں لوک کہانیاں، تاریخی واقعات اور سماجی مسائل پیش کیے جاتے ہیں س میں لوک کہانیاں، تاریخی واقعات اور سماجی مسائل پیش کیے جاتے ہیں

دیہی علاقوں میں آج بھی روایتی تھیٹر مقبول ہے لاہور اور فیصل آباد جیسے بڑے شہروں میں تھیٹر جدید شکل اختیار کر چکا ہے یہ تھیٹر اکثر سماجی مسائل، سیاسی طنز اور مزاحیہ خاکوں پر مبنی ہوتا ہے تاہم حالیہ برسوں میں تھیٹر میں فحاشی اور عریانی کی وجہ سے خواتین نے تھیٹر سے کنارہ کشی اختیار کر لی ہے ان حالات میں پنجاب آرٹ کونسل اور الحمرا آرٹ کونسل کی ذمہ داری بنتی تھی کہ وہ تھیٹر میں نئی تخلیقی صلاحیتوں کو فروغ دینے کیلیے اقدامات کرتی تا کہ ہمارے تھیٹر جدید ٹیکنالوجی اور رجحانات کے ساتھ ہم آہنگ ہو کر فن کی دنیا میں نئی راہیں متعین کرتے ہمارے ہمسایہ ملک بھارت نے اپنے فن اور فنکاروں کے ذریعے دنیا میں ایک خاص مقام حاصل کر لیا ہے ایک وقت تھا کہ ہمارے ڈرامے سرحد پار ہم سے بھی زیادہ دیکھے جاتے تھے اور دنیا ہمارے فن اور فنکاروں کی معترف تھی لیکن ہماری ناقص پالیسیوں کی بدولت پہلے ہماری فلم انڈسٹری اجڑی اسکے بعد فنکاروں کی نرسریاں ہمارے تھیٹر بدنام ہوئے اور اب تو ویسے ہی بند ہو چکے ہیں

جسکی وجہ سے ہمارے فنکار اپنی زندگی کا مشکل ترین وقت گذار رہے ہیں اور انکی کہیں سنوائی بھی نہیں ہو رہی رائٹر، ڈائریکٹر اور پروڈیوسر ڈاکٹر اجمل ملک نے تھیٹر کے عالمی دن کے حوالہ سے بتایا کہ پوری دنیا میں منایا جانے والا اتنا اہم دن ہماری حکومت نے خاموشی سے گذار دیا اس دن پوری دنیا میں تقریبات ہوئی

اور فنکاروں کو نوازا گیا لیکن ہمارے ہاں حکومت کی طرف سے فنکاروں کو دیا جانے والا 5 ہزار ماہانہ وظیفہ بھی کئی ماہ سے نہیں مل رہا اسٹیج اور ٹیلی ویژن کے نامور فنکار لکی ڈیَر اور عابدہ بیگ اس وقت اپنی بیماریوں سے لڑ رہے ہیں اور حکومت انہیں پوچھ نہیں رہی اس وقت پنجاب میں مسلم لیگ ن کی حکومت ہے اور انکے کلچر ونگ سے تعلق رکھنے والے سیاسی ورکر بھی فنکاروں کی طرح مظلوم ہیں جو اپوزیشن دور میں مشکلات میں گھرے رہے اور اب حکومت میں نظر انداز ہیں آج اگر کلچر کے حوالہ سے مسز نسرین ملک کو کوئی اہم ذمہ داری دی ہوتی تو آج فن مرتا نہ ہی فنکار مسز نسرین ملک مسلم لیگ ن کے کلچر ونگ کو لیکر اس وقت سے چل رہی ہیں جب مشرف کے سخت ترین دور میں مسلم لیگ ن کا نام لینے والا بھی کوئی نہیں ہوتا تھا یہ تب سے لیکر آج تک فنکاروں کے ساتھ جڑی ہوئی ہیں

جو فنکاروں کے معاملات الحمرا اور پنجاب آرٹ کونسل میں بیٹھے ہوئے لوگوں سے زیادہ جانتی ہے لیکن انہیں انکے شعبہ سے دور رکھا ہوا ہے جسکا نقصان پنجاب حکومت کو پہنچ رہا ہے کہ آج ہمارے تھیٹر بند ہیں اور فنکار بے روزگار ہو چکے ہیں انکے پاس روٹی کے لیے پیسے ہیں اور نہ ہی دوائی کھانے کو پیسے ہیں اگر حکومت نے اپنی یہی پالیسی رکھی تو ایک دن آئے گا جب تھیٹر بھی سینما ہالوں کی طرح مارکیٹوں یا پلازوں میں تبدیل ہو جائیں اس وقت سے بچنے کے لیے ضروری ہے کہ مسز نسرین ملک جیسی کلچر کو سمجھنے والوں کو اہم ذمہ داریاں دی جائیں

احتجاج کا سلسلہ جاری

بلوچ یکجہتی کمیٹی کے لیڈروں کی گرفتاری کے بعد احتجاج کا سلسلہ جاری ہے۔ ایک طرف حکومت کی طرف سے سخت رویہ اختیار کیا گیا ہے تو دوسری طرف بی وائی سی نے کسی نرمی کا مظاہرہ کرنے کی بجائے تصادم کو ہوا دینے کی کوشش کی ہے۔ یہ لڑائی گرفتاریوں اور شٹر ڈاو؟ن ہڑتال سے بڑھ کر اب سوشل میڈیا پر ایک دوسرے کے خلاف پروپیگنڈے تک پھیل چکی ہے جس میں کردار کشی کی جا رہی ہے اور اشتعال انگیزی کی ناگوار صورت حال پیدا ہو رہی ہے۔ احتجاج کا یہ سلسلہ 11 مارچ کو وادی بولان میں جعفر ایکسپریس کے اغوا کے اور دہشت گردوں کے قبضے سے مسافروں کی رہائی کے لیے ہونے والی فوجی کارروائی کے بعد سے شروع ہوا۔ اس سانحہ میں 33 دہشت گرد مارے گئے تھے لیکن 31 شہری بھی جاں بحق ہوئے جن میں فورسز کے ارکان بھی شامل تھے۔ بلوچ لبریشن آرمی نے اس حملہ کی ذمہ داری قبول کی تھی۔ حکومت نے فوجی کارروائی میں مارے جانے والے دہشت گردوں کی لاشیں ان کے ورثا کے حوالے کرنے کا اعلان کیا تھا۔ خبروں کے مطابق کسی دہشت گرد کا کوئی وارث تو سامنے نہیں آیا لیکن بلوچ یک جہتی کمیٹی نے حکومت سے یہ لاشیں اس کے حوالے کرنے کا مطالبہ کیا جو نامنظور کر دیا گیا۔ اس کے بعد حالات وواقعات کے بارے میں متضاد اور اپنے اپنے نقطہ نظر سے معلومات فراہم کی جا رہی ہیں۔ لیکن ایک طرف بی وائی سی کے کارکنوں و لیڈروں نے تشدد کا راستہ اختیار کیا تو دوسری طرف حکومت نے کسی قسم کی رعایت کرنے کی بجائے بلوچ یک جہتی کمیٹی کی خاتون لیڈروں سمیت متعدد کارکنوں کو گرفتار کر لیا۔ کوئٹہ سے گرفتار ہونے والوں میں بی وائی سی کی لیڈر ماہ رنگ بلوچ بھی شامل تھیں۔ ایک روز بعد کراچی پریس کلب کے باہر احتجاج کرنے کی کوشش میں ایک دوسری ممتاز لیڈر سمی بلوچ کو بھی گرفتار کر لیا گیا۔ اب بلوچ گروہ اس نکتہ پر احتجاج منظم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں کہ حکومت نے خواتین کو گرفتار کر کے بلوچوں کی عزت کو للکارا ہے۔ خاص طور سے بلوچستان نیشنل پارٹی (مینگل) کے سربراہ سردار اختر مینگل کے بیان میں اس کی گونج سنائی دیتی ہے۔ حالانکہ یہ گرفتاریاں صنفی بنیاد پر نہیں ہوئیں بلکہ احتجاج اور پولیس سے مقابلہ کی صورت حال میں بلاتخصیص لوگوں کو گرفتار کیا گیا جن میں ماہ رنگ بلوچ اور دوسری خواتین بھی شامل ہیں۔ اس مسئلہ کو عورتوں کے ساتھ زیادتی کا معاملہ نہیں کہا جاسکتا۔


حقائق
تحریر
وسیم علی مغل

اگرچہ کسی سیاسی تحریک سے وابستہ افراد کی گرفتاریاں ناقابل قبول ہیں کیوں کہ سیاسی معاملات کو صلح صفائی اور مفاہمت سے حل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ تاہم یہ ذمہ داری حکومت اور مخالف فریق پر یکساں طور سے عائد ہوتی ہے۔ کوئی سیاسی تحریک اسی وقت تک قابل احترام اور عوامی تائید کی مستحق ہوتی ہے جب تک مطالبات کو پرامن طریقے سے پیش کیا جائے، احتجاج کے دوران تشدد کا راستہ اختیار نہ کیا جائے اور قانون کا احترام پیش نظر رکھا جائے۔ حالیہ تصادم کے دوران دیکھا جاسکتا ہے کہ اگر حکومتی اداروں نے زیادتی کی یا احتجاج ختم کرانے کے لیے طاقت کا استعمال کیا گیا تو بلوچ یک جہتی کمیٹی کی طرف سے بھی تشدد بروئے کار لایا گیا۔ کسی وقتی ہیجان خیز ماحول میں شروع ہونے والا تصادم ایسی صورت حال کا سبب بن سکتا ہے۔ تاہم اس کے فوری بعد حکومت اور احتجاج منظم کرنے والوں کو ہوشمندی سے، مفاہمت کی طرف لوٹنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ ایک دوسرے پر حملے کرنے، الزام تراشیوں اور دھمکیاں دینے سے حالات بہتر ہونے کا امکان نہیں ہوتا۔ یہ تنازعہ اگرچہ بلوچ یک جہتی کمیٹی اور حکومت کے درمیان دہشت گردوں کی لاشوں کی 'ملکیت' کے سوال سے شروع ہوا لیکن بعد میں اس نے تشدد کی صورت اختیار کر لی، جس کا مظاہرہ مبینہ طور پر دونوں طرف سے کیا گیا ہے۔ ایسے میں مناسب ہوتا کہ دونوں ہی اپنی غلطی تسلیم کر کے ایک قدم پیچھے ہٹنے کی کوشش کرتے۔

لیکن اگر احتجاجی یہ سمجھیں گے کہ اب 'آخری معرکہ' کا وقت آ چکا ہے تو شاید حکومت بھی اس آخری معرکہ جیتنے کے لیے اپنی پوری طاقت استعمال کرے گی۔ یہ صورت حال بہر حال کسی پرامن تحریک کے لیے سودمند نہیں ہو سکتی۔

قومی سلامتی کمیٹی کا نیا اجلاس بلانے کی اپیل کی

پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے دہشت گردی کے خلاف قومی یک جہتی کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے وزیر اعظم شہباز شریف سے قومی سلامتی کمیٹی کا نیا اجلاس بلانے کی اپیل کی ہے۔ گورنر ہاو؟س لاہور میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ اجلاس خواہ ایک ماہ بعد ہی منعقد ہو لیکن کوشش کی جائے کہ اس میں سب سیاسی پارٹیاں شریک ہوں تا کہ قومی افہام وتفہیم سے تشدد کے اہم چیلنج کا مقابلہ کیا جا سکے۔ گزشتہ ہفتے کے دوران قومی سلامتی کے اجلاس میں تحریک انصاف کے علاوہ تحریک تحفظ آئین پاکستان میں شامل متعدد جماعتوں نے شرکت سے انکار کیا تھا۔ اس موقع پر یہ عذر تراشا گیا تھا کہ عمران خان کو اس اجلاس میں شرکت کی دعوت نہ دینے کی وجہ سے اجلاس کا بائیکاٹ کیا جا رہا ہے۔ تاہم یہ موقف تحریک انصاف کی طرف سے اختیار کیا گیا تھا، اس سیاسی اتحاد میں شامل باقی جماعتوں نے بلوچستان میں سرکاری پالیسی سے اختلاف کی وجہ سے شریک ہونے سے معذوری ظاہر کی تھی۔ ان میں خاص طور سے محمود خان اچکزئی اور سردار اختر مینگل قابل ذکر ہیں۔ حالانکہ بلوچستان کے ان دونوں لیڈروں کو اگرچہ قومی اسمبلی میں بڑی نمائندگی حاصل نہیں ہے لیکن خانہ جنگی کی طرف بڑھتے ہوئے صوبے کے نمائندوں کے طور پر وہ قومی اتحاد کے عمل کا حصہ بن کر کسی مناسب سیاسی حل کی طرف پیش قدمی کا حصہ بن سکتے تھے۔ اس سارے معاملے کا یہ پہلو بھی حیرت انگیز ہے کہ صرف ایک روز پہلے تحریک انصاف نے نہ صرف قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں شریک ہونے کا اعلان کیا تھا بلکہ اس اجلاس کے لیے اپنے ارکان کے نام بھی قومی اسمبلی سیکریٹریٹ کو جمع کرا دیے تھے۔ البتہ جب اس کے ساتھ سیاسی اتحاد میں شریک چھوٹی جماعتوں کے لیڈروں نے قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس کو غیر ضروری قرار دینے کا موقف اختیار کیا تو تحریک انصاف نے بھی ایک نیا یوٹرن لیتے ہوئے اجلاس کے بائیکاٹ کا اعلان کر دیا۔ حالانکہ اپوزیشن اتحاد کی سب سے بڑی اور نمایاں سیاسی قوت ہونے کہ وجہ سے تحریک انصاف کو اپنی بات منوانی چاہیے تھی لیکن اس بڑی پارٹی کی مجبوری اور بدحواسی کا یہ عالم ہے کہ وہ چھوٹی پارٹیوں اور قومی اسمبلی میں صرف ایک نشست رکھنے والے لیڈروں کے پیچھے چلنے پر آمادہ ہے۔ وقت کے ساتھ کسی نہ کسی فورم سے یہ سوال ضرور اٹھایا جائے گا


میرے بول
سہیل کوثر
sohailkoser@gmail.com

کہ ایک ایسی پارٹی سے ملک کے عوام کیسی رہنمائی کی توقع کر سکتے ہیں جس کا کوئی واضح سیاسی موقف ہی نہیں ہے اور جو سیاسی نعرے بازی کے لیے چھوٹی پارٹیوں کو رہنما مان کر ملکی سیاست میں اپنا کردار ادا کرنے سے گریز کرتی ہے۔ حالانکہ تحریک انصاف اس وقت اگر قومی اسمبلی کی سب سے بڑی جماعت ہے تو اس کا یہ مطلب ہے کہ لوگوں نے اس پارٹی پر اعتماد کرتے ہوئے انہیں ووٹ دیے ہیں۔ سیاسی مقاصد سے حالات کو خواہ جیسے بھی بیان کیا جائے لیکن اگر عوام کی حمایت سے منتخب ہونے والے ارکان کوئی سیاسی لائحہ عمل سامنے لانے اور اس کی بنیاد پر حکومت اور دیگر پارٹیوں سے معاملات طے کرنے کی صلاحیت کا مظاہرہ نہیں کر پاتے تو وہ درحقیقت حق نمائندگی ادا کرنے میں ناکام ہو رہے ہیں۔ عمران خان کی حراست کئی لحاظ سے سیاسی ہے اور اس حوالے سے بحث کی جا سکتی ہے۔ لیکن کیا ایک سیاسی لیڈر کی گرفتاری اور اس کے خلاف حکومتی و ریاستی طاقت کے استعمال کو اتنا بڑا مسئلہ بنا کر قومی سلوگن بنایا جاسکتا ہے کہ قومی سلامتی جیسے اہم مسائل کے بارے میں بھی بات سے گریز کیا جائے۔ تحریک انصاف نے بعینہ یہی رویہ اختیار کیا ہے۔ یہ تو واضح ہے کہ پارٹی قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس اور اس میں پی ٹی آئی کی شرکت کی اہمیت سے آگاہ تھی لیکن چھوٹی پارٹیوں کے دباو؟ میں اس نے اس اصولی موقف کو تبدیل کر لیا۔ یوں قیادت کرنے کی بجائے دوسروں کے پیچھے لگنے کو ترجیح دی۔

حالانکہ عمران خان اور تحریک انصاف کے لیڈروں کو یہ سوچنا چاہیے کہ لوگوں نے انہیں ووٹ دے کر قومی اسمبلی میں قابل قدر نمائندگی کے قابل سمجھا ہے۔ انہوں نے محمود خان اچکزئی کی پارٹی کو اسی نوے نشستیں نہیں دلوائیں۔ عوام کے سامنے اچکزئی کی بجائے عمران خان اور ان کی پارٹی جواب دہ ہوگی۔

★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★
DAILY QUWAT LAHORE
روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
ایڈیٹر امداداللہ قریشی
Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

مذہبی ایڈیشن

اللہ کے نام کی عظمت وفضیلت

دل اگر غیر سے اور پیٹ حرام سے خالی ہو تو پھر اللہ جل شانہ کا ہر نام ''اسم اعظم'' ہے

مولانا رضوان اللہ پشاوری

حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ رحمتِ عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں، (یعنی) سو میں ایک کم، جس نے ان کو (یاد کیا، یا ان کو پڑھا، یا ان کے معانی جانے اور ان پر عمل کیا اور محفوظ کر لیا) وہ جنت میں داخل ہوگا۔ (متفق علیہ)

بلاشبہ اللہ جل جلالہ وعم نوالہ واعظم شانہ کی عبادت و معرفت کا جذبہ اور حوصلہ انسانی فطرت اور طبیعت کا خاصہ اور ایک حصہ ہے، یہی وجہ ہے کہ اس دنیا کے انسان نے اپنے خالق وحقیقی مالک کے وجود کو دیکھا تو نہیں، لیکن اس کے باوجود جب کبھی اس کی زندگی میں کوئی خوش گوار واقعہ پیش آتا ہے تو عموماً جبینِ انسانی میں سجدۂ شکر مچلنے لگتا ہے اور جی چاہتا ہے کہ اس اَن دیکھی غیبی ہستی کا شکر ادا کرے، ایسے ہی جب کوئی ناگوار حادثہ پیش آتا ہے تو انسانی ہاتھ اسی نادیدہ ذات کی طرف بے اختیار بڑھتے اور پھیلتے ہیں اور آنکھیں اپنے عجز کے اظہار میں اشکبار ہو جاتی ہیں، اسی کا نتیجہ ہے کہ دنیا کی تاریخ کا کوئی زمانہ اور کائنات کا کوئی خطہ خداپرستی کے اس فطری جذبہ سے خالی نہیں رہا ہے، ہمیشہ سے دنیا والے اسی کو یاد کرتے اور پکارتے ہیں۔

اللہ جل شانہ کو ہر اس نام سے پکار سکتے ہیں جو اس کے شایانِ شان ہو، اللہ جل شانہ کی ذاتِ منبع الکمالات کو ملحدین و منکرین کے علاوہ (جن کی تعداد ہر زمانہ میں کالعدم رہی ہے) ہر قوم و مذہب کے لوگوں نے آج تک مختلف ناموں سے مانا اور پکارا ہے اور مانتے اور پکارتے رہیں گے، کوئی خدا کہہ کر پکارتا ہے تو کوئی گاڈ کہہ کر، کوئی اِشور کہہ رہا ہے تو کوئی پرمیشور، غرض جو جس نام سے بھی اللہ جل شانہ کو یاد کرتا ہے اگر تحقیق کے بعد ثابت ہو جائے کہ وہ نام اللہ جل شانہ کی الوہیت وعظمت اور ذات وصفات کے خلاف نہیں تو فقہی نقطۂ نظر سے اس نام سے پکارنے میں کوئی مضائقہ نہیں، کیوں کہ اللہ جل شانہ خود ارشاد فرماتے ہیں: آپ کہہ دیجیے کہ اللہ جل شانہ کہہ کر پکارو! یا رحمٰن کہہ کر، جس نام سے بھی پکارو پکار سکتے ہو ایک ہی بات ہے، اس کے بہت سے بہترین نام ہیں یا تمام بہترین نام اسی کے ہیں۔ (بنی اسرائیل)

اس آیتِ کریمہ سے دو باتیں معلوم ہوئیں:

(1) اللہ جل شانہ کو ہر اس نام سے پکار سکتے ہیں جو اس کے شایانِ شان ہو، خواہ کسی بھی زبان میں ہو، کیوں کہ اس کی عظمت والا نام عربی زبان کے ساتھ ہی خاص نہیں اور نہ ہی صرف انسانوں کی زبانوں کے ساتھ خاص ہے، بل کہ مختلف مخلوقات کی زبانوں پر بھی تو اسی کا نام ہے۔

اگر گوشِ ہوش سے سنا جائے تو پتوں اور کلیوں کی سرسراہٹ، پھولوں کی مسکراہٹ، پرندوں اور چڑیوں کی چہچہاہٹ میں ''اللہ، اللہ'' کی آواز آتی ہے: وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ (بنی اسرائیل)

اس آیت میں اسی کو فرمایا ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ اور کوئی چیز ایسی نہیں ہے جو اس کی حمد کے ساتھ تسبیح نہ کر رہی ہو۔ معلوم ہوا ہر مخلوق اس کو پکارتی ہے اور پکار سکتی ہے۔

اللہ جل شانہ کے اسمائے حسنیٰ:

(2) دوسری بات یہ واضح ہوگئی کہ اللہ جل شانہ کے بہت سے بہتر نام ہیں، بل کہ تمام بہترین نام اسی کے ہیں، اسی کو فرمایا: وَلِلّٰهِ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰى (الأعراف) اور حدیث مذکور میں اس اجمال کی تفصیل کرتے ہوئے سرکارِ دوعالم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَّتِسْعِیْنَ اسْمًا حق تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ کی تعداد ننانوے ہے، جو شخص ایمان اور عقیدت کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا قرب اور اس کی رضا حاصل کرنے کے لیے اس کے ننانوے نام محفوظ کر لے، یا ان کے ذریعہ دعا کرے، یا ان کے ذریعہ اپنے رب کو یاد کرے، یا ان کے معانی جان کر عمل کرے تو وہ جنت میں جائے گا۔

لیکن یہاں علمائے محدثین فرماتے ہیں کہ اس تعبیر سے اللہ جل شانہ کے اسمائے حسنیٰ کی تکثیر بیان کرنا مقصود ہے، تحدید نہیں، ورنہ ان ننانوے اسمائے حسنیٰ کے علاوہ بھی اللہ جل شانہ کے ایسے بہت سے نام ہیں جن کا ذکر کلام اللہ اور احادیثِ رسول اللہ ﷺ میں نہیں، البتہ ننانوے کا جو عدد ذکر کیا گیا اس کا مقصد یہ ہے کہ حدیثِ پاک میں اسمائے حسنیٰ کو یاد کرنے والے کے لیے جنت کی جو فضیلت ہے وہ ان ہی ننانوے ناموں کے ساتھ مخصوص ہے۔ (مظاہرِ حق جدید) اور بعض سلف سے منقول ہے کہ جس نے ''اللّٰھم'' سے دعا مانگی اس نے گویا تمام ہی اسمائے حسنیٰ کے ذریعہ دعا مانگی۔ (مظاہرِ حق جدید)

پھر یہ بھی حقیقت ہے کہ اللہ جل شانہ کے جتنے بھی اسمائے حسنیٰ ہیں وہ سب کے سب اس کی الوہیت و ربوبیت اور شانِ عظمت و رفعت، قدرت و قوت، نصرت و حفاظت، محبت و ہدایت، شفقت و سخاوت وغیرہ پر دلالت کرتے ہیں، ان تمام اسمائے حسنیٰ میں لفظ اللہ اسمِ ذات اور باقی اسمائے صفات ہیں، جیسا کہ خود قرآنِ پاک کے ارشاد سے پتا چلتا ہے، فرمایا: وہ اللہ وہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، اسے تمام کھلی چھپی باتوں کا علم ہے، وہی رحمٰن و رحیم ہے۔ (الحشر)

یہاں اسمائے حسنیٰ میں لفظ اللہ کو اسمِ ذات قرار دیا اور موصوف بنایا، اور دوسرے اسمائے حسنیٰ کو صفت بنایا ہے، پھر عجیب بات یہ ہے کہ اس کی عظمتِ شان اس کے ہر ہر عظیم الشان نام سے بھی ثابت ہوتی ہے۔

ایک حیرت انگیز حکایت:

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے متعلق منقول ہے کہ مقامِ نبوت سے سرفراز ہونے کے بعد اہل وعیال کے نان نفقہ سے مطمئن کرنے کی غرض سے حق تعالیٰ نے حکم فرمایا: موسیٰ! تمھارے قریب جو چٹان ہے اس پر عصا مارو، تعمیل ارشاد میں سیدنا موسیٰ علیہ السلام نے جب عصا مارا تو چٹان کے دو ٹکڑے ہو گئے اور درمیان سے ایک پتھر نکلا، پھر حکم ہوا کہ اس پتھر پر بھی عصا مارو، حکم کی تعمیل فرمائی تو اس سے ایک اور پتھر نکلا، ارشاد ہوا کہ اس پتھر پر ایک اور ضرب مارو، اب کی بار جب سیدنا موسیٰ علیہ السلام نے پتھر پر عصا مارا تو اس میں سے ایک عجیب وغریب کیڑا نکلا، جس کے منہ میں بطورِ غذا ایک ہرا پتا تھا اور ہونٹ ہل رہے تھے، کان لگا کر معلوم کیا تو آواز آرہی تھی: ''سُبْحَانَ مَنْ یَرَانِیْ، وَیَسْمَعُ کَلَامِیْ، وَیَعْرِفُ مَکَانِیْ، وَیَذْکُرُنِیْ، وَلَا یَنْسَانِیْ'' پاک ہے وہ جو اس جگہ بھی مجھے برابر دیکھتا ہے، میری بات کو برابر سنتا ہے، میرے مکان اور مسکن سے بھی واقف ہے، مجھے برابر یاد رکھتا ہے، بھولتا نہیں۔ (گلستانِ قناعت)

واقعی وہ ایسے ہی بلند و بالا شان والا ہے: اس کے مثل کوئی چیز نہیں ہے۔ (شوریٰ) مگر اس کے باوجود حقیقت یہ ہے کہ

تو دل میں تو آتا ہے،
سمجھ میں نہیں آتا
میں جان گیا تری پہچان یہی ہے مولیٰ!

اللہ جل شانہ کی رفعت:

ظاہر ہے کہ ذاتِ خداوندی کو ''اللہ'' اسی لیے تو کہتے ہیں کہ وہ نہایت ہی اعلیٰ و ارفع اور بلند و بالا ہے، اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات اتنی بلند ہے کہ پستی کا امکان ہی نہیں، وہ عجز وفنا سے بلند، ضعف واضمحلال سے بلند، فقر ومحتاجی سے بلند، سونے اور اونگھنے سے بلند، کمزوری اور سستی سے بلند، ہر قسم کے نقص وعیب اور وہم وگمان سے بلند ہے، اس کی بلندی کے سامنے تمام بلندیاں ہیچ ہیں، اس کے علم کے سامنے سب علوم جہالت، اس کی سماعت کے سامنے سب کی سماعتیں بہرا پن، اس کی بصارت کے سامنے سب کی بصارتیں اندھا پن، اس کی فصاحت کے سامنے سب کی فصاحتیں گونگا پن، اس کے وجود کے سامنے سب کا وجود کالعدم اور اس کی بقا کے سامنے سب کی بقا فنا۔ وہ اس قدر بلند و بالا ہے کہ عظمتوں کی معراج اور بلندیوں کی انتہا اسی کے لیے ہے۔

لفظ ''اللہ'' حق تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے:

اور یہی وجہ ہے کہ جس طرح اللہ جل شانہ کی ذات وصفات بلند وبالا ہیں، ان میں اس کا کوئی ثانی اور شریک نہیں، اسی طرح اس کا اسمِ ذات بھی بلند وبالا ہے، اس میں بھی اس کا کوئی ثانی نہیں، اس لیے علما نے فرمایا کہ لفظ ''اللہ'' حق تعالیٰ شانہ کے ساتھ خاص ہے، لہٰذا لفظ ''اللہ'' سے حق تعالیٰ ہی کو موسوم کیا جا سکتا ہے، اس کے علاوہ کسی کو نہیں، چناں چہ ارشادِ ربانی ہے: کیا کوئی اور ہے؟ جو اللہ کے نام سے موسوم ہو۔ (سورۃ مریم) اس کی ایک تفسیر یہی منقول ہے، اسی لیے اس مبارک نام کا نہ تثنیہ ہے اور نہ جمع۔ (قاموس الفقہ)

لفظ اللہ کی ایک زبردست خصوصیت یہ ہے کہ قرآنِ کریم میں لفظ ''اللہ'' قریباً دو ہزار نوسو چالیس مرتبہ آیا ہے۔ (حکایتوں کا گلدستہ) حتیٰ کہ جمہور اہلِ علم نے تو لفظ ''اللہ'' ہی کو اسمِ اعظم قرار دیا ہے۔ (مرقاۃ)

لیکن قطبِ ربانی، محبوبِ سبحانی حضرت شیخ عبد القادر جیلانیؒ فرماتے ہیں کہ اگر لفظ ''اللہ'' زبان سے اس حال میں ادا کیا جائے کہ دل میں اللہ تعالیٰ کے علاوہ کچھ نہ ہو، تب لفظ ''اللہ'' اسمِ اعظم ہے۔ (مرقاۃ) اور ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ دل اگر غیر سے اور پیٹ حرام سے خالی ہو تو پھر اللہ جل شانہ کا ہر نام ''اسمِ اعظم'' ہے۔

لفظ ''اللہ'' تو ایسا بابرکت نام ہے کہ اگر خدانخواستہ غفلت کے ساتھ لیا جائے تب بھی برکت سے خالی نہیں، پھر عظمت کے ساتھ لینے کی کیا فضیلت ہوگی؟

اللہ جل شانہ کا مقدس نام کائنات کی روح:

کیوں کہ اللہ جل جلالہ کا مقدس نام تو اس وقت بھی تھا جب کائنات میں کچھ نہ تھا اور اس وقت بھی ہوگا جب کچھ بھی باقی نہ رہے گا، اللہ جل جلالہ کا مقدس نام ہی کائنات کی اصل روح اور جان ہے، یہ دنیا کی بستی اسی وقت تک آباد رہے گی جب تک کسی ایک کی زبان پر بھی یہ مقدس نام جاری رہے گا، اور جس وقت کوئی زبان بھی ''اللہ، اللہ'' کا ورد کرنے والی باقی نہ رہے گی اس وقت بساطِ عالم کو لپیٹ دیا جائے گا، آسمان کی قندیلیں بجھا دی جائیں گی، دریاؤں اور سمندروں کا پانی خشک ہو جائے گا، نظامِ عالم درہم برہم ہو جائے گا۔ (مشکوٰۃ)

بس ثابت ہو گیا کہ اللہ جل شانہ کی ذات جیسے عظیم ہے اس کا مقدس نام بھی اسی طرح عظیم ہے اور عظمت سے اس کا مقدس نام لینے والا بھی عظیم ہے۔ حضرت تھانویؒ فرماتے ہیں: اللہ رب العزت کا نام اتنا عظمت والا ہے کہ اگر ہم ہزار بار بھی مشک اور عنبر سے اپنی زبان دھو کر اس کا مقدس نام لیں تو اس کے تقدس کا حق ادا نہیں کر سکتے، لیکن یہ اس کا انعام اور احسان ہے کہ اس نے اپنا مقدس اور عظیم نام ہماری ناپاک اور حقیر زبان پر بآسانی جاری فرما دیا، اب جو اس پاک نام کو وردِ زبان رکھے گا، اس کی زبان اور جسم دونوں پاک ہو جائیں گے۔ ان شاء اللہ۔ حق تعالیٰ ہمیں اپنی معرفت اور اپنے نام کی عظمت نصیب فرمائے۔

''وہ خود بھوکے پیاسے اور شدید حاجت مند ہونے کے باوجود اپنے آپ پر اپنے مسلمان بھائیوں (کی ضروریات پورا کرنے) کو ترجیح دیتے ہیں۔'' (سورۃ الحشر، آیت نمبر 9)

ایثار و ہمدردی: انسانی معاشرے کا اسلامی حسن

سخاوت تب کی جاتی ہے جب اپنے پاس مال وزر خاطر خواہ مقدار میں موجود ہو جب کہ ایثار خود بھوکے پیاسے اور شدید حاجت مند ہونے کے باوجود اپنے مسلمان بھائی کی ضروریات کو پورا کرنے کو کہتے ہیں

متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن

امیر: عالمی اتحاد اہل السنۃ والجماعۃ

اللہ تعالیٰ کی محبت، معرفت، خوشنودی اور رضا حاصل کرنے کے لیے دوسروں کی ضروریات کو اپنی ذاتی ضروریات وحاجات پر ترجیح دینا ''ایثار'' کہلاتا ہے۔ ویسے تو یہ سخاوت ہی کی ایک قسم ہے لیکن عام طور پر سخاوت اور ایثار میں یہ فرق ملحوظ رکھا جاتا ہے کہ سخاوت تب کی جاتی ہے جب اپنے پاس مال وزر خاطر خواہ مقدار میں موجود ہو جب کہ ایثار خود بھوکے پیاسے اور شدید حاجت مند ہونے کے باوجود اپنے مسلمان بھائی کی ضروریات کو پورا کرنے کو کہتے ہیں، اس اعتبار سے یہ جود وسخا، فیاضی و دریا دلی کا اعلیٰ ترین درجہ ہے۔ یہ عمل اسلامی معاشرت کا وہ روشن باب ہے جس کی تابانیوں سے اقوامِ عالم میں اہل اسلام کے چہرے چمک رہے ہیں، دیگر اوصافِ حمیدہ اور صفاتِ حسنہ کی طرح ایثار بھی اہلِ ایمان کی خاص پہچان ہے، تبلیغ دین کا مؤثر ترین ذریعہ ہے۔

اس کی بدولت معاشرہ بدحالی سے خوشحالی، بدامنی سے امن، تنزلی سے ترقی، بے سکونی سے راحت اور بے حسی سے احساس کی طرف گامزن ہوتا ہے یعنی غم مٹتے اور خوشیاں جنم لیتی ہیں۔ آج کی جدید دنیا باہمی محبت کے لیے ہزار جتن کر رہی ہے لیکن اسلامی طرزِ معاشرت اور اسلامی تعلیمات پر عمل کیے بغیر یہ خواب کبھی بھی شرمندۂ تعبیر نہیں ہو سکتا کیوں کہ دین اسلام بقائے باہمی کا نہ صرف یہ کہ نظریہ پیش کرتا ہے بل کہ اس نظریہ کو اپنانے کی تعلیم بھی دیتا ہے۔ اسلام کی تعلیمات میں ایک اہم سبق ایثار و ہمدردی کا بھی ہے۔ اس کی معاشرتی اہمیت وضرورت کے پیشِ نظر قرآن کریم اور احادیث مبارکہ میں بہت تلقین کی گئی ہے۔

1: قرآن کریم نے اہل ایمان (انصارِ مدینہ) کے دیگر اوصاف کے تذکرے کے ساتھ جذبۂ ایثار و ہمدردی کو سراہتے ہوئے اس کی خوب تعریف و توصیف بیان فرمائی ہے کہ ''وہ خود بھوکے پیاسے اور شدید حاجت مند ہونے کے باوجود اپنے آپ پر اپنے مسلمان بھائیوں (کی ضروریات پورا کرنے) کو ترجیح دیتے ہیں۔'' (سورۃ الحشر، آیت نمبر 9)

نوٹ: اگرچہ یہ آیت کریمہ ایک خاص موقع پر نازل ہوئی، لیکن احکاماتِ قرآنیہ کا اسلوب یہ ہے کہ اس سے مقصود پوری امت کو تعلیم دینا ہوتا ہے۔

2: اس آیت کے شان نزول کے حوالے سے حضرت ابو ہریرہؓ سے ایک طویل حدیث مروی ہے۔ جس میں ہے کہ ایک شخص رسول اللہ ﷺ کے پاس حاضر ہوا اور آکر عرض کی کہ یا رسول اللہ! مجھے بھوک نے ستایا ہوا ہے۔ آپ ﷺ نے اپنے تمام گھروں سے معلوم کروایا، وہاں سے کچھ نہ ملا تو آپ ﷺ نے صحابہ کرام سے فرمایا کہ کوئی ہے جو ان کی ایک رات کی مہمانی قبول کرے۔ ایک صحابیؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں مہمانی کروں گا۔ ان کو گھر لے گئے اور بیوی سے فرمایا کہ یہ حضور ﷺ کے مہمان ہیں ان کی مہمان نوازی میں کمی نہ ہونے پائے اور کوئی چیز چھپا کر نہ رکھنا۔ بیوی نے کہا خدا کی قسم بچوں کے لیے کچھ تھوڑا سا رکھا ہے اور کچھ بھی گھر میں نہیں۔ انھوں نے فرمایا کہ بچوں کو بہلا کر سلا دینا اور جب وہ سو جائیں تو کھانا لے کر مہمان کے ساتھ بیٹھ جائیں گے اور تو چراغ درست کرنے کے بہانے سے اٹھ کر اس کو بجھا دینا۔ چناں چہ بیوی نے ایسا ہی کیا اور دونوں میاں بیوی اور بچوں نے فاقہ سے رات گزاری۔ اور قرآن کریم کی آیت یُؤْثِرُوْنَ عَلٰی اَنْفُسِهِمْ نازل فرمائی۔ (صحیح بخاری)

فائدہ: اسی آیت کے ذیل میں امام نسفیؒ نے تفسیر مدارک التنزیل میں ایک واقعہ نقل فرمایا ہے کہ ابو زید کہتے ہیں مجھے اہل بلخ کے ایک نوجوان نے پوچھا کہ آپ کے نزدیک زُہد کیا ہے؟ تو میں نے جواب دیا کہ اذا وجدنا اکلنا جب مل جاتا ہے تو کھا لیتے ہیں واذا فقدنا صبرنا اور جب نہیں ملتا تو صبر کرتے ہیں۔ تو وہ مجھے کہنے لگا کہ یہ تو ہمارے ہاں بلخ کے کتوں میں بھی پایا جاتا ہے پھر اس نے کہا کہ زہد یہ ہے کہ اذا فقدنا صبرنا جب ہمیں نہیں ملتا تو ہم صبر کرتے ہیں واذا وجدنا اثارنا اور جب ہمیں ملتا ہے تو ہم ایثار کرتے ہیں۔

3: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ ایک شخص کو آپ ﷺ نے بکریوں کا بہت بڑا ریوڑ جو کہ دو پہاڑوں کے درمیان پھیلا ہوا تھا، اسے عنایت فرمایا، وہ شخص آپ کی اس دریا دلی فیاضی سخاوت اور ایثار وہمدردی سے اس قدر متاثر ہوا کہ وہ اپنی قوم میں جا کر کہنے لگا: ''اے لوگو! اسلام لے آؤ کیوں کہ (اس دین کی طرف بلانے والے) محمد ﷺ (اس قدر سخی ہیں اور) اتنا دیتے ہیں کہ وہ اپنے فقیر ہونے کی بھی پروا نہیں کرتے۔ (صحیح مسلم)

رسول اللہ ﷺ کی ایثار وہمدردی صرف اپنی ذات کی حد تک محدود نہ تھی آپ نے اپنے اہل و عیال اور قریبی متعلقین کو بھی اس کا سختی سے پابند کر کے ساری دنیا کے لیے تاقیامِ قیامت یہ واضح پیغام دیا کہ ایثار و ہمدردی جیسی انسانی خدمت کو محض سیاسی مفادات اور بیان بازی کی بھینٹ نہ چڑھایا جائے بل کہ یہ وہ پھول ہیں جن کی بدولت اپنی عملی زندگی کے چمن میں بہاریں لائی جاتی ہیں۔

4: حضرت علیؓ کی ذکر کردہ ایک طویل روایت میں ہے ایک بار میں اور سیدہ فاطمہ دونوں آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے، میں نے عرض کی یا رسول اللہ! چکی پیستے پیستے فاطمہ کے ہاتھوں میں چھالے پڑ گئے ہیں۔ (حالیہ غزوے کے) مال غنیمت میں جو لونڈیاں آئی ہیں، ان میں سے چند ایک ہماری خدمت کے لیے مقرر فرما دیں۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''خدا کی قسم میں تمھیں نہیں دے سکتا۔ میں تمھیں کیسے دے دوں؟ جب کہ اہل صفہ بھوک کے بیٹھے رہیں۔ (فی الحال) میرے پاس کوئی ایسی چیز نہیں ہے جو میں ان پر خرچ کر سکوں، میں ان غلاموں کو بیچوں گا اور ان کی رقم اہل صفہ پر خرچ کروں گا۔'' (مسند احمد)

غور فرمائیے! باوجودے کہ رسول اللہ ﷺ کو بخوبی معلوم تھا کہ آپ کی لاڈلی صاحبزادی کن مشکل حالات اور تنگ دستی وفاقہ کشی جیسی آزمائش سے دوچار ہے، مگر اس سب کے باوجود رسول اللہ ﷺ نے ان پر اصحاب صفہ کو ترجیح دی۔

ایثار وہمدردی کے چند مواقع:

دن رات میں ہمیں کئی بار ایسے لمحات میسر آتے ہیں جن میں ہم اس اسلامی حکم پر آسانی کے ساتھ عمل پیرا ہو سکتے ہیں لیکن معمولی سی غفلت اور لاپروائی کی وجہ سے ہم ان لمحات سے فائدہ حاصل نہیں کرتے۔ اس بات کو ذہن میں رکھتے ہوئے اپنی زندگی کے شب و روز پر نگاہ ڈالیے تو بیسیوں ایسے مواقع مل جائیں گے۔ چند ایک پیش خدمت ہیں:

1) بلوں کی ادائی کے لیے قطار بناتے وقت
2) کسی مقامی جگہ پر پانی وغیرہ پیتے کے وقت
3) کسی دکان وغیرہ سے سودا سلف لیتے وقت
4) کسی تقریب وغیرہ میں شرکت کے وقت
5) سفر کے دوران بس/ ویگن/ ٹرین وغیرہ میں سیٹ پر بیٹھتے وقت
6) ہسپتال وغیرہ میں پرچی یا دوائی لیتے وقت
7) کسی مجلس میں گفتگو کے وقت
8) کسی اجتماعی پروگرام میں آتے جاتے وقت

الغرض روزمرہ کی زندگی میں ہر ایسے موقع پر جہاں آپ اور کوئی دوسرا مسلمان بھائی دونوں برابر کے شریک ہوں تو وہاں اپنے بھائی کی ضرورت کا خیال رکھتے ہوئے اسے ترجیح دیں۔ اس سے دلوں میں محبت بھی پیدا ہوگی اور انسانی معاشرہ اسلامی طرز کے مطابق بھی ڈھلے گا۔ یہ مواقع ہم سے تھوڑا سا ایثار چاہتے ہیں۔ معمولی سی قربانی چاہتے ہیں اگر ہم سب بالخصوص دیندار طبقہ یہ تہیہ کر لیں کہ ہم ایثار و ہمدردی کی صفت کو اپنائیں گے تو یقین مانیے کہ دنیا اس کا یقین کر لے گی کہ اسلام صرف عبادات کا ہی دین نہیں بل کہ حسنِ معاشرت بھی اس کی روشن قندیل ہے۔

تلاوتِ قرآن کے فضائل وآداب

اللہ تعالیٰ کی واحد ذات ہے جس نے اپنی کتاب کو دنیا کے تمام گوشوں میں نہ صرف پہنچایا ہے بل کہ انگنت لوگوں کے دلوں میں اسے محفوظ بھی کر دیا ہے، اور اس کی حفاظت کا ذمہ بھی رب العالمین نے خود لیا ہے

مولانا محمد طارق نعمان گڑنگی

قرآن مجید فرقانِ حمید اللہ تبارک وتعالیٰ کی وہ عظیم الشان کتاب ہے، جسے اللہ تعالیٰ کا کلام ہونے کا شرف حاصل ہے۔ اس کی تلاوت کرنا باعثِ اجر وثواب اور اس پر عمل کرنا باعثِ نجات ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے قرآن مجید کو اپنے بندوں کی رشد وہدایت کے لیے نازل فرمایا ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل کیا جانے والا ایسا کلام ہے جس کے ایک ایک حرف کی تلاوت پر دس دس نیکیاں ملتی ہیں۔ جو قوم اسے تھام لیتی ہے وہ رفعت وبلندی کے اعلیٰ ترین مقام پر فائز ہو جاتی ہے، اور جو اسے پس پشت ڈال دیتی ہے، وہ ذلیل وخوار ہو کر رہ جاتی ہے۔

اسی وجہ سے شاعر نے کہا

وہ معزز تھے زمانے میں مسلماں ہو کر
ہم ذلیل وخوار ہوئے تارکِ قرآں ہو کر

قرآن مجید فرقانِ حمید وہ آسمانی کتاب ہے جو انسانیت کے لیے دستورِ حیات اور ضابطۂ زندگی کی حیثیت رکھتی ہے۔ یہ انسانیت کو راہِ راست پر لانے والی، بھٹکے ہوؤں کو صراطِ مستقیم پر چلانے والی، پستی میں گرے ہوؤں کو اوجِ ثریا پر لے جانے والی، اور شیطان کی بندگی کرنے والوں کو رحمٰن کی بندگی سکھلانے والی ہے۔

آنکھوں سے لگا سینے میں بسا
پھر دیکھ تماشا قدرت کا

قرآن مجید اللہ کی وہ عظیم الشان کتاب ہے جس کو اس نے اپنے پیارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر نازل فرمایا اور جس طرح ہمارے نبی ﷺ سارے عالم کے لیے رحمت اور ہدایت بن کر تشریف لائے، ٹھیک اسی طرح قرآن مقدس کو بھی اللہ تعالیٰ نے سارے عالم کے لیے ہدایت بنا کر نازل کیا ہے۔

یاد رکھیے کہ ہر کتاب کی اہمیت وخاصیت اس کے لکھنے والے سے ہوتی ہے، کتاب کا مصنف جس قدر بلند مرتبہ ہوگا اس کی کتاب بھی اسی طرح مقبول ومعتبر ہوگی، یہ دنیا کی کتابوں کا حال ہے تو اندازہ لگائیے کہ قرآن مجید جو اللہ پاک کا پاک کلام ہے اس کا رتبہ کتنا بلند ہوگا، اللہ تعالیٰ کی شان سب سے عظیم اور برتر ہے تو اس کا کلام بھی سب سے اعلیٰ وافضل ہوگا، قرآن مبین کلام اللہ ہونے کے سبب بقیہ تمام کتابوں پر فوقیت رکھتا ہے۔

قرآن مجید کی عظمت اس بات سے بھی واضح ہے کہ دنیا میں کوئی ایسا نہیں جو اپنی کتاب کو دنیا کے کونے کونے میں پہنچا دے اور قیامت تک اپنی کتاب کی حفاظت کرے، لیکن اللہ تعالیٰ کی واحد ذات ہے جس نے اپنی کتاب کو دنیا کے تمام گوشوں میں نہ صرف پہنچایا ہے بل کہ انگنت لوگوں کے دلوں میں اسے محفوظ بھی کر دیا ہے، اور اس کی حفاظت کا ذمہ بھی رب العالمین نے خود لیا ہے۔

قرآن کریم نبی کریم ﷺ کا دائمی معجزہ:

دنیا میں جتنے بھی انبیا ورسل تشریف لائے سب کو معجزات عطا کیے گئے، تاکہ وہ اپنی نبوت و رسالت پر بطور دلیل پیش کریں، ہمارے پیارے نبی ﷺ کو بھی یہ قرآن مجید بطور معجزہ کے ملا اور آپ ﷺ پر 23 سال تک نازل ہوتا رہا۔ یہ مقدس کتاب قیامت تک ہر عام وخاص کے لیے رحمت وہدایت کی سرچشمہ ہے یہ ایسا معجزہ ہے، جس کے سامنے عرب کے بڑے بڑے فصیح و بلیغ بھی دنگ رہ گئے۔

قرآن مجید کے نزول کے ساتھ ہی رب العالمین نے ایک چیلنج بھی کیا کہ: لے آؤ اس کی مثل ایک سورت۔ لیکن اس چیلنج کا جواب آج تک کوئی نہ دے سکا۔

تلاوتِ قرآن کی فضیلت:

قرآن پاک کی تلاوت کے متعلق احادیث میں بہت سے فضائل ہیں جن میں سے چند نقل کیے جا رہے ہیں:

رسول اکرم ﷺ کا ارشاد ہے کہ قابل رشک دو اشخاص ہیں ایک وہ جس کو اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف کی تلاوت عطا کی اور وہ رات دن اس میں مشغول رہتا ہے اور اس کے احکام پر عمل کرتا ہے، دوسرا وہ شخص جس کو اللہ تعالیٰ نے کثرت سے مال عطا فرمایا، پس وہ رات دن اللہ کے راستہ میں خرچ کرتا رہتا ہے۔

حضرت عثمان غنیؓ حضور ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ تم میں بہتر شخص وہ ہے جو قرآن پاک خود سیکھے اور دوسروں کو سکھائے۔

نبی کریم ﷺ فرماتے ہیں: جس نے کتاب اللہ کا ایک حرف پڑھا اس کے لیے ایک نیکی ہے اور ایک نیکی کا اجر دس نیکی کے برابر ملتا ہے۔ میں نہیں کہتا کہ الم ایک حرف ہے؛ بل کہ الف (ا) ایک حرف ہے، لام (ل) ایک حرف ہے، میم (م) ایک حرف ہے۔

حضرت عائشہ صدیقہؓ حضور اکرم ﷺ کا ارشاد نقل کرتی ہیں کہ جو شخص قرآن پڑھتا ہے اور وہ قرأت میں ماہر ہے تو (قیامت کے دن) وہ سفرہ کرام (انبیا کرام اور ابرار لوگوں) کے ساتھ ہوگا اور جو شخص قرآن پڑھتا ہے (مگر ماہر نہیں ہے) مشقت اٹھا کر تکلف سے قرأت کر لیتا ہے اس کے لیے دہرا اجر ہے۔

حضرت ابوامامہ باہلیؓ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ قرآن پڑھا کرو؛ اس لیے کہ قرآن اپنے پڑھنے والوں کے لیے قیامت کے دن سفارش کرے گا۔

حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ نے حضور ﷺ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ جو مسلمان قرآن شریف پڑھتا ہے، اس کی مثال ترنج کی سی ہے کہ اس کی خوشبو بھی عمدہ ہوتی ہے اور مزہ بھی لذیذ۔

اور جو مومن قرآن شریف نہ پڑھے اس کی مثال کھجور کی سی ہے کہ خوشبو بالکل نہیں؛ مگر مزہ شیریں ہوتا ہے۔

اور جو منافق قرآن شریف پڑھتا ہے اس کی مثال خوشبودار پھول کی سی ہے کہ خوشبو عمدہ اور مزہ کڑوا۔ اور جو منافق قرآن شریف نہیں پڑھتا اس کی مثال حنظل کے پھل کی سی ہے کہ مزہ کڑوا ہے اور خوشبو بالکل نہیں۔

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قرآن پانچ طریقوں پر نازل ہوا۔ حلال وحرام ومحکم ومتشابہ اور امثال۔ تو تم لوگ حلال کو حلال جانو اور حرام کو حرام جانو اور محکم پر عمل کرو اور متشابہ پر ایمان لاؤ اور مثلوں (گذشتہ امتوں کے قصوں اور مثالوں) سے عبرت حاصل کرو......!!

قارئین کرام: قرآن عظیم کے مذکورہ بالا پانچوں مضامین جنھیں نبی کریم ﷺ سے حضرت ابوہریرہؓ نے مروی کیا ہے ان پر مطلع ہونے کے لیے ضروری ہے کہ قرآن پاک کو بغور اور بار بار سمجھ کر پڑھا جائے۔ اور کسی استاذ کے سامنے بیٹھ کر سیکھا جائے۔

اسی لیے تلاوتِ قرآن مجید کا اس قدر زیادہ ثواب ہے کہ ہر حرف کے بدلے دس نیکیاں ملتی ہیں یعنی مثلاً کسی نے صرف الم پڑھا اور اس کی تلاوت مقبول ہوگئی تو اس کو تیس نیکیاں ملیں گی کیوں کہ اس نے قرآن کے تین حرفوں کو پڑھا ہے۔ اس کی فضیلت اوپر گذر چکی ہے۔

تلاوت کے چند آداب:

قرآن پاک کی تلاوت سے قبل مسواک اور صحیح طریقے سے وضو کریں۔ تلاوت کے وقت قبلہ رو ہو کر بیٹھیں اور دل کو پوری طرح متوجہ کر کے خشوع وخضوع اور نہایت عجز وانکساری کے ساتھ تلاوت میں مشغول ہوں۔

بہتر یہ ہے کہ دیکھ کر تلاوت کریں کیوں کہ قرآن مجید کو دیکھنا بھی عبادت ہے۔

ترتیل کے ساتھ اطمینان سے اور ٹھہر ٹھہر کر تلاوت کرے۔ ارشاد ربانی ہے: اور خوب ٹھہر ٹھہر کر قرآن مجید کو پڑھو۔ (پ29، المزمل: 4)

اس میں کئی فائدے ہیں، اولاً تو اس سے قرآن مجید کی عظمت ظاہر ہوتی ہے۔ اور ثانیاً قرآن مجید کے عجائب وغرائب کو سوچنا اور معانی کو سمجھنا ہی تلاوت کا مقصودِ اعظم ہے اور یہ ترتیل کے بغیر دشوار ہے۔

بوقتِ تلاوت ہر لفظ کے معانی پر نظر رکھی جائے اور وعدہ و وعید کو سمجھنے کی کوشش کی جائے اور ہر خطاب میں اپنے کو مخاطب تصور کریں اور امر و نہی اور قصص و حکایات میں اپنے آپ کو مرجع خطاب سمجھیں اور احکام پر عمل پیرا ہونے اور ممنوعات سے باز رہنے کا پختہ ارادہ کرتے رہیں۔

دورانِ تلاوت جس جگہ جنت اور اس کی نعمتوں کا ذکر آئے یا حفظ وامان اور سلامتی ایمان یا کسی بھی پسندیدہ چیز کا ذکر آئے تو ٹھہر کر دعا کریں اور جس جگہ جہنم اور اس کے عذابوں کا ذکر آئے یا ان جیسی کسی بھی باعث خوف چیز کا تذکرہ آئے تو ٹھہر کر ان چیزوں سے اللہ عزوجل کی پناہ مانگیں۔

خوش الحانی اور تجوید کے ساتھ حروف کی صحیح ادائی اور اوقاف کی رعایت کرتے ہوئے تلاوت کریں مگر اس کا لحاظ رہے کہ خوش الحانی کے لیے قواعد موسیقی اور گانے کے لہجوں کا ہرگز ہرگز استعمال نہ کریں۔

بوقتِ تلاوت قرآن کریم کی عظمت پر نظر رکھیں اور خوفِ الٰہی سے بھرپور ہو کر نہایت عاجزی کے ساتھ تلاوت کریں۔

قرآن عظیم پڑھتے وقت یہ خیال جمائے کہ گویا خداوند تعالیٰ کے حضور میں پڑھ رہا ہے۔ جب اس منزل پر پہنچ جائے تو یہ تصور جمائے کہ گویا رب کریم مجھ ہی سے خطاب فرما رہا ہے اور اس ترقی کی انتہا یہ ہے کہ یہ تصور پیدا ہو جائے کہ قرآن عظیم پڑھنے والا گویا اللہ تعالیٰ اور اس کی صفات و افعال کو اس کے کلام میں دیکھ رہا ہے۔ لیکن یہ بلند مرتبہ صدیقین کے لیے مخصوص ہے ہر کس و ناکس کو یہ حاصل نہیں ہوتا۔

جب تنہائی میں ہوں تو درمیانی آواز سے تلاوت کرنا بہتر ہے۔ لیکن اگر بلند آواز سے تلاوت کرنے میں ریاکاری کا خوف ہو یا کسی نمازی کی نماز میں خلل کا اندیشہ ہو یا کچھ لوگ گفتگو میں مصروف ہیں اور ان کے تلاوت نہ سننے کا گمان ہو تو ان صورتوں میں قرآن مجید کو آہستہ پڑھنا بہتر ہے۔ ایسے مواقع کے لیے حدیثوں میں وارد ہوا ہے کہ پوشیدہ عمل ظاہری عمل سے ستر گنا زیادہ ثواب رکھتا ہے۔

بہ ہرحال قرآن مجید کی تلاوت کے وقت آداب کا لحاظ رکھنا نہایت ضروری ہے تاکہ دین و دنیا کی بے شمار برکتیں حاصل ہوں اور ہرگز آداب سے غفلت نہ ہونے پائے کہ یہ غفلت برکات دین سے بہت بڑی محرومی کا سبب ہے۔

اللہ پاک ہمیں دورانِ تلاوت ان آداب کا خیال رکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔

(آمین ثم آمین)

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

عیدالفطر: ٹرانسپورٹ کرایوں میں اضافے کی روک تھام کے لیے خصوصی اسکواڈز تشکیل دیا گیا

ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے دفتر میں ایک شکایتی سیل بھی قائم کردیا گیا ہے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ڈپٹی کمشنر سید محمد میثم عباس کی ہدایت پر عید الفطر کے موقع پر ٹرانسپورٹ کرایوں میں اضافے کی روک تھام کے لیے خصوصی اسکواڈز تشکیل دیا گیا ہے۔ ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے دفتر میں ایک شکایتی سیل بھی قائم کردیا گیا ہے۔ اسٹنٹ کمشنر/ قائمقام آر ٹی اے سیکرٹری نے سختی سے ہدایت کر رکھی ہے کہ کسی بھی ٹرانسپورٹ گاڑی کو فٹنس سرٹیفکیٹ اور روٹ پرمٹ کے بغیر کسی بھی اڈے، سے چلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ ٹرانسپورٹرز کو مقررہ کرایہ وصول کرنے کا پابند بنایا گیا ہے، خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائیں گی، مسافروں کی گنجائش سے زائد لوڈنگ نہ کی جائے، بصورت دیگر گاڑیاں بند کرنے پر مجبور ہونگے۔ ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ دیتے ہوئے اسٹنٹ کمشنر/سیکرٹری آر ٹی اے نے کہا کہ عوام الناس کی شکایت کے ازالے کے لئے انسپکٹر سید رضا موٹر وہیکل ایگزامنر کو تعینات کیا گیا ہے۔ مختلف علاقوں کیلئے خصوصی سکواڈز تشکیل دیئے گئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر سید محمد میثم عباس نے شہریوں کو ہدایت کی کہ وہ کرایہ کی اضافی وصولی، زائد مسافروں کی لوڈنگ یا دیگر کسی بھی خلاف ورزی کی صورت میں فوری طور پر متعلقہ افسران کو مطلع کریں تاکہ موثر کارروائیاں عمل میں لائی جاسکیں

حکومت پنجاب عوامی ریلیف کے لیے بہترین اقدامات کی پالیسی پر گامزن ہے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب عوامی ریلیف کے لیے بہترین اقدامات کی پالیسی پر گامزن ہے، عوام کو درپیش مسائل کا حل اور انہیں بہترین سہولیات کی فراہمی کے سلسلہ میں تمام افسران دل جمعی سے کام کیا جائے، مارکیٹوں میں پرائس چیکنگ کا عمل تسلسل سے جاری رکھا جائے اور مصنوعی مہنگائی کے مرتکب افراد کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلعی انتظامیہ کے افسران کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیں، اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد طیب، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر، ایس این اے افضال حسین بھی موجود تھے، ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ عوامی ریلیف کو مدنظر رکھتے ہوئے پرائس چیکنگ پر زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے، تمام افسران ترقیاتی سکیموں کی پیشرفت کی چیکنگ کریں تاکہ ان کی بروقت تکمیل کو ممکن بنایا جا سکے، عوامی شکایات کے ازالہ کے لیے موثر اقدامات بھی کئے جائیں۔

میانمار میں شدید زلزلے سے ہلاکتیں 1002 ہوگئیں، امدادی کارروائیاں تیز

میانمار میں جمعہ کی سہ پہر 7.7 شدت کا زلزلہ آیا تھا

منڈالے میانمار (شنہوا) میانمار میں زلزلے کے بعد نقل وحمل اور مواصلاتی رابطوں میں شدید رکاوٹوں کے باوجود امدادی کارروائیاں تیز کر دی گئی ہیں۔ میانمار میں جمعہ کی سہ پہر 7.7 شدت کا زلزلہ آیا تھا۔ ساگانگ کے قریب آنے والے زلزلے کے 12 آفٹر شاکس محسوس کئے گئے جن کی شدت 8.2 سے 5.7 تھی اس سے متاثرہ علاقوں میں صورتحال مزید خراب ہوگئی کئی علاقوں میں بڑے پیمانے پر تباہی ہوئی جن میں منڈالے، باگو، ماگوے، شمال مشرقی ریاست شان، ساگانگ اور نے پی تو سب سے زیادہ متاثرہ علاقوں میں شامل ہیں۔ میانمار کی حکومت نے قومی ہنگامی حالات کا اعلان کردیا ہے اور ہنگامی امداد کارکن متاثرین زلزلہ کی مدد میں سخت محنت کر رہے ہیں۔ نقل وحمل کے اہم ذریعے نے پی تو۔ منڈالے شاہراہ کو ینگون اور منڈالے کے درمیان شدید نقصان پہنچا ہے جس سے امدادی کارروائیوں میں مشکلات کا سامنا ہے۔ بین الاقوامی امداد پہنچنا شروع ہوگئی ہے۔ چین کی ایک امدادی ٹیم میانمار میں ہنگامی صورتحال میں مدد کرنے اور متاثرہ افراد کو امداد فراہم کرنے کے لئے ہفتہ کی صبح ینگون پہنچی تھی۔ میانمار کی ریاستی انتظامی کونسل کی اطلاعاتی ٹیم کے مطابق ہفتے کی صبح تک زلزلے سے مرنے والوں کی تعداد 1 ہزار 2 ہو چکی جبکہ 2 ہزار 376 زخمی اور 30 لاپتہ تھے۔

چین غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لئے ایک ''مثالی، محفوظ اور امید افزا'' منزل ہے، چینی صدر

کئی برس سے عالمی ترقی کے استحکام میں اہم شراکت دار رہا ہے

بیجنگ (شنہوا) چینی صدر شی جن پھنگ نے کہا ہے کہ چین غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لئے ایک مثالی، محفوظ اور امید افزا منزل رہا ہے اور رہے گا۔ چینی صدر نے بین الاقوامی کاروباری برادری کے نمائندوں سے بیجنگ میں ملاقات کے دوران نشاندہی کی کہ ملک ہر اعتبار سے جدیدیت کے چینی راستے پر گامزن ہے اور کئی برس سے عالمی ترقی کے استحکام میں اہم شراکت دار رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین دنیا کے لئے کھلے پن کی بنیادی قومی پالیسی پر کاربند ہے اور وہ اعلیٰ معیار کے کھلے پن کو فروغ دے کر قواعد وضوابط، انتظامی اور معیارات جیسے ادارہ جاتی کھلے پن کو وسیع کرنے سے متعلق ٹھوس اقدامات کر رہا ہے۔ صدر نے کہا چین کے دروازے صرف وسیع تر ہوں گے۔ غیر ملکی سرمایہ کاری کو خوش آمدید کہنے کی پالیسی نہ بدلی ہے اور نہ ہی بدلے گی۔ شی نے کہا کہ چین دنیا کی دوسری سب سے بڑی صارف منڈی اور سب سے بڑا متوسط آمدنی والا گروپ ہونے کی وجہ سے سرمایہ کاری اور کھپت کے وسیع مواقع مہیا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین اعلیٰ معیار کے ترقیاتی عزم کے ساتھ ماحول دوست، ڈیجیٹل اور اسمارٹ تبدیلی کو تیز کر رہا ہے جو ملک کے جدید صنعتی ماحولیاتی نظام کے ساتھ مل کر ٹیکنالوجی انقلاب اور صنعتی ترقی کے نئے نتائج کو بہترین تجربہ گاہ مہیا کرتے ہیں۔

میاں منور حسین کے والد میاں شہامند علی مرحوم کی چوتھی سالانہ برسی کی تقریب

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پریس کلب چنیوٹ کے سینئر نائب صدر میاں منور حسین کے والد میاں شہامند علی مرحوم کی چوتھی سالانہ برسی کی تقریب قرآن خوانی قاری محمد ذیشان فیضان مدینہ والے نے خصوصی دعا کروائی صحافیوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی چنیوٹ سینیئر نائب صدر پریس کلب چنیوٹ میاں منور حسین کے والد میاں شہامند علی المعروف شمس دوان والے کی چوتھی سالانہ برسی کی تقریب ان کے آبائی گھر منعقد کی گئی مرحوم کی ایصال ثواب کے لیے قرآن خوانی کا اہتمام کیا گیا قاری محمد ذیشان فیضان مدینہ والے نے خصوصی دعا کروائی تقریب میں صدر پریس کلب چنیوٹ عمر سجاد میڈیا ایڈوائزر وفاقی وزیر شیخ جہانگیر چنیوٹی جنرل سیکرٹری فیصل جبار جوائنٹ سیکرٹری شیخ محمد فاروق نائب صدر اورنگزیب خان سفیر مومن انفارمیشن سیکرٹری عبدالرحمن سلیمی سید احسن آرائیاں محمد یحییٰ چوہدری محمد ابوبکر چنیوٹی عبدالرحمن صدیقی میاں احسن حسین میاں سبحان حسین ساجد علی شاہ محمد وقاص پکوان سنٹر والے نصیر ٹینٹ سروس والے و دیگر نے دعا میں شرکت کی

چین کا شی زانگ غیر ملکی سیاحوں اور صحافیوں کا خیر مقدم کرے گا

لہاسا (شنہوا) چین کے جنوب مغربی شی زانگ خود مختار علاقے کے ایک اعلیٰ عہدیدار نے کہا ہے کہ شی زانگ دنیا کے لئے کھلا ہے اور یہ خطہ غیر ملکی دوستوں کو دورے، سفر اور غیر ملکی صحافیوں کو انٹرویو کرنے کے لئے خوش آمدید کہتا ہے۔ علاقائی حکومت کے نائب سربراہ شوزی تاؤ نے علاقائی صدر مقام لہاسا میں ''نئے دور میں شی زانگ میں انسانی حقوق'' کے عنوان سے وائٹ پیپر کے اجرا کے موقع پر ایک پریس کانفرنس سے خطاب میں کہا کہ شی زانگ کے منفرد جغرافیائی اور موسمیاتی حالات کے مدنظر خطے میں داخل ہونے والے غیر ملکیوں کے لئے حکومت بعض انتظامی اقدامات کرتی ہے۔ شو نے کہا کہ شی زانگ مزید کھلے پن کو بہت اہمیت دیتا ہے کیونکہ زندگی ایک کھلے معاشرے سے آتی ہے۔ حالیہ برسوں میں شی زانگ کا دورہ کرنے والے غیر ملکیوں کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شی زانگ میں 2024 کے دوران تقریباً 3 لاکھ 20 ہزار غیر ملکی سیاح آئے۔ یہ خطہ اپنے کھلے پن کو تیزی سے وسیع کرے گا اور دورہ کرنے والے غیر ملکیوں کے لئے سہولیات میں بہتری کے لئے مہمان نوازی کی صلاحیت اور بنیادی شہری سہولتوں کو بہتر بنانا جاری رکھے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم خطے کے زمینی حقائق کی بنیاد پر شی زانگ میں میڈیا کوریج کے مزید مواقع پیدا کریں گے اور ہم یہ بھی امید کرتے ہیں کہ صحافی مثبت نکتہ نگاہ سے رپورٹنگ کرتے ہوئے معروضیت اور شفافیت کو برقرار رکھیں گے۔

مسافروں کو محفوظ اور صحت مند خوراک کی فراہمی کے لئے سرگرم عمل

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی عید الفطر کے قریب آتے ہی مسافروں کو محفوظ اور صحت مند خوراک کی فراہمی کے لئے سرگرم عمل ہے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز پنجاب فوڈ اتھارٹی چنیوٹ ڈاکٹر محمد قاسم رضا کی سربراہی میں فوڈ سیفٹی ٹیموں نے لاری اڈا، ریلوے اسٹیشن اور بس سٹاپس پر واقع فوڈ بزنسز کا تفصیلی معائنہ کیا اور متعدد کولڈ کارنرز اور فوڈ پوائنٹس پر اشیاء خورونوش کے معیار کی جانچ کی۔ فوڈ سیفٹی ٹیم نے جعلی اور مضر صحت منرل واٹر کی بڑی سپلائی برآمد کر کے جعلی پانی کی 400 لیٹر کے قریب بوتلز کو ضبط کر کے دس ہزار روپے جرمانہ عائد کیا۔ فوڈ سیفٹی ٹیم نے پانی کی جعلی بوتلیں بھرنے والے یونٹ کو بھی دھر لیا۔ یونٹ پر موجود 300 لیٹر سے زائد پانی کی جعلی بوتلیں ضبط کر کے واٹر پلانٹ کو سیل کر دیا گیا اور مالک کے خلاف پنجاب فوڈ اتھارٹی ایکٹ کے تحت تھانہ سٹی چنیوٹ میں مقدمہ درج کرادیا گیا

ڈی پی او اوکاڑہ کا سخت ایکشن۔ ڈی پی او راشد ہدایت کا اپنے ہی پولیس آفیسر کیخلاف سخت ایکشن

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈی پی او اوکاڑہ کا سخت ایکشن۔ ڈی پی او راشد ہدایت کا اپنے ہی پولیس آفیسر کیخلاف سخت ایکشن۔ شہری سے 01 لاکھ روپے رشوت وصول کرنے پر اے ایس آئی معطل کر کے چارج شیٹ۔ تھانہ سٹی دیپالپور میں تعینات غلام مرتضی اے ایس آئی نے شہری سے رشوت وصول کی۔ ڈی ایس پی دیپالپور کی رپورٹ پر ڈی ایس پی لیگل ون انکوائری آفیسر مقرر۔ انکوائری آفیسر کو رپورٹ جلد سے جلد پیش کرنے کا حکم کرپشن، بد دیانتی، اختیارات سے تجاوز ریڈ لائن، کراس کرنے والا محکمہ پولیس میں نہیں رہے گا، مقدمہ کا سامنا بھی کرنا پڑے گا۔ پولیس میں اندرونی احتساب کا نظام سخت سے سخت ترین بنا رہے ہیں۔ کرپشن، اختیارات سے تجاوز پر اوکاڑہ پولیس مزید سخت پالیسی پر عملدرآمد کر رہی ہے۔

ضلع میں انسداد پولیو کی آئندہ مہم 21 اپریل سے شروع ہوگی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلع میں انسداد پولیو کی آئندہ مہم 21 اپریل سے شروع ہوگی۔ پانچ روزہ مہم کے دوران پانچ سال تک کی عمر کے 2 لاکھ 97 ہزار 122 بچوں کو قطرے پلائے جائیں گے جس کے لئے مجموعی طور پر 1467 ٹیمیں ڈیوٹی پر مامور ہونگی۔ ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پولیو ایریڈیکیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں مہم کے انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ آئندہ انسداد پولیو مہم کو سو فیصد کامیاب بنانے کے لئے سر توڑ کوششیں کی جائیں اور سابقہ مہم کی خامیوں کا ازالہ ہونا چاہیے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہیلتھ اتھارٹی کو جامع مائیکرو پلاننگ کی ہدایت کی اور کہا کہ وطن عزیز کو پولیو فری بنانا ترجیح ہے۔

چینی وزیر خارجہ روس کا سرکاری دورہ کریں گے

بیجنگ (شنہوا) چینی وزیر خارجہ وانگ یی اپنے روسی ہم منصب سرگئی لاوروف کی دعوت پر 31 مارچ سے 2 اپریل تک روس کا سرکاری دورہ کریں گے۔ وزارت خارجہ کے ترجمان گو جیاکن نے نیوز بریفنگ میں بتایا کہ چین اور روس نئے دور میں تعاون کے جامع اسٹریٹجک شراکت دار ہیں اور دونوں ممالک کے سربراہان مملکت کی اسٹریٹجک رہنمائی میں چین اور روس مستقل اچھے ہمسایہ تعلقات، جامع اسٹریٹجک ہم آہنگی اور باہمی مفید تعاون پر عمل پیرا ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ دونوں ممالک مسلسل ایک دوسرے کے ساتھ اسٹریٹجک تعاون کو مضبوط بنا کر مختلف شعبوں میں عملی تعاون کو آگے بڑھا رہے ہیں جو ایک دوسرے کی ترقی اور بحالی میں پیشرفت کے ساتھ ساتھ عالمی تعلقات کے بنیادی اصولوں کی پاسداری میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ ترجمان کے مطابق وانگ اپنے دورے میں روسی رہنماؤں سے ملاقات اور لاوروف کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ چین اس دورے کا ایک موقع کے طور پر فائدہ اٹھانے کو تیار ہے تاکہ روس کے ساتھ مل کر دونوں سربراہان مملکت کے درمیان طے شدہ اہم اتفاق رائے پر عمل درآمد کر کے چین-روس تعلقات میں پیشرفت اور مشترکہ تشویش کے عالمی اور علاقائی مسائل پر تفصیل سے بات چیت کی جا سکے۔

میرٹ پر اور بروقت انصاف شہریوں کا حق ہے: فیصل کامران

انصاف کی فراہمی کو خلل ڈالنے والے کرپٹ، نااہل اہلکاروں کو دوسروں کیلئے عبرت کا نشان بنائیں گے۔ ڈی آئی جی آپریشنز

شہریوں کی دادرسی/ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کی کھلی کچہری میں

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے کہا ہے کہ میرٹ پر اور بروقت انصاف شہریوں کا حق ہے۔ انصاف کی فراہمی کو خلل ڈالنے والے کرپٹ، نااہل اہلکاروں کو دوسروں کیلئے عبرت کا نشان بنائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران کیا۔ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے کھلی کچہری میں شرکت کی۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے شہریوں کے مسائل سنے اور متعلقہ افسران کو موقع پر احکامات جاری کئے۔ انہوں نے شہری کی جرائم پیشہ افراد کی جانب سے مخبری کرنے کے شبہ میں سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے کی درخواست پر ایس ایچ او شادباغ کو شہری کی فوری مدد کرنے کا حکم دیا۔ فیصل کامران نے شہری کی پولیس اہلکاروں کے خلاف شکایت پر ایس ڈی پی او سبزہ زار کو انکوائری کا حکم دیا۔ اسی طرح گھریلو تشدد کی شکایت پر ایس پی ماڈل ٹاؤن، ایس ایچ او لوئر مال کو حقائق کے مطابق کارروائی کا حکم دیا گیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ خواتین اور بچوں پر تشدد کے واقعات پر زیرو ٹالرنس پالیسی ہے۔ بدمعاشی کلچر کا خاتمہ، بدمعاشوں کو نکیل ڈالی جائے۔ فیصل کامران نے مزید کہا کہ تمام افسران روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری لگاتے ہیں۔ شہری شکایات و مسائل کے حل کیلئے میرے دفتر آ سکتے ہیں۔

جوئے کے اڈے پر چھاپہ 6 ملزمان گرفتار، مقدمہ درج

جہلم (بیورو رپورٹ) تھانہ صدر کے کرائم فائٹر فرض شناس ایس ایچ او چوہدری ناصر گجر کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف چوکے چھکے جاری، مخبری کی اطلاع پر پولیس نفری کے ہمراہ جوئے کے اڈے پر چھاپہ، نصف درجن جواری شکنجے میں گرفتار ہونے والوں میں ریاض عرف راجو سمیت چھ ملزمان داؤ پر لگی رقم سمیت گرفتار کرلیا۔

محمد اقبال سنگھیڑہ کی زیر قیادت انکروچمنٹ آپریشن جاری ہے: چوہدری محمد خان

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ریونیو بہادر آفیسر ہیں۔ سپرنٹنڈنٹ آفس

سیالکوٹ (قوت بیورو خواجہ عامر جاوید) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی ہدایات پر پنجاب کے دیگر اضلاع کیساتھ ڈسٹرکٹ سیالکوٹ کے طول و ارض میں انکروچمنٹ آپریشن زیر قیادت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ریونیو سیالکوٹ محمد اقبال سنگھیڑہ کامیابی کیساتھ مکمل کیا جا رہا ہے۔ ان باتوں کا اظہار سپرنٹینڈنٹ اے ڈی سی آر سیالکوٹ آفس چوہدری محمد خان نے سینئر صحافیوں کیساتھ ملاقات کے دوران کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ عرصہ پچاس سال میں یہ پنجاب کی تاریخ کا سب سے بڑا و کامیاب آپریشن ہے جس میں معاشرے کے بہت سے با اثر و انتہائی طاقتور طبقے کی سفارشات رد کی گئیں اور ریاست کی رٹ برقرار رکھنے میں کوئی کوتاہی نہیں برتی گئی اور اس سب کا کریڈٹ وزیر اعلیٰ پنجاب اور اضلاع میں انکی دلیر ایڈمنسٹریشن و میڈیا کو جاتا ہے جن کی دن رات کی محنت سے دیہی و شہری علاقوں میں اتنے بڑے پیمانے پر ناجائز تجاوزات و تعمیرات کیخلاف آپریشن کامیاب ہو رہا ہے۔

CRIME
& COURT
جرم و سزا

رمضان المبارک بھائی چارے اور سخاوت کا مہینہ ہے: لیاقت بلوچ

لاہور (پ ر) پاکستان ریلوے پریم یونین سی بی اے کے مرکزی صدر شیخ محمد انور کے زیر اہتمام لاہور ریلوے اسٹیشن پر افطار پارٹی کا انعقاد کیا گیا۔ افطار پارٹی میں مسافروں، اسٹیشن اسٹاف اور قلیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس خصوصی تقریب میں جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر جناب لیاقت بلوچ اور ریلوے کے آفیسرز نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر لیاقت بلوچ اور شیخ انور نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک بھائی چارے اور سخاوت کا مہینہ ہے اور ایسے اجتماعی افطار کے مواقع سماجی ہم آہنگی کو فروغ دیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے روزے ہمیں بھوکا پیاسا رکھنے کیلئے فرض نہیں کئے بلکہ اس لئے فرض کئے ہیں کہ ہم متقی اور پرہیزگار بن جائیں۔ اللہ تعالیٰ کی بندگی اختیار کریں رسول اللہ ﷺ کی سیرت طیبہ کے مطابق اپنی زندگی گزاریں۔ روزے میں لگنے والی بھوک اور پیاس ہمیں ان غریبوں کی مدد کرنے کا جذبہ ابھارتی ہے جن بمشکل ایک وقت کا کھانا بھی میسر نہیں۔ ریلوے آفیسرز نے بھی اس تقریب کو سراہتے ہوئے پریم یونین سی بی اے کی اس کاوش کو قابل تحسین قرار دیا۔ شرکاء نے پریم یونین اوپن لائن کی جانب سے کیے گئے اس بہترین انتظام کی تعریف کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ملک میں امن وسلامتی اور ترقی و خوشحالی عطا فرمائے۔

جہلم بازار اور سول لائن روڈ پر ریڑھی بانوں کے قبضوں کے باعث ٹریفک کی روانی شدید متاثر

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم بازار اور سول لائن روڈ پر ریڑھی بانوں کے قبضوں کے باعث ٹریفک کی روانی شدید متاثر بازار اور سڑک کے دونوں اطراف ریڑھیاں لوڈر رکشے کھڑے ہونے کی وجہ سے گاڑیوں اور راہگیروں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، ٹریفک جام رہنا معمول بن چکا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ روان ہفتے قائم ہونے والی تجاوزات کیخلاف متعدد بار میونسپل کمیٹی کے ذمہ داران کو کرچکے ہیں لیکن ایم سی کے شعبہ انکروچمنٹ حکام کی جانب سے کوئی موثر کارروائی عمل میں نہیں لائی جارہی۔ دوسری جانب دکانداروں کا کہنا ہے کہ سڑک پر لگنے والی ریڑھیاں اور لوڈر رکشوں نے نہ صرف ٹریفک میں رکاوٹ پیدا کر رکھی ہے بلکہ ان کے کاروبار پر بھی منفی اثرات مرتب کر رہی ہے۔

ڈاکوؤں اور پولیس کے درمیان فائرنگ کے نتیجے میں ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

اوکاڑہ کے نواحی قصبہ نامہ جندیکا پل کے قریب آتشیں اسلحہ سے مسلح تین ڈاکو گن پوائنٹ پر شہری ملک اشرف سے موٹر سائیکل چھین کر فرار ہوگئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں ڈاکوؤں اور پولیس کے درمیان فائرنگ کے نتیجے میں ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار جبکہ دو ڈاکو اندھیرے کا فائدہ اٹھا کر بھاگ جانے میں کامیاب ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ نامہ جندیکا پل کے قریب آتشیں اسلحہ سے مسلح تین ڈاکو گن پوائنٹ پر شہری ملک اشرف سے موٹر سائیکل چھین کر فرار ہو گئے۔ اطلاع ملتے ہی تھانہ حویلی لکھا کے ایس ایچ او محمد سرور نے نفری کے ہمراہ ڈاکوؤں کا تعاقب کیا تو نواحی قصبہ ٹھاکرے روڈ پر ڈاکوؤں نے پولیس کو دیکھتے ہی اندھا دھند فائرنگ کر دی پولیس کی جوابی فائرنگ سے ایک ڈاکو خرم عرف خرمی کو پولیس نے زخمی حالت میں گرفتار کر لیا جبکہ دو ڈاکو اندھیرے کا فائدہ اٹھا کر بھاگ جانے میں کامیاب ہو گئے۔ پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لیکر فرار ہونے والے ڈاکوؤں کی تلاش شروع کر دی ہے۔

برآمدات کیلئے آرگینک خوراک، مصنوعات کی سرٹیفکیشن پر مبنی پیداوار، لیبلنگ پر کام کرنا ہوگا: نجم مزاری

دنیا بھر کے تحقیقی ادارے پیسٹی سائیڈ کے بے جا استعمال کے نقصانات کے حوالے سے رپورٹس شائع کر رہے ہیں

لاہور (پ ر) انٹرپینیور و آرگینک خوراک اور مصنوعات پر ریسرچ کرنے والے ادارے کے سربراہ نجم مزاری نے کہا ہے کہ دنیا بھر کے تحقیقی ادارے پیسٹی سائیڈ کے بے جا استعمال کے نقصانات کے حوالے سے رپورٹس شائع کر رہے ہیں، یورپی کمیشن نے 2030 تک کیڑے مار زہروں کے استعمال کو نصف کرنے کا عزم ظاہر کیا ہے، پاکستانی حکومت کی جانب سے بھی حال ہی میں اس حوالے سے اقدامات اٹھائے گئے ہیں جو خوش آئند ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ریسرچ کے اداروں سے منسلک طلبہ کے وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر آرگینک خوراک اور مصنوعات کے مستقبل خصوصاً برآمدات کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ نجم مزاری نے کہا کہ پاکستان میں آرگینک خوراک اور مصنوعات کے لیے موثر قانون سازی کرنے کی ضرورت ہے، برآمدات کے لئے آرگینک خوراک اور مصنوعات کی سرٹیفکیشن پر مبنی پیداوار، لیبلنگ اور مارکیٹنگ کے شعبوں میں کام کرنا ہوگا، قانون سازی کے ذریعے پیسٹی سائیڈ کے بے جا استعمال کو روکا جا سکتا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ آرگینک فارمز کی رجسٹریشن کے لیے ایک ادارہ قائم کیا جائے تاکہ پیداوار کے معیار کو جانچنے اور اس کی تصدیق کے عمل کی موثر نگرانی ہو سکے۔ قانون سازی پاکستان میں آرگینک خوراک کی مارکیٹ کو مزید مستحکم کرے گی اور صارفین کو محفوظ خوراک کی فراہمی کو یقینی بنائے گی۔

پتوکی ڈاکو شہری سے 60 ہزار نقدی لے اڑے

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی ڈاکو شہری سے 60 ہزار نقدی لے اڑے۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ روز پتوکی کے نواحی علاقہ تھانہ سرائے مغل کی حدود دلبیر چک 46 میں عبدالرشید نامی شخص سے دو کس نامعلوم ڈاکو 60 ہزار روپے چھین کر فرار ہوگئے پولیس نے مدعی کی درخواست پر نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا۔

چین کی فروری میں سامان وخدمات کی عالمی تجارت 9.36 کھرب یوآن تک پہنچ گئی

بیجنگ (شنہوا) چین کی فروری کے دوران سامان و خدمات کی عالمی تجارت کی مالیت 9.36 کھرب یوآن (514 ارب امریکی ڈالرز) تک پہنچ گئی جو گزشتہ برس کے مقابلے میں 14 فیصد زائد ہے۔ ریاستی انتظامیہ برائے زرمبادلہ کے مطابق امریکی ڈالر میں ملک کے سامان اور خدمات کی برآمدات 1.281 ارب امریکی ڈالرز جبکہ درآمدات 9.232 ارب امریکی ڈالرز رہی یوں 2.48 ارب امریکی ڈالرز کا تجارتی نفع حاصل ہوا۔ مجموعی طور پر سامان کی برآمدات 9.17 کھرب یوآن اور درآمدات 3.13 کھرب یوآن تک پہنچ گئی جس سے 8.463 ارب یوآن کا تجارتی نفع حاصل ہوا۔ خدمات کی برآمدات 3.227 ارب یوآن اور درآمدات 1.345 ارب یوآن رہی جس سے 8.117 ارب یوآن کا تجارتی خسارہ ہوا۔

سبزی منڈی میں کارروائیاں سرکاری نرخوں سے زائد وصولی پر گراں فروشوں کے خلاف سخت ایکشن

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ڈپٹی کمشنر میثم عباس کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر کی سبزی منڈی میں کارروائیاں سرکاری نرخوں سے زائد وصولی پر گراں فروشوں کے خلاف سخت ایکشن۔ گراں فروشوں سے اضافی رقم گاہکوں کو واپس دلوائی گئی، موقع پر جرمانے عائد۔ شہریوں کا ضلعی انتظامیہ کو خراج تحسین، مہنگائی کے خلاف مؤثر کارروائیاں جاری۔ ناجائز منافع خوری برداشت نہیں کی جائے گی۔ عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے ضلعی انتظامیہ پوری طرح متحرک ہے۔

سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کا صفائی مہم میں عملی شرکت، ستھرا پنجاب کے لیے بڑا اقدام

لاہور (پ ر) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان ستھرا پنجاب پروگرام کو کامیاب بنانے کے لیے متحرک ہو گئے۔ قصور میں اپنے آبائی یونین کونسل کھڈیاں میں سینٹری ورکرز کے ساتھ جھاڑو اٹھا کر صفائی مہم کا آغاز کیا اور صفائی کے لیے جدید مشینری عملے کے حوالے کی۔ انہوں نے سینٹری ورکرز کو اپنا اور پوری قوم کا ہیرو قرار دیتے ہوئے ان کی خدمات کو سراہا۔ سپیکر ملک محمد احمد خان کی جانب سے معاشرے کے نظر انداز طبقے کی عزت افزائی کے لیے ایک خصوصی افطار ڈنر کا بھی اہتمام کیا گیا، جہاں بڑے بڑے جاگیرداروں نے کھڑے ہو کر سینٹری ورکرز کا شکریہ ادا کیا۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ ستھرا پنجاب مہم ایک قومی ذمہ داری ہے اور اس کے لیے سب کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ دیہات کی صفائی کے لیے ماضی میں کئی رکاوٹیں حائل رہیں، مگر وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف نے وسائل کا رخ دیہات کی طرف موڑ کر ایک انقلابی قدم اٹھایا ہے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ صفائی کی ذمہ داری کسی ایک مخصوص طبقے تک محدود نہیں ہونی چاہیے بلکہ یہ ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے اس موقع پر عزم کا اظہار کیا کہ قصور کے تمام دیہات کو صفائی کے حوالے سے ماڈل گاؤں میں تبدیل کیا جائے گا تاکہ انہیں ملک بھر کے لیے ایک مثال بنایا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ستھرا پنجاب کے مشن کو کامیاب بنانے کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔

مصطفی آباد: چوری کی وارداتیں کرنے والے دو چور گرفتار

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) پولیس تھانہ مصطفی آباد نے چوری کی وارداتیں کرنے والے دو چور گرفتار کر لئے، چوروں سے ہزاروں روپے نقدی، موٹر سائیکل اور برتن برآمد کر لئے گئے، ملزمان کی طرف سے 25 وارداتوں کا انکشاف، مزید تفتیش جاری، تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ مصطفی آباد سید ثقلین بخاری کی زیر نگرانی سب انسپکٹر محمد اشتیاق نے مصطفی آباد اور اس کے نواحی دیہات میں گھروں میں چوری کی وارداتیں کرنے والے دو چوروں کو گرفتار کر لیا، گرفتار ہونے والے چوروں کے قبضہ سے ہزاروں روپے نقدی، موٹر سائیکل اور برتن برآمد کر لئے گئے، نامعلوم چور رات کے وقت گھروں میں داخل ہو کر چوری کی وارداتیں کرتے تھے جبکہ عوام کے گھروں کے باہر کھڑی موٹر سائیکلوں کے تالے توڑ کر موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں بھی ملوث تھے، ملزمان کی طرف سے 25 وارداتوں کا انکشاف، مزید تفتیش جاری، گرفتار ہونے والے ملزمان میں سہیل اختر بھٹی اور عبدالحاجی بھٹی شامل، دو رکنی چور گینگ کی گرفتاری سے رات کے وقت گھروں میں ہونے والی چوری کی وارداتوں میں واضح کمی آئے گی۔

پتوکی بلدیہ کی عدم توجہ عیدالفطر پر سیوریج نکاسی کا پلان مکمل نہ ہوسکا

شہر کے بڑے حصے کا گندے پانی میں عیدالفطر گزارنے کا خدشہ منڈلانے لگا، حکام سے نوٹس کا مطالبہ

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی بلدیہ کی عدم توجہ عید الفطر پر سیوریج نکاسی کا پلان مکمل نہ ہوسکا شہر کے بڑے حصے کا گندے پانی میں عیدالفطر گزارنے کا خدشہ منڈلانے لگا، حکام سے نوٹس کا مطالبہ۔ تفصیل کے مطابق میونسپل کمیٹی پتوکی انتظامیہ کی عدم توجہ عیدالفطر سر پر مگر شہریوں کو صاف ستھرے ماحول میں عید فراہم کرنے کا پلان مکمل نہ ہوسکا شہر کے بیشتر علاقوں کا سیوریج سسٹم مکمل طور پر بند ہے جس پر شہری سماجی شخصیات سبط حسن نقوی، سلمان احمد جاوید، شیخ محمد احمد، باؤ محمد عثمان و دیگر کا کہنا ہے کہ میونسپل کمیٹی پتوکی انتظامیہ سیوریج بندش کے مسائل کے خاتمے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے سیوریج بحالی کے لئے کوئی ٹھوس پلان نہ ہونے کے باعث خدشہ ہے کے شہر کا بڑا حصہ میٹھی عید گندے پانی میں گزارے گا کیونکہ شہر کے اہم علاقے محلہ ملک پورہ، محلہ احمد نگر، شامان کالونی، عباس پارک، پرانی منڈی، مین بازار، توحید ٹاؤن سمیت دیگر کا سیوریج تاحال بند ہے جس پر شہریوں کو رواں سال عیدالفطر گندے پانی میں گزارنے کا خدشہ ہے جس پر انہوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، ڈپٹی کمشنر قصور عمران علی، اسٹنٹ کمشنر پتوکی سعد بن خالد سے مطالبہ کیا ہے عیدالفطر کے موقعہ پر بلدیہ پتوکی کے سیوریج عملہ کی چھٹیاں منسوخ کر کے تمام مشینری عید کے ایام میں فیلڈ میں ایکٹیو رکھنے کے احکامات صادر کریں اور انکا مکمل چیک اینڈ بیلنس رکھا جائے۔

دو روز قبل اغواء ہونے والی سونیا کو بازیاب کروالیا گیا

سونیا بی بی کے والد کی مدعیت میں تھانہ شرقپور میں درج کروائی گئی جس پر فوری ایکشن لیتے ہوئے ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ نے تھانہ شرق پور کے ایس ایچ او کو سونیا کی بازیابی کا ٹاسک دیا

شرقپور شریف (نامہ نگار) شرقپور شریف کے نواحی گاؤں بچکی پور کا رہائشی محمد صادق جس کی جواں سالہ بیٹی سونیا بی بی جو گورنمنٹ گرلز ہائی سکول ناظر لبانہ میں اٹھویں کلاس میں زیر تعلیم ہے دو روز قبل جب سونیا سکول سے واپس اپنے گھر جا رہی تھی تو ناظر لبانہ سوا سٹاپ سے گاؤں بچکی پور کے راستے سے نامعلوم افراد نے سونیا کو گن پوائنٹ پر اغوا کر لیا اور آٹو رکشہ میں بٹھا کر فرار ہو گئے۔ جس کی رپٹ سونیا بی بی کے والد کی مدعیت میں تھانہ شرق پور میں درج کروائی گئی جس پر فوری ایکشن لیتے ہوئے ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ نے تھانہ شرق پور کے ایس ایچ او کو سونیا کی بازیابی کا ٹاسک دیا جس پر تھانہ شرقپور پولیس نے جدید ٹیکنالوجی اور ہیومن انٹیلیجنس کی مدد سے سونیا بی بی کو ملزم سے باحفاظت بازیاب کروالیا ملزم کو گرفتار کر کے اس کے خلاف ایف آئی آر درج کر لی گئی اور باقاعدہ تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ڈی پی او بلال ظفر شیخ کا کہنا ہے کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ترجیح اور ذمہ داری ہے

اوکاڑہ پولیس نے بدنام زمانہ دو منشیات فروش ڈیلروں سے بھاری مقدار میں چرس اور شراب برآمد کر کے ان کو گرفتار کر لیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پولیس نے بدنام زمانہ دو منشیات فروش ڈیلروں سے بھاری مقدار میں چرس اور شراب برآمد کر کے ان کو گرفتار کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ شاہبور کے ایس ایچ او محمد سلیم نے اپنی ٹیم کے ہمراہ چھاپہ مار کر بدنام زمانہ منشیات ڈیلر نصرت علی ولد محمد یوسف سے 12 کلو چرس برآمد کر کے اسے گرفتار کر لیا جبکہ تھانہ چورستہ میاں خاں کے ایس ایچ او محمد اشرف نے اپنی ٹیم کے ہمراہ چھاپہ مار کر نواحی قصبہ قلعہ دیوا سنگھ کے رہائشی منظہر ولد لطیف سے 50 لیٹر شراب اور 100 لیٹر لہن برآمد کر کے ان کے خلاف مقدمات درج کر لیے ہیں۔

متحدہ علماء بورڈ پنجاب نے نئے قوائد وضوابط کی منظوری دیدی

لاہور (پ ر) چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل و چیئرمین متحدہ علماء بورڈ پنجاب علامہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی کی زیر صدارت مرکزی دفتر اپر مال میں خصوصی اجلاس کا انعقاد کیا گیا جس میں علامہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی نے شرکاء کو بتایا کہ اس وقت متحدہ علماء بورڈ پنجاب میں کوئی قابل ذکر کیس زیر التواء نہیں ہے۔ تمام ممبران نے گزشتہ اڑھائی سال کے دوران انتہائی جانفشانی کے ساتھ معاملات کو چلایا اور یہ اس مدت کا آخری اجلاس تھا اس موقع پر متحدہ علماء بورڈ پنجاب نے نئے قواعد وضوابط کی منظوری بھی دی۔ اجلاس میں مولانا محمد خان لغاری کی وفات پر دعائے مغفرت کی گئی اور ان کی دینی و ملی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے علامہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی نے کہا کہ سردار محمد خان لغاری نے ہمیشہ سچ پر مبنی دینی سیاست کی، آپ کا مشورہ صائب ہوتا تھا اپنی رائے بیان کرنے میں کسی بخل سے کام نہ لیتے اور رائے پر عمل کرنے کیلئے اصرار بھی نہ کرتے۔ آپ کی دینی اور ملی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ مفتی محمد رمضان سیالوی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مولانا سردار محمد خان لغاری کی اتحاد بین المسالک کے لئے خدمات قابل ذکر ہیں۔ آپ نے مسلکی منافرت کے خاتمے کیلئے بڑی کاوشیں کیں۔ علامہ سید حسن رضا ہمدانی نے کہا کہ مولانا سردار محمد خان لغاری وحدت امت کے بہت بڑے داعی تھے۔

جہلم شہر سے پردیسیوں کی آبائی علاقوں میں روانگی شروع ہوگئی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم عیدالفطر کی آمد آمد ہے، جہلم شہر سے پردیسیوں کی آبائی علاقوں میں روانگی شروع ہوگئی، جہلم جنرل بس سٹینڈ جادہ چوک اور کینٹ سٹاپ پر مسافروں کا غیر معمولی رش دکھائی دیتا ہے، مسافروں کے غیر معمولی رش کو دیکھتے ہوئے ٹرانسپورٹروں نے کرایوں میں اضافہ کر دیا ہے جس کی وجہ سے پردیسیوں کو آبائی علاقوں کا سفر کرنے میں شدید پریشانی کا سامنا ہے، کرایوں میں 20 سے 30 فیصد بلاوجہ اضافہ کر دیا ہے، ٹکٹ جاری کرنے والے مینیجرز کے کاونٹرز پر مسافروں کی طویل قطاریں لگی دکھائی دیتی ہیں، دوسری جانب ٹرانسپورٹرز کا کہنا ہے کہ ہماری گاڑیاں یہاں سے بھری جاتی ہیں اور واپسی پر خالی آنا پڑتا ہے، سارا سال کرائے کم رکھتے ہیں اس وقت عوام ہمارے حق میں بات نہیں کرتے، ہمارے پاس گاڑیاں کم ہیں لیکن سواریاں دیکھ کر اسپیشل گاڑیاں چلاتے ہیں، 20 سے 30 فیصد کرائے میں اضافہ نہ کریں تو گاڑی اور عملے کے اخراجات برداشت نہیں کر سکتے، دوسری جانب مسافروں کا کہنا ہے کہ حکومت کو چاہیے عید پر واپس گھروں کو جانے والوں کو کرایوں کی مد میں سہولیات فراہم کرے، ٹرانسپورٹ اتھارٹی حکام کا کہنا ہے کہ مسافروں کے لیے ہیلپ لائن مقرر کر رکھی ہے، اضافی کرائے، اور لوڈنگ اور سیٹ نہ ملنے کی شکایت پر ٹرانسپورٹروں کے خلاف سخت کاروائی کر رہے ہیں۔ عیدالفطر کی آمد آمد ہے، جہلم شہر سے پردیسیوں کی واپسی آج ختم ہو جائے گی، جہلم جادہ چوک اور کینٹ سٹاپ پر مسافروں کا غیر معمولی رش آج ختم ہو جائے گا، مسافروں کے غیر معمولی رش کو دیکھتے ہوئے ٹرانسپورٹروں نے کرایوں میں من مرضی کا اضافہ کر دیا تھا۔

پولیس نے عید کے موقع پر ٹریول ایڈوائزری جاری کردی

جہلم (بیورو رپورٹ) نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس کے ترجمان کے مطابق موٹروے پولیس نے عید کے موقع پر ٹریول ایڈوائزری جاری کر دی، عید کے موقع پر لوگ اپنے آبائی علاقوں کی جانب سفر کرتے ہیں اور ٹریفک کا بہاؤ بڑھ جاتا ہے، چند احتیاطی تدابیر اپناتے ہوئے اپنا سفر محفوظ اور آرام دہ بنائیں، سفر شروع کرنے سے پہلے گاڑی کا انجن، آئل، پانی، ٹائر پریشر اور بریک لازمی چیک کر لیں، دوران ڈرائیونگ سیٹ بیلٹ کا استعمال حد رفتار کی پابندی، اگلی گاڑی سے محفوظ فاصلہ اور لائن کا خاص خیال رکھیں، لمبے سفر سے پہلے ڈرائیور مکمل فریش ہونا اور دو سے اڑھائی گھنٹے کی ڈرائیونگ کے بعد کچھ وقت آرام کرنا ضروری ہے، نیند یا غنودگی کی حالت میں ہرگز ڈرائیو مکمل اجتناب کریں، مسافر بردار گاڑیوں میں سفر کرنے والے اوور لوڈنگ اور اوورچارجنگ کی شکایت موٹروے پولیس کی ہیلپ لائن پر کر سکتے ہیں، کسی بھی مدد کی صورت میں موٹروے پولیس ہیلپ لائن 130 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

بقیہ بقیہ جات 1

خلاف اکثر واقعات حکمران جماعت کے بعض عناصر کی ایماء پر یا حتیٰ کہ شمولیت کے ساتھ پیش آتے ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ بھارت میں اقلیتوں کے خلاف نفرت، امتیازی سلوک اور تشدد کو منظم طور پر ہوا دینے کے واقعات دستاویزی شکل میں موجود ہیں۔ امتیازی شہریت ترمیمی ایکٹ (سی اے اے) سے لے کر گھروں کو بلڈوز کرنے تک؛ 2002 کے گجرات قتل عام سے لے کر 2020 کے دہلی فسادات تک؛ 1992 میں بابری مسجد کے انہدام سے لے کر 2024 میں اس کے ملبے پر مندر کی تعمیر تک؛ گاؤ کے تحفظ کی آڑ میں تشدد اور پر ہجوم تشدد کے واقعات سے لے کر مساجد اور مزارات پر حملے—ہندوستان کا ریکارڈ مسلمانوں سمیت اقلیتوں کے بنیادی حقوق کی سنگین اور منظم خلاف ورزیوں سے داغدار ہے۔ دوسروں کے ہاں اقلیتوں کے حقوق کا ڈھونگ رچانے کے بجائے، ہندوستانی حکومت کو چاہیے کہ وہ اپنی ناکامیوں کو دور کرے۔ اسے چاہیے کہ وہ مسلمانوں سمیت تمام اقلیتوں کی سلامتی، تحفظ اور بہبود کو یقینی بنانے کے لیے ٹھوس اقدامات کرے، نیز ان کی عبادت گاہوں، ثقافتی ورثے اور بنیادی حقوق کا تحفظ کرے۔

بقیہ بقیہ جات 2

عزم کا اعادہ کیا۔ وزیراعظم اور امیر قطر کے مابین اہم عالمی و علاقائی امور پر بھی گفتگو ہوئی۔ وزیراعظم نے غزہ میں امن کے قیام کیلئے امیر قطر کے سرگرم و موثر کردار اور خصوصی کوششوں کی تعریف کی۔ عزت مآب شیخ تمیم بن حمد الثانی نے وزیراعظم کی جانب سے عید کی مبارکباد کو قبول کرتے ہوئے پاکستانی عوام کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ امیر قطر نے وزیراعظم کے دورہ قطر کے دوران منظر آرٹ گیلری کی افتتاحی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت پر اظہار تشکر کیا جبکہ وزیراعظم نے اس نمائش کے انعقاد اور خصوصی دعوت پر امیر قطر اور عالی مرتبت شیخہ المیاسہ کا شکریہ ادا کیا۔ قطر کے امیر نے وزیراعظم کو بتایا کہ پاکستان میں قطری سرمایہ کاری اور نجی شعبے کے تعاون کے فروغ کیلئے اعلیٰ سطح قطری وفد عید کے فوری بعد پاکستان کا دورہ کرے گا۔ وزیراعظم نے پاکستان قطر ثقافتی تعاون اور دونوں ممالک کے مابین دیرینہ تعلقات کی تاریخ پر لاہور میں ایک نمائش کے انعقاد کی تجویز دی جس کا قطری امیر نے خیر مقدم کیا۔ وزیراعظم نے قطر کے امیر عزت مآب شیخ تمیم بن حمد الثانی کو جلد پاکستان کا دورہ کرنے کی دعوت بھی دی۔

بقیہ بقیہ جات 3

پی مینگل) کے دھرنے کے قریب خودکش حملہ آور نے خود کو دھماکے سے اڑا دیا۔ رپورٹ کے مطابق لیویز ذرائع نے دعویٰ کیا کہ دھماکے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، دھماکہ بی این پی کے جاری دھرنے کے مقام سے کچھ فاصلے پر ہوا۔ ذرائع کے مطابق دھماکا میں بی این پی قیادت اور کارکنان محفوظ رہے۔ سکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ ریسکیو ٹیمیں جائے وقوع کے جانب روانہ کردی گئیں جب کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا ہے۔ ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند نے کہا کہ شرکا، سردار اختر مینگل اور بی این پی کی تمام سیاسی قیادت محفوظ ہے، حکومت بلوچستان گزشتہ رات سے بی این پی کی قیادت کیساتھ رابطے میں ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بی این پی کے وفد کی گزشتہ رات بھی انتظامیہ سے ملاقات ہوئی جسکے بعد آج حکومتی وفد کا سردار اختر مینگل سے ملاقات پر اتفاق ہوا، انکوائری کے نتائج سے عوام کو جلد آگاہ کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 4

ڈائریکٹرز کے دفاتر کے قیام کی منظوری دے دی، جس کا نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا۔ ایف بی آر کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن میں بتایا گیا ہے کہ یہ نیا ڈائریکٹوریٹ ملک میں محصولات کے نظام میں موجود خامیوں کی نشان دہی، مس ڈیکلیئریشن اور انڈر انوائسنگ کی روک تھام کے اقدامات کے ساتھ ساتھ اسمگلنگ کے خلاف مزید مربوط حکمت عملی وضع کرنے کے لیے قائم کیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ یہ اقدامات محصولات میں کمی کا سبب بننے والی پیچیدگیاں دور کرنے اور ٹیکس وصولی کے عمل میں غیر ضروری رکاوٹیں ختم کرنے میں معاون ثابت ہوں گے۔ ڈائریکٹر جنرل خصوصی اقدامات کسٹمز متعلقہ وزارتوں، ڈویژنوں اور دیگر اداروں کے ساتھ کسٹمز سے متعلق معاملات پر بھی رابطہ رکھیں گے۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ نئے ڈائریکٹوریٹ کے تحت ڈائریکٹر جنرل اور ڈائریکٹرز کسٹمز کے فیلڈ دفاتر اور صوبائی حکام کے ساتھ مربوط کوآرڈینیشن یقینی بنائیں گے اور محصولات کی وصولی میں موجود خامیوں کی نشان دہی کرکے ان کے حل کے لیے تجاویز پیش کریں گے۔ مزید کہا گیا کہ مس ڈیکلیئریشن اور انڈر انوائسنگ روکنے کے لیے مؤثر اقدامات تجویز کیے جائیں گے، اس کے علاوہ ڈائریکٹوریٹ کسٹمز اکیڈمی پاکستان کے لیے خصوصی تربیتی کورسز اور ورکشاپس ترتیب دینے میں بھی معاونت کرے گا تاکہ کسٹمز افسران اور اہلکاروں میں مس ڈیکلیئریشن اور انڈر انوائسنگ کے حوالے سے شعور اجاگر کیا جاسکے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق اس تمام عمل کی نگرانی ڈائریکٹر جنرل کریں گے، جو ممبر کسٹمز آپریشنز کو رپورٹ کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 5

کہ پاکستان تھائی لینڈ اور میانمار کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتا ہے۔ وزیراعظم نے مدد کی پیش کش کرتے ہوئے ان کے تحفظ اور اس تباہی سے جلد بحالی کی خواہش کا اظہار بھی کیا۔

بقیہ بقیہ جات 6

کیا اور انہیں عیدالفطر کے پرمسرت موقع پر مبارکباد پیش کرنے کے ساتھ ساتھ نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ گفتگو کے دوران وزیراعظم نے پاکستان اور عمان کے درمیان ثقافتی، مذہبی اور جغرافیائی قربت پر مبنی تاریخی برادرانہ تعلقات کا ذکر کیا۔ انہوں نے تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور دفاع سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے کی خواہش کا اعادہ کیا۔ اس سلسلے میں، وزیراعظم نے پاکستان کے وزیر تجارت کے مسقط کے حالیہ کامیاب دورے پر اطمینان کا اظہار کیا، جس سے دونوں فریقین میں باہمی تعاون سے شراکت کے نئے مواقع تلاش کرنے کی راہ ہموار ہوگی۔ وزیراعظم نے عمان کے سلطان کو پاکستان کا دورہ کرنے کی دعوت بھی دی۔ عزت مآب سلطان ہیثم بن طارق نے وزیراعظم کی جانب سے عید کی مبارکباد کو قبول کرتے ہوئے پاکستانی عوام کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

بقیہ بقیہ جات 7

کیا ہے۔ اپنے بیان میں صدر مملکت نے زلزلے میں ہلاکتوں اور مالی نقصان پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں میری ہمدردیاں تھائی لینڈ اور میانمار کی عوام اور زلزلہ متاثرین کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں زلزلہ متاثرین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 8

امیں درخواست جمع کروائی ہے، بجلی قیمتوں میں یہ کمی اپریل، مئی اور جون 2025ء کیلئے تمام تقسیم کار کمپنیوں اور کے الیکٹرک کے تمام صارفین کیلئے ہوگی، نیپرا حکومتی درخواست پر 4 اپریل کو سماعت کرے گا جس میں بجلی سستی کرنے کے حکومت کے فیصلے کی توثیق کا قوی امکان ہے۔ ذرائع کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ حکومت نے 6 روپے فی یونٹ تک بجلی سستی کرنے کے ریلیف پیکیج کا منصوبہ بنایا ہے اور 1 روپیہ 71 پیسے فی یونٹ کی یہ کمی اسی ریلیف پیکیج کا حصہ ہوگی، وفاقی کابینہ اپنے 26 مارچ کو ہونے والے اجلاس میں لائف لائن گھریلو صارفین کے علاوہ تمام صارفین کیلئے ٹیرف سبسڈی میں 1 روپیہ 71 پیسے فی کلوواٹ گھنٹہ (kWh) اضافے کی منظوری دی تھی جب کہ حکومت نے نیپرا میں جمع کروائی جانے والی درخواست میں کہا ہے کہ ٹیرف ڈیفرینشل سبسڈی میں اضافے کا مقصد مالیاتی بوجھ کو متوازن کرنا اور پاور سیکٹر کی پائیداری کو برقرار رکھنا ہے۔ بتایا جارہا ہے کہ حکومت کو آئی ایم ایف سے بجلی ٹیرف میں 1 روپے یونٹ کمی کی اجازت مل چکی ہے، حکومت کی جانب سے بجلی صارفین کے لیے ریلیف پیکج پر بھی کام جاری ہے، عالمی مالیاتی فنڈ کی منظوری سے اس پیکج کا اعلان کیا جائے گا، اسی دوران عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے بجلی کے ٹیرف میں ایک روپے یونٹ کمی کی اجازت دی، اس حوالے سے آئی ایم ایف کی جانب سے کہا گیا کہ تمام صارفین کو بجلی کی قیمتوں میں ایک روپے یونٹ کا ریلیف ملے گا، یہ ریلیف کیپٹیو پاور پلانٹس پر لیوی سے حاصل ریونیو سے دیا جائے گا، کیپٹیو پاور پلانٹس کی جانب سے گیس کے استعمال پر لیوی عائد کی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 9

ہوئے۔ اجلاس میں نیشنل اور پراونشل انٹیلیجنس فیوژن اینڈ تھریٹ اسسمنٹ سنٹرز کے قیام پر بھی پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ نیشنل انٹیلیجنس فیوژن اینڈ تھریٹ اسسمنٹ سنٹرز کے قیام کی منظوری دی جا چکی ہے، تمام صوبوں میں بھی پراونشل انٹیلیجنس فیوژن اینڈ تھریٹ اسسمنٹ سنٹرز کے قیام پر کام جاری ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دہشتگردی سے نمٹنے کیلئے وزیراعظم، آرمی چیف اور تمام سٹیک ہولڈرز ایک صفحے پر ہیں۔ دہشت گردی کے موثر سدباب کیلئے صوبائی سطح پر کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ کو مکمل طریقے سے فعال کیا جانا انتہائی ضروری ہے۔ وفاقی سطح پر ایف آئی اے کے کاؤنٹر ٹیررازم ونگ کو بھرپور طریقے سے فعال کیا جائے گا۔ تمام ادارے غیر ملکی شہریوں کی فول پروف سکیورٹی کے ایس او پیز پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنائیں گے۔ خیبر پختونخوا اور بلوچستان کو درپیش چیلنجز کے پیش نظر ہر ممکن مدد فراہم کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ فرنٹیئر کانسٹیبلری کی تنظیم نو کے بعد اسے نیشنل ریزرو پولیس میں تبدیل کیا جارہا ہے۔ وفاقی سطح پر ایف آئی اے کے کاؤنٹر ٹیررازم ونگ کو بھرپور طریقے سے فعال کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 10

کی ایک حیثیت ہے ایک دوسرے کے خلاف بات کرنے کا مقصد کیا ہے۔ جے یو آئی اور پی ٹی آئی کے مابین اختلافات ہیں لیکن بڑے مقصد کیلئے ساتھ چلنے کو تیار ہیں۔ پنجاب میں بزدار کی حکومت کرپٹ ترین حکومت تھی۔ مولانا فضل الرحمان کو پی ٹی آئی کے حوالے سے تحفظات ہیں۔ اس وقت جے یو آئی اور پی ٹی آئی کے مابین اختلافات ہیں لیکن بڑے مقصد کیلئے ساتھ چلنے کو تیار ہیں۔ پاکستان تحریک انصاف کے لوگ جو بھی بات کرتے ہیں وہ مستقل نہیں ہوتی۔ ہم تو نئی جماعت ہیں پارلیمان میں نہیں ہیں۔ گفتگو کے دوران سربراہ عوام پاکستان پارٹی شاہد خاقان عباسی کا مزید کہنا تھا کہ پاکستانی معیشت کی گروتھ آج بھی منفی ہے۔ قرضے لینا کوئی کامیابی نہیں ہے۔ حکومت کا معیشت کو سنبھالنے کا دعویٰ غلط ہے۔ مجھے نہیں لگتا ہمارا ملک مزید ترقی کرسکتا ہے۔ 2018 تک حالات مختلف تھے اب مختلف ہیں، گزشتہ سات سال میں حکومت چلانے کا نظام بدل چکا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی کا یہ بھی کہنا تھا کہ کسی پارٹی یا سیاستدان کو کوئی ختم نہیں کرسکتا صرف عوام کرسکتی ہے۔ یہ مائنس پلس والا نظام نہیں چل سکتا۔

بقیہ بقیہ جات 11

بٹالین سے تعلق رکھتے تھے۔ سات اپریل 2012ء کو سیاچن گلیشئر کے گیاری سیکٹر میں ناردرن لائٹ انفنٹری کے بٹالین ہیڈکوارٹر پر برفانی تودا آن گرا، برفانی تودے نے تقریباً ایک کلومیٹر کے علاقے کو متاثر کیا۔ بٹالین ہیڈکوارٹر گزشتہ بیس سال سے اسی مقام پر موجود تھا۔ اس علاقے میں پیدل پہنچنا بہت مشکل تھا، سخت موسمی حالات نے امدادی سرگرمیوں کو بھی شدید متاثر کیا لیکن پاک فوج کے باہمت جوانوں نے اس آپریشن کو ممکن کر دکھایا۔ گیاری سیکٹر پر امدادی سرگرمیاں ڈیڑھ سال تک جاری رہیں جس میں امریکہ، جرمنی سمیت کئی ملکی ماہرین کی ٹیموں نے بھی حصہ لیا۔ اس سانحے میں ایک سوانتیس آرمی کے افسر اور جوانوں سمیت 140 افراد شہید ہوگئے تھے جن میں سے 114 کا تعلق گلگت بلتستان سے تھا۔ سانحہ گیاری کے بعد ہونے والا تاریخی آپریشن ہمیشہ عزم وہمت کی بیشاندار مثال رہے گا۔ اس دن کی مناسبت سے ہر سال پاک آرمی اور قوم کی جانب سے گیاری سیکٹر کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے تقریبات منعقد کی جاتی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 12

کمیٹی کا اجلاس آج (اتوار) 30 مارچ کو ہوگا۔ چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد کی سربراہی میں مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس وزارت مذہبی امور اسلام آباد میں ہوگا جبکہ رویت ہلال کی زونل کمیٹیوں کے اجلاس اپنے مقررہ مقامات پر ہوں گے۔ ریسرچ رویت ہلال کونسل کے مطابق اتوار کو غروب آفتاب کے وقت چاند کی عمر 26 گھنٹے سے زائد ہوگی، عیدالفطر پیر 31 مارچ کو ہونے کے قوی امکانات ہیں، غروب شمس وقمر کے درمیان فرق 69 سے 78 منٹ ہوگا۔ کراچی 69 منٹ، جیوانی 71 کوئٹہ اور لاہور میں 74 منٹ فرق ہوگا، گلگت بلتستان میں غروب شمس وقمر میں 78 منٹ کا فرق ہوگا، مطلع صاف ہوا تو عید کا چاند انسانی آنکھ سے دیکھنا ممکن ہوگا۔ دوسری جانب محکمہ موسمیات نے بھی پاکستان میں عیدالفطر 31 مارچ بروز پیر کو ہونے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ چاند کے نظر آنے یا نہ آنے کا حتمی اعلان مرکزی رویت ہلال کمیٹی کی جانب سے کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 13

سالوں کے مقابلے میں کم رہا۔ دکانداروں نے تسلیم کیا ہے کہ خام مال مہنگا ہونے کے باعث ریڈی میڈ گارمنٹس اور جوتوں سمیت دیگر مصنوعات کی قیمتوں میں گزشتہ سالوں کے مقابلے میں اضافہ ہوا جبکہ عوام کی قوت خرید نہ ہونے کی وجہ سے بھی کاروبار کا رجحان کم رہا ہے۔ خریداروں کا کہنا ہے کہ مال روڈ، صدر بازار، نیلم بازار، اچھرہ، کریم بلاک علامہ اقبال ٹاؤن، انارکلی بازار سمیت دیگر مارکیٹوں میں خریداری کے لئے آنے والی خواتین اور مردوں نے بتایا کہ کپڑے اور جوتوں کے معیار میں کوئی فرق نہیں لیکن دکاندار گزشتہ سال والے جوتے کے کم از کم ایک ہزار روپے زیادہ مانگ رہے ہیں جبکہ خواتین اور بچوں کے جوتے اس سے بھی مہنگے فروخت کئے جارہے ہیں۔ اسی طرح مختلف ملبوسات کی قیمتوں میں بھی 1000 سے 1500 تک اضافہ کیا گیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ وہ بجٹ نہ ہونے کی وجہ بمشکل بچوں کے لئے ایک سوٹ اور ایک جوتا خرید رہے ہیں جبکہ اکثر والدین نے بتایا کہ وہ صرف بچوں کی خریداری کے لئے آئے ہیں اور بجٹ نہ ہونے کی وجہ سے وہ اپنے لئے سوٹ اور جوتے نہیں خرید رہے۔

بقیہ بقیہ جات 14

ہوا جس میں عیدالفطر کی چھٹیوں کے دوران پنجاب بھر میں صفائی پلان کا جائزہ لیا گیا، اجلاس کے دوران عید تعطیلات کے دوران متعلقہ میونسپل سٹاف کی چھٹیاں منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس حوالے سے وزیر بلدیات پنجاب کا کہنا ہے کہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنیز اور کنٹریکٹرز صفائی یقینی بنائیں جس کے لیے ہیلپ لائن اور ایپ پر شکایات پر بروقت ایکشن لینا ہوگا کیوں کہ وزیراعلیٰ مریم نواز نے عید کے دنوں میں خصوصی پلان بنانے کا حکم دیا ہے۔ اسی طرح پنجاب وائلڈ لائف کے ڈائریکٹر پراجیکٹ مدثر حسن نے بتایا کہ لاہور سفاری زو، لاہور چڑیا گھر اور دیگر مقامات پر عملے کی چھٹیاں منسوخ کر دی گئی ہیں، عوام کے لیے تیاریوں کا زیادہ تر زور لاہور سفاری پارک پر دیا جارہا ہے، ضروری مرمت اور دیکھ بھال کا کام بڑی حد تک مکمل کرلیا گیا ہے، باقی کام وقت کے ساتھ مکمل کرلیا جائے گا، عید کے دوران سفاری پارک میں وائلڈ لائف سے متعلق آگاہی کے لیے پلے کیا جائے گا جس کے روزانہ چار شوز منعقد کیے جائیں گے، اس دوران دیگر تفریحی سرگرمیاں بھی جاری رہیں گی۔ ان کا کہنا ہے کہ اس بار سفاری پارک میں فوڈ کورٹس بھی کھلی رہیں گی تاکہ آنے والے افراد کھانے پینے سے لطف اندوز ہو سکیں، پارک رات گئے تک کھلا رہے گا، جس کے لیے تمام حفاظتی اقدامات مکمل کیے گئے ہیں تاکہ شہریوں کو عید کے موقع پر محفوظ اور پرسکون تفریح فراہم کی جا سکے، اس سلسلے میں سکیورٹی انتظامات کے لیے پولیس کو باضابطہ طور پر درخواست دے دی ہے، ٹریفک پولیس اور ایمبولینس سروسز کی مدد بھی حاصل کرلی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 15

کا گوشت مزید مہنگا ہونے کا خدشہ، مرغی کا گوشت مزید اضافے کے ساتھ 800 روپے فی کلو سے تجاوز کر گیا، ٹماٹر، سبز مرچ، ادرک، لہسن اور دیگر مصالحہ جات کی قیمتوں میں اضافہ، منافع خور و ذخیرہ اندوز شہریوں کو لوٹنے کیلئے سرگرم، مصنوعی مہنگائی کا جن بے قابو، فیصل آباد سمیت صوبے بھر میں پنجاب حکومت ضلعی سطح پر مصنوعی مہنگائی کو کنٹرول کرنے میں بری طرح ناکام، جبکہ سرکاری ریٹ مرغی کا گوشت 591 روپے فی کلو، گائے کا گوشت 800 روپے بکرے کا گوشت 1600 روپے فی کلو مقرر کیا گیا مگر شہر بھر میں قیمتیں اس کے برعکس گائے کا گوشت 1000 سے 1200 روپے اور بکرے کا گوشت 2000 سے 2200 روپے میں فروخت ہو رہا ہے، پولٹری مافیاء اور قصاب کے سامنے ضلعی انتظامیہ بے بس آن لائن کے مطابق عید سے دو روز قبل ہی برائلر کی قیمت نئی ریکارڈ سطح پر پہنچ گئی، مارکیٹ میں برائلر گوشت کی قیمت 800 روپے فی کلو سے بھی تجاوز کرگئی ہے جبکہ پولٹری مافیاء نے آڑھت منڈی میں گزشتہ روز 40 کلو چکن کی قیمت 19 ہزار 6 سو 80 روپے تھی جبکہ 700 روپے سے زائد اضافے کے ساتھ 40 کلو کی قیمت 20 ہزار 4 سو روپے ہوگئی، جبکہ ضلعی انتظامیہ اپنے ہی جاری ریٹ پر 800 روپے بیف اور 1600 روپے مٹن کی قیمتوں پر عملدرآمد کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہے۔ شہر بھر میں بیف 1200 روپے، مٹن 2200 روپے کلو تک فروخت ہو رہا ہے، قصاب سرکاری ریٹ پر گوشت فروخت کرنے پر تیار نہیں ہیں، شہریوں کے لئے برائلر مرغی کے ساتھ گوشت کھانا مشکل ہوگیا بیکری آئیٹمز سمیت دیگر کھانے پینے کی اشیاء میں آئے روز اضافہ ہو رہا ہے سیب، انار، کیلا اور دیگر پھلوں کی قیمتوں میں اضافہ جاری ہے اسی طرح ٹماٹر، سبز مرچ، ادرک، لہسن اور دیگر مصالحہ جات سمیت دیگر استعمال ہونے والی سبزیوں اور پھلوں کی قیمتیں کم ہونے کی بجائے اضافہ کردیا گیا ہے، سرکاری ریٹ لسٹ پر عملدرآمد نہ ہونے سے عوام کو مہنگائی کا دوہرا بوجھ برداشت کرنا پڑ رہا ہے۔ مصنوعی مہنگائی کے سامنے پنجاب ضلعی انتظامیہ منافع خوروں کو کنٹرول کرنے میں ناکام ہو چکی ہے، منافع خوروں ضلعی انتظامیہ کے احکامات پر عمل نہیں کرتے اس طرح دودھ کی قیمت میں اضافہ ہو رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 16

عالمی ایشو ہے۔ انہوں نے کہا کہ کینالز کے معاملے پر سندھ حکومت سے کھلواڑ کی جارہی ہے۔ انڈس ریور سسٹم میں پانی کی کمی کا مکمل ریکارڈ ہمارے پاس ہے۔ سترہ جنوری دو ہزار چوبیس کو یہ معاملہ ارسا میں گیا تو اس نے اپروول دی۔ جنوری میں پنجاب حکومت نے یہ پروپوزل بنایا تھا۔ پروپوزل میں چولستان کو آباد کرنے کا ذکر تھا۔ دریائے سندھ میں پانی کی کمی ہوئی ہے۔ سندھ کی زمین سوکھ رہی ہے اور پانی سمندر میں جا کر ضائع ہو رہا ہے۔ پنجاب حکومت منصوبہ بندی کے بغیر چھ نہروں کی تجویز لے کر آئی ہے۔ معاملے پر مشترکہ مفادات کونسل سے بھی منظوری نہیں لی گئی۔ انہوں نے کہا انڈس ریور سسٹم میں پانی کی کمی کا مکمل ریکارڈ ہمارے پاس ہے۔ ارسا کے سرٹیفکیٹ کے خلاف ہم سی سی آئی میں گئے ہیں ارسا نے سپلائی سائڈ کو دیکھے بغیر ہی کیس بنایا۔ صدر زرداری کی صدارت میں جو میٹنگ ہوئی۔ میٹنگ میں صدر سے کہا گیا کہ آپ کو اریگیشن پر بریفنگ دیں گے۔ صدر نے کہا ہے اچھی بات ہے آپ صوبوں سے بات کریں انہوں نے کسی کینال کی منظوری نہیں دی بلکہ اس میٹنگ کو بہانہ بنا کر کینالز کی منظوری دی گئی۔ انہوں نے کہا دریاؤں پر رکاوٹیں ڈالنے سے پانی کی قلت ہوئی۔ ایکنک میں چولستان کے نام کے بغیر چھ کینالز کا نام آیا، سندھ کے نمائندے نے منصوبے پر اعتراض کیا۔ ارسا کے منصوبے پر ہم سی سی آئی میں بھی مخالفت کریں گے میں نے ارسا کے سرٹیفکیٹ کو چیلنج کیا کیونکہ یہ سرٹیفکیٹ ہی غلط دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا پنجاب حکومت کے مطابق اپنے حصے کا پانی چولستان میں ڈالا جائے گا۔ کیا پنجاب کے ان کسانوں اور چیف انجینئرز سے پوچھا گیا ہے۔ انہوں نے کہا صدر زرداری نے کھل کر کہا ہے کہ معاملے کو سیاسی رنگ دیا گیا ہے انہوں نے پارلیمنٹ میں کھل کر اس کی وضاحت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کینالز کا معاملہ ہمارے لئے مرنے جینے کا مسئلہ ہے سندھ کے مفاد کے خلاف کوئی منصوبہ نہیں بن سکتا ہمارے پاس اس منصوبے کو روکنے کی طاقت ہے، وہ طاقت ہے کہ پیپلز پارٹی کے بغیر حکومت نہیں چل سکتی ہم سندھ کے تحفظ کے لئے ہر حد تک جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے لڑنے یا بندوق اٹھانے کی بات نہیں کی ہمارے پاس آئینی راستہ ہے۔ ہم حکومت سے سی سی آئی کا اجلاس بلانے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آرمی چیف اور پنجاب منسٹر نے گرین انیشیٹو منصوبے کا افتتاح کیا اس میں کینالز کا کوئی ذکر نہیں۔ انہوں نے کہا کہ کینالز بنانا پورے سندھ کے لئے نقصان دہ ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 17

ایوں کی وصولی روکنے کے لیے مانیٹرنگ کریں۔ مریم نواز نے کہا ہے کہ گھروں کو لوٹنے والے غریب مسافروں کے استحصال کی اجازت نہیں دی جائے گی، زائد کرایہ وصول کرنے والوں کے خلاف فوری قانونی کارروائی کی جائے۔

بقیہ بقیہ جات 18

کہ لبنانی حکومت کو اسرائیل اور حزب اللہ کے درمیان سرحد کے اطراف میں جنگ بندی کے معاہدے پر عمل درآمد کرانا چاہیے ورنہ اسرائیل حملے جاری رکھے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انہوں نے کہا کہ لبنانی حکومت کو ایک واضح پیغام بھیجتا ہوں اگر آپ جنگ بندی کے معاہدے پر عمل درآمد نہیں کرتے ہیں تو ہم اس پر عمل درآمد کریں گے۔ انہوں نے یہ دھمکی اسرائیلی طیاروں کی بیروت میں متعدد اہداف پر بمباری کے بعد دی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 19

فرانسیسی صدر عمانوئیل میکرون نے لبنان کی خودمختاری کی مکمل حمایت کا اعادہ کیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اپنے لبنانی ہم منصب کے ساتھ مشترکہ کانفرنس کے دوران انہوں نے زور دے کر کہا کہ بیروت پر اسرائیلی حملے ناقابل قبول ہیں اور یہ جنگ بندی معاہدے کی خلاف ورزی ہے جو گزشتہ نومبر میں نافذ ہوا تھا۔ انہوں نے حزب اللہ کو غیر مسلح کرنے کے مطالبے کے ساتھ تمام فریقوں پر لبنان اور اسرائیل کے درمیان جنگ بندی معاہدے کے احترام پر زور دیا۔ فرانسیسی صدر نے اسرائیلی فوج سے جنوبی لبنان سے ان پانچ اہم چوکیوں سے انخلا کا مطالبہ کیا جہاں وہ جنگ بندی معاہدے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے تعینات ہے۔ صدر میکروں نے وضاحت کی کہ ان کا ملک جنگ بندی کے نفاذ کو یقینی بنانے کے لیے امریکہ اور اقوام متحدہ کے ساتھ مل کر کام کرے گا۔ فرانسیسی صدر نے حزب اللہ کے تخفیف اسلحہ کے حوالے سے ہونے والی پیش رفت کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیلی حملوں کا الٹا اثر ہوگا اور اس سے جنوب میں حزب اللہ کے اقدامات کو جواز ملے گا۔

بقیہ بقیہ جات 20

پنجاب'' کے قیام کا اعلان کردیا۔ کونسل میں مسلم، سکھ، ہندو اور خواتین ممبرز شامل ہیں۔ صوبائی وزیر اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ کو اس کونسل کا چیئرمین مقرر کیا گیا ہے جبکہ سینئر سیاسی رہنما کامران بھٹی کو نائب چیئرمین اور عاقب عالم کو کنوینر منتخب کیا گیا ہے۔ کونسل کی مدت تین سال ہوگی، تاہم حکومت کو اسے قبل از وقت تحلیل کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ پنجاب کے وزیراعلیٰ کو کسی بھی رکن، بشمول چیئرمین، نائب چیئرمین یا کنوینر کو معطل یا برطرف کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ پنجاب کے وزیر برائے اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ کا اس حوالے سے کہنا تھا کہ یہ کونسل حکومت کو اقلیتی برادریوں کے مسائل حل کرنے اور ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے مشورے دے گی۔ کونسل ترقیاتی منصوبوں کی تجویز بھی کرے گی تاکہ اقلیتی برادریوں کی معیار زندگی کو بہتر بنایا جاسکے۔ اہم بات یہ ہے کہ مینارٹی ایڈوائزری کونسل پنجاب کے تمام ارکان بشمول چیئرمین، نائب چیئرمین اور کنوینر کو کسی بھی مالی معاوضہ کی ادائیگی نہیں کی جائے گی۔ رمیش سنگھ نے یقین دہانی کرائی کہ پنجاب حکومت اقلیتی برادریوں کی حمایت کے لیے پرعزم ہے اور مینارٹی ایڈوائزری کونسل پنجاب ان کے حقوق کے تحفظ اور شکایات کے حل میں اہم کردار ادا کرے گی۔

بقیہ بقیہ جات 21

ملی انٹیلی جنس سروس (موساد) کو ایسے ممالک کی تلاش کا کام سونپ دیا ہے جو غزہ کی پٹی سے بڑی تعداد میں بے گھر فلسطینیوں کو وصول کرنے پر رضامند ہوں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی حکام اور ایک سابق امریکی عہدیدار نے بتایا کہ صومالیہ اور جنوبی سوڈان کے ساتھ ساتھ انڈونیشیا سمیت دیگر ممالک کے ساتھ بات چیت ہوچکی ہے۔ ادھر اسرائیلی حکام نے کہا کہ نیتن یاہو نے کئی ہفتے قبل موساد کو یہ خفیہ مشن سونپا تھا۔ یاد رہے غزہ کی 90 فیصد آبادی بے گھر ہو چکی ہے۔ اسرائیل دوسرے اقدامات کے علاوہ جنگ کے دوبارہ شروع ہونے اور پٹی کے کچھ حصوں سے فلسطینیوں کے انخلا کے احکامات کے اجرا کے ساتھ غزہ سے فلسطینیوں کے انخلا کی حوصلہ افزائی کے لیے یہ قدم اٹھا رہا ہے۔ نیتن یاہو اور دیگر سینئر اسرائیلی عہدیداروں نے وعدہ کیا کہ اگر حماس نے باقی یرغمالیوں کو رہا کرنے سے انکار کیا تو وہ غزہ کے مزید علاقے پر قبضہ کرلیں گے۔ اسرائیلی حکام نے غزہ پر بڑے پیمانے پر زمینی حملے پر تبادلہ خیال بھی کیا۔ تاہم ابھی تک اس کا حکم نہیں دیا ہے۔ اس بات چیت میں غزہ کی پٹی کی زیادہ تر آبادی کو پٹی کے جنوب میں ایک چھوٹے سے انسانی ہمدردی کے زون میں جانے پر مجبور کرنا شامل ہے۔

بقیہ بقیہ جات 22

کے جنوبی مضافات میں حزب اللہ کے اہداف پر حملے شروع کرنے کے بعد مشرق وسطی کے لیے امریکی نائب ایلچی مورگن اورٹاگس نے کہا ہے کہ لبنانی حکومت کو اسرائیل پر میزائل داغنے والے گروپوں سے چھٹکارا حاصل کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل کو جواب دینے کا حق حاصل ہے۔ امریکی نائب ایلچی نے عرب ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے یہ بھی کہا کہ واشنگٹن جنگ نہیں چاہتا بلکہ یہ چاہتا ہے کہ لبنان اور اسرائیل کے درمیان جنگ بندی جاری رہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ لبنان میں جنگ بندی جاری رہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ لبنان کی طرف سے اسرائیل پر میزائل داغنا جنگ بندی معاہدے کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ یہ نہیں کہا جاسکتا کہ اسرائیل لبنان کے ساتھ جنگ بندی کی خلاف ورزی کر رہا ہے۔ امریکی مندوب نے کہا کہ واشنگٹن لبنانی فوج کی حمایت کرتا ہے لیکن جو کچھ لبنان کر رہا ہے وہ کافی نہیں ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ لبنانی حکومت ہر چیز کو کنٹرول کرنے کے قابل نہیں ہے۔ لبنان کو اسرائیل پر الزام تراشی کے بجائے اپنی ذمہ داریاں نبھانی چاہئیں۔ اورٹاگس نے مزید کہا کہ ہم لبنان کا غزہ سے موازنہ نہیں کرسکتے۔ ایران اور حزب اللہ نے لبنان کو جنگ میں گھسیٹا ہے۔ امریکی ایلچی نے کہا کہ اسرائیل نے نیک نیتی کے اظہار کے طور پر قیدیوں کو لبنان کے حوالے کیا۔ اورٹاگس نے یہ بھی کہا کہ لبنانی صدر سفارتی مذاکرات کی حمایت کرتے ہیں۔ یہ وقت اسرائیل اور لبنان کے درمیان سفارت کاری کا ہے۔ ٹرمپ لبنان کے وفادار دوست ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ امریکہ حزب اللہ کو مکمل طور پر غیر مسلح کرنے کی ضرورت پر زور دیتا ہے۔ ہم اپنی پوری طاقت سے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کام کر رہے ہیں کہ حزب اللہ کو مسلح ہونے سے روکا جائے۔ اورٹاگس نے کہا کہ لبنان کے پانچ مقامات سے اسرائیل کا انخلا مذاکرات کے ذریعے ہونا چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 23

شروع، ا؟ جین، مدھیہ پردیش میں 250 سے زائد مکانات، دکانیں اور تاریخی مسجد مسمار، 2.1 ہیکٹر زمین کلیئر ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بی جے پی حکومت کا مدھیہ پردیش میں تاریخی تکیہ مسجد شہید کرکے مندر کی توسیع کا منصوبہ بھی بے نقاب ہوگیا، 1985 کے ریکارڈ کے مطابق ا؟ جین میں مسجد کی زمین وقف ملکیت تھی، بی جے پی حکومت نے زبردستی ہتھیا لی، مسلمان وکلا کے مطابق بی جے پی کا ا؟ جین میں زمین پر قبضہ وقف ایکٹ کی صریح خلاف ورزی ہے، بی جے پی رہنما شاور پٹیل نے تسلیم کیا کہ ریاست میں 90 فیصد سے زائد وقف املاک یا تو قبضے میں ہیں یا عدالتوں میں زیر سماعت ہے، بھارتی پارلیمنٹ میں رواں ہفتے وقف ایکٹ میں ترامیم پر بحث، وقف بورڈز کے اختیارات محدود ہونے کا خدشہ ہے، گزشتہ ماہ مودی کابینہ نے وقف ترمیمی بل 2024 کی منظوری دی، جس میں 14 ترامیم شامل ہیں، متنازع ترامیم میں غیر مسلموں کی بطور وقف بورڈ رکن تقرری اور وقف قرار دی گئی، جائیدادوں کی ضلعی انتظامیہ میں لازمی رجسٹریشن شامل ہیں، اپوزیشن رہنماؤں کے مطابق غیر مسلموں کی وقف بورڈ میں شمولیت مسلمانوں کے مذہبی امور میں مداخلت ہے، 2021 میں بی جے پی کے حمایتی این جی او نے بھوپال میں مسلم قبرستان پر قبضہ کرکے کمیونٹی ہال بنانے کا اعلان کیا، مدھیہ پردیش میں پولیس ہیڈکوارٹر، کنٹرول روم اور ٹریفک پولیس اسٹیشن وقف کی زمین پر غیر قانونی طور پر تعمیر کیا گیا، مسلمانوں کی تاریخی جائیدادوں پر قبضہ بھارت میں اقلیتوں کے حقوق پر کھلا حملہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 24

اس کے لیے خطرہ ہو۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایک بیان میں نیتن یاہو نے مزید کہا کہ جو لوگ لبنان کی نئی صورتحال کو نہیں سمجھتے تھے، انہیں آج ہمارے عزم کی ایک اور مثال مل گئی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ مساوات بدل گئی ہے اور ہم اپنی بستیوں پر حملے کی اجازت نہیں دیں گے۔ ہم لبنان میں جنگ بندی کو زبردستی نافذ کرنا جاری رکھیں گے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ اسرائیل اس بات کو یقینی بنانا جاری رکھے گا کہ شمال میں ہمارے تمام باشندے بحفاظت اپنے گھروں کو لوٹ جائیں۔

بقیہ بقیہ جات 25

چیلنجز کا سامنا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق شامی صدر نے شام کے ایوان صدر سے شائع ہونے والے ایک بیان میں مزید کہا کہ اسرائیل کی اپنے علاقوں میں موجودگی علاقائی امن و سلامتی کے لیے مسلسل خطرے کی نمائندگی کرتی ہے۔

نوزائیدہ بچوں کی صحت کے مسائل

اقصیٰ ناز ایڈووکیٹ

صحت مند اور تندرست بچہ کسی مشکل اور محنت کے بغیر آسانی سے سانس لیتا ہے۔ اسے ہر 2 سے 4 گھنٹوں کے بعد دودھ پینا چاہیے اور جب بھوکا ہو یا گیلا ہوجائے تو اسے خود جاگنا چاہیے۔ اس کے جسم کی کھال صاف ہونی چاہیے یا کچھ سرخی مائل ہونی چاہیے یا جسم پر خارش کے ہلکے سے نشان ہوں جو چند روز میں صاف ہوجاتے ہیں جس بچے میں یہ سب علامتیں نہ ہوں، وہ مشکل میں ہوسکتا ہے اور اسے جلد مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔ نوزائیدہ بچے میں انفیکشن کا ہونا نہایت خطرناک ہے اور اس کے علاج کے لیے اسے فوری طور پر اینٹی بائیوٹکس دوائیں دینی چاہئیں۔ اس بات کا لحاظ رکھتے ہوئے کہ آپ کسی صحت مرکز سے کتنی دور ہیں اور آپ کے پاس کون سی دوائیں ہیں، آپ کو فوراً طبی مدد حاصل کرنی چاہیے یا بچے کا علاج خود شروع کردینا چاہیے، خواہ آپ ہسپتال یا صحت مرکز جانے کے لیے راستے میں ہوں۔

خطرے کی علامات

تیز سانس: سوتے ہوئے یا آرام کی حالت میں ایک منٹ میں 60 سے زیادہ مرتبہ سانس لینا، سینہ اندر دھنسنا نتھنے پھیلنا، سانس لینے کے لیے زور لگانا سوتے ہوئے یا آرام کی حالت میں سانس لیتے وقت سینہ اندر دھنستا ہے۔ خرخراہٹ کی آواز، سانس لینے میں محنت کرنے سے نتھنے پھیل جاتے ہیں۔ شدید دَدوڑے، جسم پر بہت زیادہ دانوں یا چھالوں کے ساتھ دَدوڑے (معمولی دَدوڑے عام بات ہے)۔ ان میں سے کسی بھی علامت کے نظر آنے کا مطلب ہے کہ بچے کو انفیکشن ہے۔ اگر بچے میں ایک سے زیادہ علامات نظر آئیں تو اس کا مطلب ہے اسے زیادہ خطرہ لاحق ہے اور فوری طور پر اینٹی بائیوٹکس دواؤں کی ضرورت ہے۔ اگر بچے میں صرف ایک علامت پائی جائے لیکن اس کی حالت جلد بہتر نہیں ہورہی تو اسے علاج کی ضرورت ہے۔ اگر ماں کو زچگی کے دردوں کے وقت بخار رہا ہو تو بچے میں خطرے کی اضافی علامتوں کو غور سے دیکھنا چاہیے۔ اسی طرح وہ بچہ جس نے پیدائش سے پہلے یوٹرس میں پاخانہ کردیا ہو، زچگی کے وقت اس پاخانے کا کچھ حصہ اس کی سانس کے ساتھ اندر جاسکتا ہے (بچے کے پاخانے میں پانی کے ساتھ بھورے یا ہرے رنگ کا سخت مواد خارج ہوتا ہے یا پیدائش کے وقت بچے کی جلد زرد نظر آتی ہے)۔ اس خرابی کی وجہ سے شروع کے چند روز میں بچے کو انفیکشن ہوسکتا ہے اس لیے ان بچوں میں خطرے کی پہلی علامت دکھائی دیتے ہی ان کے فوری علاج کی تیاری کریں۔ بچے کو فوراً ایمپی سیلین اور جینٹا مائی سین کا انجکشن لگائیں اور 5 دن تک علاج مسلسل جاری رکھیں۔ دوا کی بالکل صحیح مقدار کا تعین بچے کے وزن کے مطابق کیا جاتا ہے۔ دو روز میں بچے کی حالت بہتر ہونی شروع ہوجانی چاہیے۔ اگر اس کی حالت بہتر نہ ہورہی ہو تو اس کی زندگی بچانے کے لیے دوسری اینٹی بائیوٹکس کی ضرورت ہوگی۔ فوراً طبی مدد حاصل کریں۔ کچھ بچے دوسرے بچوں کے مقابلے میں زیادہ روتے ہیں۔ جو بچہ زیادہ روتا ہے اور اس کی صحت کی دیگر علامات درست ہیں تو عام طور پر وہ ٹھیک ٹھاک ہوتا ہے۔ دیکھیں کہ جب وہ رو نہیں رہا تو کیا وہ معمول کے مطابق سانس لیتا ہے۔ بچے کا تقریباً مستقل روتے رہنا، جورات کے وقت زیادہ شدید ہوجاتا ہے، پیٹ کے درد کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اسے تین مہینوں میں ٹھیک ہوجانا چاہیے۔ یہ کیفیت بچے سے زیادہ گھر والوں کے لیے پریشانی کا باعث ہوتی ہے۔ ایسے بچے کی ماں کے ساتھ مہربانی کا رویہ اپنائیں اور خیال رکھیں کہ ماں کو وہ آرام اور مدد مل رہی ہے جس کی اسے ضرورت ہے۔ جو بچہ دن کے اکثر اوقات میں روتا رہے، کچھ نہ کھائے، اسے بخار ہو یا سانس لینے میں مشکل ہورہی ہو تو سوچیں کہ کہیں اسے انفیکشن تو نہیں ہے۔ ننھے بچے دودھ نکالتے ہیں۔ بعض مرتبہ اس کی مقدار زیادہ ہوتی ہے اور یہ ان کے منہ اور ناک سے باہر آتا ہے۔ اگر بچہ باقاعدگی سے دودھ پی رہا ہے اور اس کا وزن بڑھ رہا ہے تو دودھ نکالنا کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ جب بچہ دودھ پی چکے تو اسے ہاتھوں یا گود میں سیدھا رکھنے کی کوشش کریں۔ اگر الٹی یا قے کرتے وقت بچہ زور لگا رہا ہے اور منہ سے دودھ کے بجائے مواد خارج ہورہا ہے تو یہ الٹی یا قے ہے۔ جب بچہ دودھ پی چکے تو اسے اپنے کاندھے سے لگا کر یا دونوں گھٹنوں پر لٹا کر اس کی پیٹھ تھپتھپائیں۔ اس طریقے سے وہ ہوا خارج ہوجائے گی جو دودھ پیتے وقت اس کے جسم میں چلی گئی ہے۔

خطرے کی علامات

بار بار الٹی اور قے کرنا اور معدے میں کسی چیز کا زیادہ دیر نہ رکنا، خون کی قے، جسم میں پانی کی کمی کی علامات، جسم میں پانی کی کمی (ڈی ہائیڈریشن)، بچے آسانی سے جسم میں پانی کی شدید کمی کا شکار ہوسکتے ہیں اور بچوں کے جسم میں پانی کی کمی ان کے لیے خطرے کا باعث ہوتی ہے۔

اسباب

دستوں کی بیماری، الٹیاں اور قے، ہر 2 سے 4 گھنٹوں بعد دودھ پینے میں کمی، ماں کے دودھ کے سوا کوئی اور چیز کھانا یا، پینا (مثلاً ڈبے کا دودھ، پورچ یا پانی) گرم پانی پینا

علامات

پیشاب کا کم آنا، گہرا یا تیز بو والا پیشاب کرنا، منہ اور زبان کا خشک ہونا، آنکھوں کی چمک اور جلد کی تازگی میں کمی۔ لیکن کوئی بھی بچہ جسم میں پانی کی کمی کا شکار ہوسکتا ہے۔ اگر جسم میں پانی کی کمی بہت شدید ہوجائے تو بچے کی آنکھیں دھنس سکتی ہیں، سر کے اوپر کا حصہ نرم ہوکر اندر دھنس جاتا ہے، وزن کم ہوجاتا ہے اور بچہ آواز یا حرکت پر توجہ نہیں دیتا۔

علاج

جسم میں پانی کی کمی کی پہلی علامت نظر آتے ہی یا اگر بچے کو دست آرہے ہوں یا وہ بار بار الٹی کر رہا ہو تو اسے زیادہ مرتبہ اور ہر بار اس وقت تک دودھ پلائیں جب تک وہ پیتا رہے۔ کم از کم ہر دو گھنٹے بعد دودھ پلانے کے لیے بچے کو جگائیں، آپ بچے کو نمکول بھی دے سکتی ہیں (شکر، ذرا سے نمک اور پانی کا مشروب جسے آسانی سے تیار کیا جاسکتا ہے۔ اپنا دودھ پلانے کے بعد بچے کو نمکول پلائیں۔ بہت ہی کم ایسا ہوتا ہے کہ ماں بچے کو زیادہ سے زیادہ دودھ پلانا چاہتی ہے لیکن اس کی چھاتیوں میں دودھ نہیں بنتا۔ دیکھیں یہاں اگر جسم میں پانی کی کمی کے شکار بچے کی حالت چند گھنٹوں میں بہتر ہوتی نظر نہ آئے تو بچے کے جسم میں مائع پہنچانے کے لیے فوراً طبی مدد حاصل کریں۔

دَدوڑے

نوزائیدہ بچوں کے جسم پر ددوڑے یا دھبے ہوسکتے ہیں یا جلد کا رنگ کچھ مختلف ہوسکتا ہے۔ عام طور پر یہ سب علامتیں نقصان نہیں پہنچاتیں اور چند روز میں خود ختم ہوجاتی ہیں۔ اگر پیشاب یا پاخانے کی وجہ سے بچے کا جسم دیر تک گیلا رہے تو کولہوں پر خارش یا ددوڑوں کے نشان ہوجاتے ہیں۔ اس لیے ہر مرتبہ پیشاب یا پاخانہ کرنے پر بچے کا جسم اچھی طرح صاف اور خشک کریں۔ گیلے پوتڑے تبدیل کریں۔ اگر بچہ بڑا ہو اور موسم گرم ہو تو بچے کو پوتڑا نہ پہنائیں اور کچھ دیر یونہی رہنے دیں۔ زنک آکسائیڈ کی کریم سے دَدوڑوں کا علاج کرنے میں مدد ملتی ہے۔ اگر چند روز میں ٹھیک نہ ہوں تو یہ خمیری انفیکشن ہوسکتا ہے۔ اس کے لیے نسٹاٹن کریم استعمال کریں (دیکھیں نسٹاٹن)۔ اگر بچے کے جسم پر چھالے یا بہت سے دانے ہوں اور بچہ بیمار نظر آرہا ہو یا اسے بخار ہو تو اسے انفیکشن ہوسکتا ہے۔ اگر یہ جلد ٹھیک نہ ہوں یا انفیکشن کی کوئی علامت بگڑتی نظر آئے تو یہاں پر دی گئی اینٹی بائیوٹکس دواؤں کی فہرست کے مطابق دوا دیں۔

پیلیا، جوائنڈیس

اگر بچے کی جلد اور آنکھیں پیلی نظر آئیں تو اسے پیلیا یا جوائنڈیس کہتے ہیں۔ بچے کا رنگ گہرا ہو تو اس کی آنکھیں دیکھیں۔ پیدائش کے بعد دوسرے دن سے پانچویں دن کے درمیان ہونے والا پیلیا خطرناک نہیں ہے۔ اس کا بہترین علاج بچے کو زیادہ سے زیادہ ماں کا دودھ پلانا ہے۔ اس سے بچے کے جسم سے وہ کیمیائی مواد خارج ہونے میں مدد ملتی ہے جو اس کے رنگ کو پیلا بنا رہا ہے۔ بچے کو ہر دو گھنٹے بعد جگا کر دودھ پلائیں۔ سورج کی روشنی بھی علاج میں مدد کرتی ہے۔ بچے کو ننگے جسم کے ساتھ 15 منٹ تک دھوپ میں رکھیں اور یہ عمل دن میں چند مرتبہ دہرائیں۔

خطرے کی علامات

پیلیا پیدائش کے بعد پہلے 24 گھنٹوں کے اندر لاحق ہوجائے، پیلیا بعد میں شروع ہو لیکن پورے جسم پر اس کے اثرات نمایاں ہوں، پیلیا کا مریض بچہ بہت زیادہ سوتا ہے اور دودھ پینے کے لیے بھی نہیں جاگتا۔ ان علامتوں میں سے کسی کے بھی نظر آنے پر طبی مدد حاصل کریں۔

آنکھیں

وہ چھوٹا سا سوراخ جس کے راستے آنسو اور روغنی مادہ نکلتا ہے اور آنکھوں کو نم رکھتا ہے بند ہوسکتا ہے اور آنکھوں کے اندر کے حصے میں اس طرح مواد جمع ہوجاتا ہے۔ نرم کپڑے کو ہلکے گرم پانی سے بھگو کر آنکھ صاف کریں۔ ہر آنکھ کے لیے الگ کپڑا استعمال کریں۔ اس احتیاط کی وجہ سے اگر ایک آنکھ میں انفیکشن ہوگا تو وہ دوسری آنکھ کو نہیں لگے گا۔ اگر پیدائش کے 5 دن بعد بچے کی آنکھ کے پپوٹے سوجے ہوں اور ان میں سرخ پیپ سی دکھائی دے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ بچے کی آنکھیں سوزاک یا کلے مائی ڈیا کے انفیکشن سے متاثر ہیں۔ بچے کو منہ کے ذریعے ایریتھرو مائی سین کی خوراک دیں۔ دوا کو پیس کر دودھ میں ملائیں اور بچے کو پلائیں۔ ماں اور باپ کا بھی سوزاک اور کلے مائی ڈیا کا علاج ہونا چاہیے۔ اگر آنکھ کا انفیکشن ایک سے دو دن میں ٹھیک نہ ہوتو بچے کو اندھا ہونے سے بچانے کے لیے آپ کو کسی اور اینٹی بائیوٹکس کی ضرورت ہوگی۔ فوراً طبی مدد حاصل کریں۔

نرم جگہ

سر کے درمیان نرم حصہ (تالو) سپاٹ ہونا چاہیے۔ اندر دھنسا ہوا یا سوجا ہوا تالو دونوں شدید خطرے کی علامتیں ہیں۔ دھنسا ہوا تالو جسم میں پانی کی کمی کی علامت ہے۔ بچے کو ماں کا دودھ زیادہ پلائیں اور نمکول بھی دیں۔ سوجا ہوا تالو گردن توڑ بخار کی علامت ہے۔

میاں فیاض
چیف ایڈیٹر

مہر شان الٰہی
بیورو چیف قصور

محمد اکرام اعوان
انچارج نمائندگان

Eid-ul-Fitar Mubarak

بیورو چیف قصور مہر شان الٰہی کی جانب سے اہل وطن کو عید الفطر کے پر مسرت موقع پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد۔

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
ایڈیٹر
امداداللہ قریشی

Happy Eid-ul-Fitar 2025

پنجاب رنگ TV

روزنامہ قوت لاہور
میاں محمد فیاض

سرپرست اعلیٰ
حاجی گلزار

عید مبارک

Eid Mubarak

نویدہ بخاری
سٹی بیورو چیف گوجرانوالہ

ڈاکٹر شہباز نجم

رانا ظفر اقبال
چیئرمین پنجاب رنگ ٹی وی
ڈویژنل بیورو چیف روزنامہ قوت
0322 5576788

0333-8604509
تحریر و ترتیب **خواجہ عامر جاوید** روزنامہ قوت
ڈسٹرکٹ بیورو چیف سیالکوٹ
اشاعت خاص **عیدالفطر**

Adeel khan
Usman Butt
Asif Khan
Kh.Amir

محمد خالد وسیم
کنوینئیر اتحاد گروپ ایڈووکیٹ

اہل اسلام کو عید الفطر کی خوشیاں مبارک

SIALKOT

سید ایوب بخاری
ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سیالکوٹ

اہل اسلام کو عید الفطر کی خوشیاں مبارک

محمد اقبال سنگھیڑا
ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ریوینیو سیالکوٹ



عیدالفطر کے موقع پر مستحقین کو خوشیوں میں یاد رکھیں۔

سید تجمل حسین نقوی
ایکسائیز نارکوٹیکس اینڈ ٹیکسیشن آفیسر سیالکوٹ



معروف بزنس مین **ملک وحید احمد** دیرینہ مسلم لیگی

اہل اسلام کو عید الفطر کی خوشیاں مبارک

Waseem Electronics

Our Great Leader

شمس عمران برانچ مینیجر وسیم الیکٹرانکس اگوکی

ایکسئین ضلع کونسل سیالکوٹ

انجینئیر صائم چوہدری

عمیر محمود
انسپکٹر پی اینڈ ڈی
ڈسٹرکٹ سیالکوٹ